طلبہ میں عربی ادب کا ذوق پیدا کرنے والی علم و ادب
کی مشہور کتاب مفتاح العربیہ کی بہترین شرح

مشکوٰۃ العربیہ

شرح

مفتاح العربیہ

(مکمل تین حصے)

مصنف
حضرت علامہ و مولانا
توفیق احمد صاحب نعیمی

شارح
محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بریلی شریف

مصباحی لائبریری
مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طلبہ کے اندر عربی زبان وادب کا ذوق پیدا کرنے والی علم ادب کی مشہور کتاب مفتاح العربیہ کی بہترین شرح

بنام

مشکوٰۃ العربیہ

شرح

مفتاح العربیہ

اول، دوم سوم مکمل

مصنف

حضرت علامہ مولانا توفیق احمد صاحب نعیمی

شارح

محمد گل ریز رضا مصباحی

مدناپوری، بہیڑی، بریلی شریف

ناشر

مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی

نام کتاب	:	مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول
مصنف	:	حضرت علامہ مولانا محمد توفیق احمد نعیمی شیش گڑھ
مترجم	:	مفتی محمد گل ریز مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف
تقریظ	:	حضرت مولانا شہباز احمد مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ
نظر ثانی	:	مولانا ظہیر الدین مصباحی مہراج گنج، مولانا طاہر مصباحی اے پی
کمپوزنگ	:	کمال احمد، سعادت علی مرادآباد
سال اشاعت	:	2021ء
صفحات	:	93
ناشر	:	مصباحی لائبریری مدناپور، بہیڑی بریلی شریف
تعداد	:	گیارہ سو
رابطہ نمبر	:	8057889427

ملنے کے پتے

- قادری بکڈپو، نومحلہ مسجد بریلی شریف
- مکتبہ نعیمیہ جامعہ نعیمیہ دیوان بازار مرادآباد
- مکتبہ نعیمیہ ۴۲۳ مٹیا محل جامع مسجد دہلی
- مجلس اسلامی بلاسپور بس اسٹینڈ شیش گڑھ بریلی یوپی
- مکتبہ رحمانیہ درگاہ اعلیٰ حضرت محلہ سوداگران بریلی

فہرست مضامین

شرف انتساب 8
تھدیہ 9
پیش لفظ 10
تقریظ جلیل 12
کچھ مفید اصطلاحات 14
درس(۱)مفردات 21
درس(۲) 21
درس(۳) 23
درس(۴) 24
درس(۵) 26
درس(۶) 27
درس(۷) 29
درس(۸) 30
درس(۹) 32
درس(۱۰) 34
درس(۱۱) تمرینی 36
درس(۱۲) 38
درس(۱۳) 40
درس(۱۴)تمرینی 42
درس(۱۵) 45
درس(۱۶) 47
درس(۱۷) 49
درس(۱۸) 51
درس(۱۹) 53

درس(۲۰) 55
درس(۲۱) 57
درس(۲۲) 59
درس(۲۳) 62
درس(۲۴)تمر ینی 64
درس(۲۵) 67
درس(۲۶)تمرینی 69
درس(۲۷) 71
درس(۲۸) 73
درس(۲۹)تمرینی 75
درس(۳۰) 78
مشکوٰۃ العربیہ دوم 93
پیش لفظ 95
تقریظ جلیل 97
درس(۱)مبتدا/خبر 100
درس(۲)جمع عاقل (الف) 103
درس(۳)واحد اسماے اشارہ 105
درس(۴)جمع غیر عاقل 107
درس (۵) 109
درس(۶)ضمائر مرفوعہ (واحد غائب) 113
درس(۷) 116
درس(۸) 118
درس(۹) 120
درس(۱۰) 123
درس(۱۱) 126

درس(۱۲) 129
درس(۱۳) 132
درس(۱۴) 135
درس(۱۵)تمرینی 138
درس(۱۶) 141
درس(۱۷)تمرینی 144
درس(۱۸) 146
درس(۱۹) 149
درس(۲۰)تمرینی 153
درس(۲۱)تمرینی 155
درس(۲۲) 158
درس(۲۳)اسمائے اشارہ(جمع) 161
درس (۲۴) 163
درس(۲۵) 166
درس (۲۶)تمرینی 168
درس (۲۷) 171
درس(۲۸) 172
درس (۲۹) 173

مشکوٰۃ العربیہ سوم 192
درس(۱) 194
درس(۲)(فعل مضارع(واحد مذکر غائب) 196
درس(۳) مضارع(واحد مؤنث غائب) 201
درس(۴) مضارع(واحد غائب مذکر و مؤنث) 204

درس(۵) جمع غیر عاقل، فاعل/مبتدا	207
درس(۶) مضارع (جمع غائب مذکر و مؤنث)	210
درس(۷) اعداد ترتیبی (وصفی)	212
درس(۸) مضارع (واحد حاضر و متکلّم)	215
درس(۹) مضارع (جمع) حاضر و متکلّم	219
درس(۱۰) مضارع کی مختلف صورتیں	222
درس(۱۱) تثنیہ (اسم)	226
درس(۱۲) جمع مذکر سالم	228
درس(۱۳) جمع مؤنث سالم	232
درس(۱۴) فعل مجہول	235
درس(۱۵) امر حاضر مذکر (واحد و جمع)	237
درس(۱۶) امر حاضر مؤنث	240
درس(۱۷) حاضر مذکر (واحد و جمع)	243
درس(۱۸) نہی حاضر مؤنث (واحد و جمع)	245
درس(۱۹)	249
درس(۲۰) افعال معتل فا واوی از ثلاثی مجرد	252
درس(۲۱) امر و نہی (شروع میں واؤ والے تین حرفی)	255
درس(۲۲) ماضی کے صیغے (بیچ میں واؤ / یا والے تین حرفی	257
درس(۲۳) مضارع کے صیغے (بیچ میں واؤ/ یا والے	263
درس(۲۴) امر و نہی کے صیغے (بیچ میں واؤ/یا والے)	266
درس(۲۵)	270
درس(۲۶)	272
درس(۲۷)	274
درس(۲۸)	276
درس(۲۹)	277

تمرین (۱) 279
تمرین (۲) 280
تمرین (۳) 283
تعارف مترجم ایک نظر میں 286

شرف انتساب

میں اپنی اس کاوش کو خلاصۂ کائنات رحمت عالم حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفی ﷺ کی بارگاہ میں نذر کرتے ہوئے:

صحابۂ کرام، تابعین عظام اور تبع تابعین کرام۔ مذاہب اربعہ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی سلف وصالحین ۔اسلام کی حقیقی تعلیمات سے امت کو روشناس کرانے والے مجددین اسلام۔ سلاسل اربعہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ کے مشائخ عظام۔ محدثین خانوادۂ ولی اللہ، علماے فرنگی محل ،بزرگان کچھوچھہ مقدسہ ،سادات مارہرہ مطہرہ ،اکابر بریلی ومشائخ بدایوں۔ بالخصوص شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، بحرالعلوم علامہ عبدالعلی فرنگی محلی، تارک سلطنت سید اشرف جہاں سمنانی، شاہ برکت اللہ عشقی مارہروی، اعلی حضرت امام احمد رضا خاں محقق بریلوی اور معین الحق علامہ فضل رسول قادری بدایونی۔ اعلی حضرت علی حسین اشرفی میاں کچھوچھوی ،صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی، مفتیٔ اعظم ہند شاہ مصطفی رضا خاں بریلوی ،ملک العلما علامہ ظفر الدین بہاری، سید العلما شاہ آل مصطفی مارہروی، احسن العلما سید مصطفی حیدر حسن مارہروی ،محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی اور مجاہد ملت علامہ حبیب الرحمٰن قادری عباسی۔ جلالۃ العلم حافظ ملت حضرت علامہ شاہ عبد العزیز محدث مرادآبادی، نائب حافظ ملت حضرت علامہ عبد الرؤف بلیاوی ،شارح بخاری حضرت مفتی شریف الحق امجدی ، ورئیس القلم حضرت علامہ ارشد القادری اور بحر العلوم حضرت مفتی عبد المنان اعظمی ۔کے افکار ونظریات اور مسلک حق وصداقت کا ترجمان...

الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کے نام
منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔
محمد گل ریز رضا مصباحی مدنا پوری،
بہیڑی، بریلی شریف یوپی

تھدیہ

والدین کریمین کے نام

جنھوں نے مجھے تعلیم وتربیت سے آراستہ کرنے کی خاطر مدارس اسلامیہ کے حوالے کیا، قدم قدم پر میری رہنمائی کی اور دعاؤں سے نوازتے رہے۔

محمد گل ریز مصباحی، مدناپوری
بریلی شریف (یوپی)

نوٹ: اگر اس کتاب میں کسی طرح کی کوئی غلطی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ ہمیں مطلع کریں، ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے گی۔

نوٹ: **مفتاح العربیہ مکمل تین حصوں** کا ترجمہ کرتے وقت قادری کتاب گھر بریلی شریف کی مطبوعہ کتاب کا جدید ایڈیشن پیش نظر رکھا گیا ہے۔

پیش لفظ

دین اسلام کا اہم ماخذ قرآن کریم اور حدیث پاک ہے، قرآن کریم کی تفسیر اور اس سے ماخوذ و مستنبط عقائد واحکام احادیث کریمہ کی شرحیں وغیرہ عربی زبان میں ہیں اور عربی زبان سے ناواقف لوگ اس اہم ماخذ سے اخذ و استفادہ کیسے کریں یہ ایک اہم مسئلہ تھا اس دشواری کو زائل کرنے اور اس اہم ماخذ سے اخذ و استفادہ کو آسان کرنے کے لیے گوناگوں کوششیں عمل میں آئیں ،اسی سلسلۃ الذہب کی ایک اہم کڑی علم صرف ونحو کی تدوین اور انشا پردازی کی تسہیل وغیرہ ہیں۔

اسلامی مدارس میں علم صرف ونحو اور انشا پردازی کا داخل نصاب ہونا اسی تسہیل کے پیش نظر ہے، بحمدہ تبارک وتعالیٰ ارباب علم ودانش کی اس پیہم کوشش سے ایسے گراں قدر افراد پیدا ہوئے جنھیں عربی زبان وادب میں حیرت انگیز مہارت حاصل ہوئی اور اخذ و استفادہ کا حسین سلسلہ روز افزوں ترقی کرتا رہا اور ان شاء اللہ الرحمن ترقی کرتا رہے گا عربی زبان وادب کی گراں قدر خدمت دینے والوں کا ایک عظیم کارواں ہے جو روز و شب اس خدمت کی انجام دہی میں مسلسل مصروف عمل ہے جنھیں ارباب علم ودانش اور اصحاب فکر و نظر اچھی طرح جانتے ہیں۔

عربی زبان وادب کو فروغ دینے میں اور اس کی تسہیل کو آسان کرنے کے لیے جو کتابیں معرض وجود میں آئیں ان میں سے ایک کتاب ''مفتاح العربیہ'' **حضرت علامہ مولانا توفیق احمد نعیمی صاحب** کی ہے جس کے تین حصے ہیں اسلوب اور انداز بیان بہت ہی نرالا ہے، بعض مدارس میں یہ کتاب داخل نصاب اور داخل درس ہے، دیگر کتابوں کی طرح اس کتاب سے بھی عربی زبان وادب سے واقفیت میں کافی مدد ملتی ہے جس کا بخوبی اندازہ ان طالبان علوم نبویہ کو ہے جنھوں نے اس کتاب سے حظّ وافر حاصل کیا ہے، چونکہ زمانہ تیزی سے گزر رہا ہے اور اذہان کمزور ہوتے جا رہے ہیں، طلبہ پڑھائی سے جی چرا رہے ہیں اور وہ جلد سے جلد کسی چیز کو حاصل کرنے کے عادی ہوتے جا رہے ہیں اس لیے میں نے چاہا کہ کیوں نہ'' مفتاح العربیہ ''کی آسان

ترجمہ اور عربی جملوں کی اردو کے ساتھ شرح کر دی جائے چنانچہ میں نے اللہ کا نام لے کر قدم اٹھایااور بفضلہ تعالیٰ یہ کام پایہ تکمیل کو پہنچا۔

میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے کسی بھی طرح سے اس کتاب کی نشر و اشاعت میں میری مدد فرمائی بالخصوص شعبۂ عربی ادب کے ہونہار میرے دو ساتھی **مولانا محمد ظہیر الدین مصباحی مہراج گنج، مولانا محمد طاہر خان مصباحی (اے،پی)** کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے بڑی لگن اور غور و فکر سے اس کتاب کی نظر ثانی فرمائی اور مفید مشوروں سے نوازا۔ ۔۔۔۔بڑی ناسپاسی ہوگی اگر بھول جاؤں اپنے کرم فرما"**حضرت مولانا شہباز احمد مصباحی**" استاذ جامعہ اشرفیہ کو جنھوں نے کثیر مصروفیات کے باوجود اس کتاب کا مطالعہ کیا اور تقریظ لکھ کر اس کے حسن کو دوبالا کر دیا اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو بہترین بدلہ عطا فرمائے۔

انسان خطا سے مرکب ہے" مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ "میں بہت حد تک اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ اغلاط سے پاک وصاف شرح پیش کی جائے لیکن پھر بھی شرح میں کسی طرح کی کوئی کمی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ مطلع فرمائیں ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کر دی جائے گی۔

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری،بہیڑی بریلی شریف یوپی
۲۳/ جمادی الاخری ۱۴۳۶ھ

تقریظ جلیل

حضرت مولانا **شہباز احمد** مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

اللہ تبارک وتعالیٰ کی نازل کردہ آخری کتاب قرآن مجید عربی زبان میں ہے اور یہ سارے جہان والوں کے لیے ہدایت ہے اس لیے پوری دنیا کے لوگوں کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اس زبان کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ ربّ کائنات کی ہدایت کے مطابق ہر شخص زندگی گزارے، یہی وجہ ہے کہ پوری دنیا کے مدارس اسلامیہ میں عربی زبان پڑھی اور پڑھائی جاتی ہے۔

ہماری مادری زبان عربی نہ ہونے کی وجہ سے بہت ساری چھوٹی بڑی کتابیں عربی زبان وادب سے متعلق شامل نصاب ہیں، انھیں میں سے ایک **"مفتاح العربیہ"** ہے جو مغربی یوپی کے بیشتر مدرسوں کے پہلے درجے میں داخل ہے، ہونا تو یہ چاہیے کہ اس طرح کی کتابوں کی شرح نہ کی جائے تاکہ طلبہ محنت کرکے لغات وغیرہ کی مدد سے حل کریں اور اپنے اندر لیاقت پیدا کریں، لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اپنی عربی دانی کا دم بھرنے والے ہمارے بعض حریفوں نے چھوٹی چھوٹی **"منہاج العربیہ"** جیسی کتابوں کی شرحیں لکھ دی ہیں اور انھیں استعمال کرنے میں ہمارے طلبہ ذرا بھی جھجک محسوس نہیں کرتے حالاں کہ ان میں بہت سی خامیاں موجود ہیں جس کی وجہ سے ان پر غلط اثر مرتب ہوتا ہے اس لیے خواہی نہ خواہی ضروری ہے کہ طلبہ کو ان کی شروحات سے بچانے کے لیے سنّی علما بھی شرح لکھیں اور ضرور لکھیں تاکہ وہ اپنی شروحات میں جو اپنے نظریات کی نمائندگی کر رہے ہیں ان سے ہمارے طلبہ محفوظ رہیں۔

زیر نظر کتاب مولانا گل ریز رضا مصباحی بریلوی کی کاوش ہے۔

موصوف محنتی، متحرک فعال فاضل ہیں، ابھی جامعہ اشرفیہ کے شعبۂ تخصص فی الادب العربی میں زیر تعلیم ہیں انھوں نے اسی دوران بہت سی کتابوں کی شرح لکھ دی ہیں جو طلبہ میں مقبول ہو چکی

ہیں، یہ ان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، میں امید کرتا ہوں کہ وہ اسی طرح کام کرتے رہیں گے اور غیروں کی شروحات سے طلبہ کو نجات دلاتے رہیں گے۔

مجھے یقین ہے کہ بعض احباب نے اس پیش رفت پر بے جا تنقید کی ہوگی لیکن اس سے دل برداشتہ ہونے کی قطعی ضرورت نہیں کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض حضرات اس طرح کے کام پر واویلا مچاتے ہیں کہ بچوں کے ساتھ ناانصافی ہے، ان کی صلاحیت برباد کرنا ہے وغیرہ وغیرہ۔ لیکن عام طور پر طلبہ غیروں کی شرحوں سے استفادہ کرتے ہیں اس کا کوئی علاج ان کے پاس نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ انھیں دونوں جہان کی سعادتوں سے نوازے اور خوب سے خوب کام کرنے کی توفیق بخشے۔

محمد شہباز احمد مصباحی پوکھریروی
استاذ جامعہ اشرفیہ مبارک پور، اعظم گڑھ

Notice

کچھ مفید اصطلاحات

مشکاۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول کے شروع میں کچھ اصطلاحات، ہدایات کا اضافہ کیا جا رہا ہے جن سے طلبہ کو اسباق سمجھنے، تمرین کو حل کرنے میں مدد ملے گی اور ان کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور عربی سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

(۱) اَلْوَرْدُ (الف ولام کے ساتھ) معرفہ ہے اور وَرْدٌ (بے الف ولام) نکرہ ہے

(۲) مُجْتَهِدٌ مذکر ہے اور مُجْتَهِدَةٌ (ۃ کے ساتھ) مؤنث ہے۔

(۳) اسمائے اشارہ برائے مذکر: هٰذَا، ذٰلِكَ، برائے مؤنث: هٰذِهٖ تِلْكَ۔

(۴) مذکر واحد کی ضمیریں: كَ (بالفتح) هٗ، هُوَ، أَنْتَ (تا کے زبر کے ساتھ)

مؤنث واحد کی ضمیریں: كِ (بالکسر) هَا، هِيَ، أَنْتِ (تا کے زیر کے ساتھ)۔

(۵) هٰذَا الْكِتَابُ (یہ کتاب) یہ مرکب ناقص کہلاتا ہے اور هٰذَا كِتَابٌ (یہ کتاب ہے) یہ مرکب تام ہے۔

(۶) (۱) وَلَدُ جَمِيْلٍ (جمیل کا لڑکا) (۲) وَلَدٌ جَمِيْلٌ (خوب صورت لڑکا) یہ بھی مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔ اول کا نام مرکب اضافی اور دوسرے کا مرکب توصیفی ہے۔ اول میں پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ اور دوسرے میں پہلا اسم موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔

(۷) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا ہے اور جَمِيْلٌ اس کی خبر ہے۔ اسی طرح هٰذَا كِتَابٌ میں هٰذَا مبتدا ہے اور كِتَابٌ خبر ہے۔

(۸) (۱) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ (۲) اَلْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ پہلی مثال میں مبتدا مذکر ہے اس لیے خبر بھی مذکر آئی ہے اور دوسری مثال میں چونکہ مبتدا مؤنث ہے اس لیے خبر بھی مؤنث ہے۔

(۹) مبتدا و خبر اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) میں فرق یہ ہے کہ مبتدا عموماً معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے جیسے: اَلْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ اور موصوف وصفت دونوں معرفہ ہوتے ہیں جیسے: اَلْوَلَدُ الْجَمِيْلُ (خوب صورت لڑکا) یا دونوں نکرہ جیسے: بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ (کوئی یا ایک خوب صورت لڑکی)۔

(۱۰) مبتدا و خبر میں کب مطابقت لازم ہے اور کب نہیں ؟ اس سلسلے میں اتنا سمجھ لیا جائے کہ خبر جب مفرد ہو (جملہ نہ ہو) تو وہ یا تو جامد ہوگی یا مشتق۔ اگر جامد ہوگی تو اس کی مبتدا سے مطابقت ضروری نہیں جیسے: "اَلْکُفْرُ ظُلْمَۃٌ" کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کو متضمن نہیں ہوتی ۔ ہاں اگر خبر معنیً مشتق میں ہو تو وہ ضمیر عائد الی المبتدا کو متضمن ہوتی ہے جیسے: "عَلِیٌّ أَسَدٌ" یہاں "اَسَدٌ" شُجَاعٌ کے معنی میں ہے ۔ (جامد سے مراد جس میں معنیً وصف نہ ہو)

اور اگر خبر مشتق ہوگی تو اس کی افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں مطابقت لازم ہے کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کی متحمل ہوتی ہے جیسے: اَلتِّلْمِیْذُ مُجْتَہِدٌ /اَلتِّلْمِیْذَانِ مُجْتَہِدَانِ /اَلتَّلَامِیْذُ مُجْتَہِدُوْنَ ، علی الترتیب اول واحد مذکر، دوئم تثنیہ مذکر اور سوئم جمع مذکر کی مثال ہے اور جیسے: اَلتِّلْمِیْذَۃُ مُجْتَہِدَۃٌ اَلتِّلْمِیْذَتَانِ مُجْتَہِدَتَانِ /اَلتِّلْمِیْذَاتُ مُجْتَہِدَاتٌ، علی الترتیب اول واحد مؤنث، دوئم تثنیہ مؤنث اور سوئم جمع مؤنث کی مثال ہے۔

(۱۱) موصوف صفت میں چار چیزوں میں مطابقت ضروری ہے اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب (۲) واحد تثنیہ جمع (۳) تعریف و تنکیر (۴) تذکیر و تانیث ۔ مطلب یہ ہے کہ جو اعراب موصوف کا ہوگا وہی صفت کا، موصوف اگر واحد ہوگا تو صفت بھی، موصوف اگر نکرہ ہوگا تو صفت بھی اور موصوف اگر مذکر ہوگا تو صفت بھی مذکر ہوگی جیسے: "وَلَدٌ صَالِحٌ" دیکھئے (۱) دونوں مرفوع (۲) دونوں واحد (۳) دونوں نکرہ (۴) دونوں مذکر ہیں۔

(۱۲) مرکب اضافی اور مرکب توصیفی میں فرق بالکل ظاہر ہے، مرکب اضافی میں دوسرا جز یعنی مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے جیسے :وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ الْعَالِمِ (عالم کا لڑکا) جبکہ مرکب توصیفی میں دونوں جزیا تو مرفوع ہوں گے یا منصوب یا مجرور۔ اسی طرح مضاف مضاف الیہ (مرکب اضافی) اور مبتدا و خبر میں فرق ظاہر ہے جیسے :اَلْوَلَدُ عَالِمٌ (لڑکا عالم ہے) یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ العَالِمِ ، یہ مرکب اضافی (مضاف

مضاف الیہ) کی مثالیں ہیں۔اور جیسے: اَلْحَدِیْقَۃُ لِسَعْدٍ (باغ سعد کا ہے) یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور حَدِیْقَۃُ لِسَعْدٍ (سعد کا باغ) یہ مرکب اضافی کی مثال ہے۔

وہ اسماء جو مؤنث ہیں

(الف)

فَاطِمَۃُ، اِمْرَأَۃٌ، نَاقَۃٌ عَالِمَۃٌ وغیرہ تائے تانیث (ۃ) والے۔

حُبْلٰی، حُسْنٰی وغیرہ الف مقصورہ والے۔

حَسْنَاءُ، حَمْرَاءُ وغیرہ الف ممدودہ والے۔ یہ سب مؤنث لفظی کہلاتے ہیں۔

(ب)

زَیْنَبُ، مَرْیَمُ وغیرہ عورتوں کے اعلام۔

اُمٌّ، حَائِضٌ وغیرہ الفاظ واوصاف جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں۔

مِصْرُ، دِلْھِیْ، قُرَیْشٌ وغیرہ ملکوں، شہروں اور قبیلوں کے نام

یہ سب مؤنث معنوی کہلاتے ہیں۔

(ج)

اَرْضٌ، دَارٌ، بِئْرٌ، یَدٌ، نَارٌ، شَمْسٌ وغیرہ۔ یہ سب مؤنث سماعی کہلاتے ہیں۔

وہ اسماء جو مذکر و مؤنث ہیں

دَلْوٌ، سِکِّیْنٌ، جَحِیْلٌ، طَرِیْقٌ، سُوْقٌ، لِسَانٌ، ذِرَاعٌ، عُنُقٌ وغیرہ۔

وہ اسماء جن میں مذکر و مؤنث برابر ہیں

فَعُوْلٌ کے وزن پر (بمعنی فاعل) جیسے: عَطُوْفٌ وغیرہ۔

فَعِیْلٌ کے وزن پر (بمعنی مفعول) جیسے: قَتِیْلٌ وغیرہ۔ ان کے علاوہ اور بھی اوزان ہیں۔

جمع مکسر وہ جمع ہے جن میں واحد کا وزن سلامت نہ ہو یعنی متغیّر ہوجائے جیسے: رِجَالٌ۔

جمع سالم وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت ہو یہ مذکر بھی ہوتی ہے جیسے:صَالِحُوْنَ اور مؤنث بھی ہوتی ہے جیسے:صَالِحَاتٌ .

إِنَّ کہاں آتا ہے اور أَنَّ کہاں؟ اس بارے میں سر دست اتنا بتانا کافی ہے کہ إِنَّ ابتدائے کلام میں آتا ہے(خواہ حقیقۃً ابتدا ہو یا حکماً)اور أَنَّ درمیان کلام میں۔

(۱۳)غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی جیسے:اَحْمَدُ،زَیْنَبُ،عَائِشَۃُ، کَسْلَانُ وغیرہ۔

اسم منقوص: وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں یائے ثابتہ اور اس کے ماقبل مکسور ہو:جیسے اَلْقَاضِیْ جب یہ الف ولام اور اضافت سے خالی ہو تو"یا"کتابت وتلفظ میں حذف ہوجاتی ہے جیسے:ھُوَ قَاضٍ (وہ قاضی ہے)

(۱۴) اَیٌّ مذکر ومؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے اور اَیَّۃٌ صرف مؤنث کے لیے۔

(۱۵)"مِنْ "اور"لِ"جار کا ترجمہ"کی،کے،سے بھی کیا جاتا ہے جیسے:اَلْحَدِیْقَۃُ لِھٰذَاالرَّجُلِ(باغ اس مرد کا ہے)۔

(۱۶)ھٰذَاالْوَلَدُ ،جَمِیْلٌ (یہ لڑکا،خوب صورت ہے)ھٰذَا ،وَلَدٌ جَمِیْلٌ (یہ ،خوب صورت لڑکا ہے)اول مثال میں ھٰذَا الوْلَدُ مبتدا اور جَمِیْلٌ خبر ہے اور دوسری مثال میں ھٰذَا مبتدا اور وَلَدٌ جَمِیْلٌ(موصوف صفت سے مل کر)خبر ہے۔

(۱۷) (۱)اَلْفَرَسُ وَالْحِمَارُ (گھوڑا اور گدھا)(۲)رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللهُ(میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے)اردو محاورے کے مطابق اول کے ترجمہ میں"اور"لانا اور دوسرے کے ترجمہ میں"رب"کی تکرار ضروری نہیں۔

(۱۸)ہمزہ(أ)اور ھَلْ میں فرق یہ ہے کہ ہمزہ کے ذریعہ مفرد اور جملہ کے بارے میں پوچھا جاتا ہے اثبات ونفی میں اور ھَلْ کے ذریعہ صرف جملہ فی الاثبات کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔

مسند الیہ: وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی چیز ثابت کی جائے۔

مسند: وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے :"زَ یْدٌ نَبِیْهٌ"(زید ہوشیار ہے)اس مثال میں زَ یْدٌ مسند الیہ اور نَبِیْهٌ مسند ہے ۔اور جیسے:"قَرَأَ بَکَرٌ"(پڑھا بکر نے)اس مثال میں قَرَأَ مسند اور بَکَرٌ مسند الیہ ہے۔

جملہ: مسند اور مسند الیہ کو مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے:"زَ یْدٌ عَالِمٌ".

مبتدا: وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو۔

خبر: وہ لفظ ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند ہو جیسے:"زَ یْدٌ جَالِسٌ "اس مثال میں "زَ یْدٌ "مبتدا اور "جَالِسٌ "خبر ہے۔

رفع: ضمہ،الف اور واؤ کو کہتے ہیں۔

مرفوع: وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واؤ آئے جیسے :اَلْمُسْلِمُ ،وَالْمُسْلِمَانِ ،اَلْمُسْلِمُوْنَ ،اَبُوْزَ یْدٍ ،میں اَبُوْ .

نصب: فتحہ،کسرہ،الف اور یا کو کہتے ہیں۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یا آئے جیسے:اَلْمُسْلِمَ ،اَلْمُسْلِمَاتِ ، اَبَازَ یْدٍ میں اَبَا،اَلْمُسْلِمَیْنِ ،اَلْمُسْلِمِیْنَ .

جر: کسرہ،فتحہ اور یا کو کہتے ہیں۔

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے:عَلَی الْمُسلِمِ ،عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ ،عَلٰی اَبِیْ زَ یْدٍ ،عَلَی الْمُسْلِمَیْنِ،عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ اور جیسے:وَلَدُ الْمُسْلِمِ،وَلَدُاِبْرَاهِیْمَ ،غُلَامُ الْمُسْلِمِیْنَ .

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو جیسے:زَ یْدٌ عَالِمٌ .

جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز فعل ہو جیسے:عَلِمَ زَ یْدٌ.

اسم اشارہ: وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے اردو میں "یہ،وہ"اور عربی میں "هٰذَا،ذٰلِكَ"۔

مشارٌالیہ: وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے :"هٰذَاالْقُرْآنُ"اس مثال میں اَلْقُرْآنُ مشارٌالیہ ہے۔

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلم یاحاضر یاغائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو جیسے:أَنَا(میں)أَنْتَ(تو)هُوَ(وہ)نَحْنُ(ہم،ہم دو،ہم لوگ)اَنْتُمْ(تم لوگ)

فاعل: وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطور قیام ہو جیسے :"ضَرَبَ زَيْدٌ"(زید نے مارا)اس مثال میں زَيْدٌ فاعل ہے۔

اسم استفہام: وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی چیز کو پوچھا جائے ۔جیسے:مَا •مَنْ• كَيْفَ •أَيْنَ•كَمْ•

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے:"قَتَلَ رَجُلٌ"(قتل کیا ایک آدمی نے)اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے جیسے:"قُتِلَ زَيْدٌ"(قتل کیا گیا زید)اس مثال میں زَيْدٌ نائب فاعل ہے۔

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے:"قَتَلْتُ زَيْدًا"(میں نے زید کو قتل کیا)اس مثال میں زَيْدًا مفعول بہ ہے کیونکہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہے۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ ،یا الف یا یا آئے جیسے :"اَلْمُسْلِمَ• اَلْاٰيَاتِ•اَخَازَ يَدٍ•اَلْمُسْلِمَيْنِ•اَلْمُسْلِمِيْنَ.

مفعول فیہ: وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لیے وقت یا جگہ واقع ہو جیسے:"اَلْوَلَدُ دَخَلَ الْمَدْرَسَةَ •اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ"ان مثالوں میں اَلْمَدْرَسةَ اور يَوْمَ الْجُمُعَةِ مفعول فیہ ہے۔ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جس سے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے :"جَلَسْتُ جَلْسَةً"اس مثال میں جَلْسَةً مفعول مطلق ہے۔

حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

ذوالحال: وہ فاعل یا مفعول بہ ہے جس کی حالت بیان کی گئی ہو جیسے:"ذَهَبَ زَيْدٌ رَاكِبًا"(زید سوار ہو کر گیا)اس مثال میں زَيْدٌ فاعل اور ذوالحال ہے رَاكِبًا حال ہے۔

تمیز: وہ اسم ہے جو پوشیدگی دور کرے۔

ممیز: وہ اسم ہے جس میں ابہام اور پوشیدگی ہو جیسے: "زَیْدٌ اَحْسَنُ وَجْهًا" اس مثال میں اَحْسَنُ ممیز اور وَجْهًا اس کی تمیز ہے۔

منادیٰ: وہ اسم ہے جس پر حرف ندا داخل ہو جیسے: "یَارَجُلُ" یعنی اے آدمی، اس مثال میں رَجُلُ منادی ہے۔

ندا: وہ حرف ہے جس کو پکارنے کے لیے وضع کیا گیا ہو جیسے: یَا.

حروف مشبہ بہ فعل: وہ حروف ہیں جو جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرتے ہیں جیسے: "اِنَّ اللهَ عَلِیْمٌ" حروف مشبہ بہ فعل چھ ہیں اِنَّ • أَنَّ • كَأَنَّ • لٰكِنَّ • لَيْتَ • لَعَلَّ •

فعل ناقص: وہ فعل ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرے جیسے: "كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا" افعال ناقصہ سترہ ہیں كَانَ • صَارَ • ظَلَّ • بَاتَ • اَصْبَحَ • اَمْسى اَضْحىٰ • رَاحَ • آضَ • عَادَ • غَدَا • مَازَالَ • مَابَرِحَ • مَافَتِئَ • مَاانْفَكَّ • مَادَامَ • لَيْسَ •

اضافت منیہ، لامیہ، ظرفیہ کا استعمال

اضافت منیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر مِنْ حرف جار داخل ہو جیسے: "جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ" یعنی قرآن کا ایک پارہ۔

اضافت لامیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر لام حرف جار آئے جیسے: "وَلَدٌ لِزَيْدٍ" یعنی زید کا ایک لڑکا۔

اضافت ظرفیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر فِی حرف جار داخل ہو جیسے: "اَلْمُصَارِعُ فِیْ دِهْلِیْ" یعنی دہلی کا پہلوان۔

مؤکد: وہ کلمہ جس کی تاکید لائی جائے۔

تاکید: وہ لفظ ہے جس سے کسی کلمہ میں زور پیدا کیا جائے جیسے: "خَطَبَ الطُّلَّابُ كُلُّهُمْ" تمام طلبہ نے تقریر کی۔ اس مثال میں اَلطُّلَّابُ مؤکد اور كُلُّهُمْ اس کی تاکید ہے۔

درس (۱) مفردات

إِنَاءٌ • بَصَلٌ • تُفَّاحٌ • ثُوْمٌ • جَبَلٌ • حَبْلٌ • خَيْطٌ • دَلْوٌ • ذَهَبٌ • رُمَّانٌ • زَهَرٌ • سَرْجٌ • شَجَرٌ • صِدَارٌ • ضَرْعٌ • طُوْبٌ • ظَرْفٌ • عِنَبٌ • غَرْسٌ • فِلْفِلٌ • قُفْلٌ • كُرْسِيٌّ • لَوْزٌ • مِفْتَاحٌ • نَجْمٌ • وَرْدٌ • هِلَالٌ • يَرَاعٌ •

ترجمہ: برتن ۔پیاز۔ سیب۔ لہسن۔پہاڑ ۔رسی۔ دھاگا۔ بالٹی۔ سونا۔ انار۔ پھول۔زین۔درخت۔واسکٹ۔تھن۔اینٹ۔برتن۔انگور۔پودا۔مرچ۔تالا۔کرسی۔بادام ۔چابی۔ستارا۔گلاب۔چاند۔قلم (نیزے کا)۔

نوٹ: اصل کتاب میں جو سوالات مذکور ہیں شرح میں ان کے جوابات عربی میں دیے گیے ہیں اور بعض جگہوں پر **ھٰکذا** کے ذریعہ سوالات بناکران کا جوابات دینے تھے شرح میں ان سوالات کو لکھ دیا گیا ہے اور ان کے جوابات بھی لکھ دیے گیے ہیں۔

درس (۲)

اَلتُّفَّاحُ • اَلْأَبُ • اَلْعَمُّ • اَلْجَبَلُ • اَلْخَالُ • اَلذَّهَبُ • اَلْفَرَسُ • اَلْأَخُ • اَلنُّوْرُ • اَلدَّلْوُ • اَلْحَارِسُ • اَللَّحْمُ • اَلْبَصَلُ • اَلْحَبْلُ • اَلْوَرْدُ • اَلْجَرَسُ • اَلْخَاتَمُ • اَلنَّجْمُ • اَلسِّكِّيْنُ • اَلْعِنَبُ • اَلْقِطَارُ • اَلْخَيْطُ • اَلْمِقْرَاضُ • اَلْمَلِكُ • اَلْحَدِيْدُ • اَلسُّكَّرُ • اَلسَّرْجُ • اَلطِّفْلُ • اَلضَّيْفُ • اَلْقُفْلُ • اَلشَّجَرُ • اَلزَّهَرُ •

ترجمہ: ۔سیب۔باپ ۔چچا ۔ پہاڑ۔ ماموں۔ سونا، گھوڑا۔ بھائی۔روشنی۔ بالٹی ۔چوکیدار ۔گوشت۔پیاز۔رسی۔گلاب۔گھنٹی۔انگوٹھی/مہر۔ستارہ۔چھری۔انگور ۔ٹرین ۔ دھاگا۔قینچی۔بادشاہ۔لوہا۔چینی/شکر۔زین۔بچہ۔مہمان۔تالا۔درخت۔پھول۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی	شمار	اردو	عربی
1	برتن	اَلاِنَاءُ	2	چابی	اَلمِفْتَاحُ
3	تالا	اَلْقُفْلُ	4	انگور	اَلْعِنَبُ
5	بادام	اَللَّوْزُ	6	پہاڑ	اَلْجَبَلُ
7	لہسن	اَلثُّوْمُ	8	سیب	اَلتُّفَّاحُ
9	سونا	اَلذَّهَبُ	10	دھاگا	اَلْخَيْطُ
11	ستارا	اَلنَّجْمُ	12	بچہ	اَلطِّفْلُ
13	انار	اَلرُّمَّانُ	14	پیاز	اَلْبَصَلُ
15	گلاب	اَلْوَرْدُ	16	پودا	اَلْغَرْسُ
17	مرچ	اَلْفِلْفِلُ	18	چاند	اَلْهِلَالُ
19	رسّی	اَلْحَبْلُ	20	درخت	اَلشَّجَرُ
21	واسکٹ	اَلصِّدَارُ	22	باپ	اَلأَبُ
23	چچا	اَلعَمُّ	24	ماموں	اَلْخَالُ
25	بھائی	اَلأَخُ	26	بیل	الثَّوْرُ
27	چوکیدار	اَلْحَارِسُ	28	گھنٹہ	اَلسَّاعَةُ
29	لوہا	اَلْحَدِيْدُ	30	بادشاہ	اَلمَلِكُ
31	ریل	اَلْقِطَارُ	32	گوشت	اَللَّحْمُ
33	قینچی	اَلْمِقْرَاضُ	34	چھری	اَلسِّكِيْنُ
35	مُہر	اَلْخَاتَمُ	-	-	-

درس (۳)

اَلْوَرْدُ• طَرِيٌّ• اَلطَّعَامُ• بَائِتٌ• اَلتُّفَاحُ• حُلْوٌ•اَلْعِنَبُ•حَامِضٌ• اَلضَّيْفُ• جَائِعٌ•

اَلْبَقْلُ طَرِيٌّ• اَلطَّعَامُ بَائِتٌ• اَلتُّفَّاحُ حُلْوٌ• اَلْعِنَبُ حَامِضٌ• اَلسُّوَالُ سَهْلٌ• اَلْجَوَابُ صَعْبٌ• اَلطَّعَامُ طَرِيٌّ• اَلْبَقْلُ بَائِتٌ• اَلْعِنَبُ حُلْوٌ• اَلْبُرْتَقَالُ حَامِضٌ• اَلْمَوْزُ طَوِيْلٌ• اَلرَّجُلُ قَصِيْرٌ•

اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ• اَلْكِتَابُ مُبَارَكٌ• اَلرُّمَّانُ طَرِيٌّ• اَلْمَاءُ بَائِتٌ• اَلضَّيْفُ جَائِعٌ• اَلْكَلْبُ عَاطِشٌ• اَلْأَبُ كَاتِبٌ• اَلْعَمُّ مُهَنْدِسٌ• اَلْوَرْدُ جَمِيْلٌ• اَلْقِرْدُ قَبِيْحٌ•

ترجمہ:۔گلاب۔ تازہ۔ کھانا۔ باسی۔ سیب۔ میٹھا۔ انگور۔ کھٹا۔ مہمان۔ بھوکا۔

(نوٹ) سر دست نکرہ کا معنی کوئی، کچھ، ایک سے لگانے کی ضرورت نہیں اسی لیے شرح میں صرف معرفہ کی عبارت لکھی ہے اور اسی کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

سبزی تازی ہے۔ کھانا باسی ہے۔ سیب میٹھا ہے۔ انگور کھٹا ہے۔ سوال آسان ہے۔ جواب مشکل ہے۔ کھانا تازہ ہے۔ سبزی باسی ہے۔ انگور میٹھا ہے۔ سنترہ کھٹا ہے۔ کیلا لمبا ہے۔ مرد ناٹا ہے۔

قرآن کتاب ہے۔ کتاب بابرکت ہے۔ انار تازہ ہے۔ پانی باسی ہے۔ مہمان بھوکا ہے۔ کتا پیاسا ہے۔ باپ کاتب ہے۔ چچا انجینئر ہے۔ گلاب خوب صورت ہے۔ بندر بدصورت ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی	شمار	اردو	عربی
1	پانی تازہ ہے۔	اَلْمَاءُ طَرِیٌّ	2	کتاب آسان ہے	الْكِتَابُ سَهْلٌ
3	انار میٹھا ہے	اَلرُّمَّانُ حُلْوٌ	4	سُوال مشکل ہے	اَلسُّوَالُ

نمبر	اردو	عربی	نمبر	اردو	عربی
					صَعْبٌ
5	پودا تروتازہ ہے	اَلْغَرْسُ طَرِیٌّ	6	قرآن بابرکت ہے	اَلْقُرْآنُ مُبَارَكٌ
7	انگور میٹھا ہے	اَلْعِنَبُ حَامِضٌ	8	سبزی باسی ہے	اَلْبَقْلُ بَائِتٌ
9	پانی تازہ ہے	اَلْمَاءُ طَرِیٌّ	10	کھانا باسی ہے	اَلطَّعَامُ بَائِتٌ
11	جواب آسان ہے	اَلْجَوَابُ سَهْلٌ	12	کتاب سخت ہے	اَلْكِتَابُ صَعْبٌ
13	کیلا میٹھا ہے	اَلْمَوْزُ حُلْوٌ	14	انگور کٹھا ہے	اَلْعِنَبُ حَامِضٌ
15	سیب تازہ ہے	اَلتُّفَّاحُ طَرِیٌّ	16	پانی باسی ہے	اَلْمَاءُ بَائِتٌ
17	گلاب تروتازہ ہے	اَلْوَرْدُ طَرِیٌّ			

درس (۴)

هٰذَامِفْتَاحٌ• هٰذَا وَرْدٌ• هٰذَا قَفَصٌ• هٰذَا مِنْظَارٌ• هٰذَا رُمَّانٌ• هٰذَا اَصِيْصٌ
•هٰذَا مِصْبَاحٌ• هٰذَا وَرْدٌ• ذٰلِکَ رُمَّانٌ• هٰذَا لَوْحٌ• ذٰلِکَ قَلَمٌ• هٰذَا رُمَّانٌ• ذٰلِکَ تُفَّاحٌ•
هٰذَا اِبْرِيْقٌ• ذٰلِکَ قَفَصٌ• هٰذَا دَرْسٌ• ذٰلِکَ تَمْرِيْنٌ• هٰذَا مِصْبَاحٌ• ذٰلِکَ مِفْتَاحٌ•

ترجمہ:۔ یہ چابی ہے۔ یہ گلاب ہے۔ یہ پنجرہ ہے۔ یہ دوربین ہے۔ یہ انار ہے۔ یہ گملا ہے۔ یہ چراغ ہے۔ یہ گلاب ہے۔ وہ انار ہے۔ یہ تختی ہے۔ وہ قلم ہے۔ یہ انار ہے۔ وہ سیب ہے۔ یہ جگ ہے۔ وہ پنجرہ ہے۔ یہ سبق ہے۔ وہ مشق ہے۔ یہ چراغ ہے۔ وہ چابی ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی	شمار	اردو	عربی
1	یہ کتاب ہے	هٰذَا كِتَابٌ	2	وہ قلم ہے	ذٰلِكَ قَلَمٌ
3	یہ جگ ہے	هٰذَا إِبْرِيْقٌ	4	یہ سوال ہے	هٰذَا سُوَالٌ
5	وہ جواب ہے	ذٰلِكَ جَوَابٌ	6	یہ عربی ہے	هٰذَا عَرَبِيٌّ
7	وہ ہندی ہے	ذٰلِكَ هِنْدِيٌّ	8	وہ عربی ہے	ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ
9	یہ مشق ہے	هٰذَا تَمْرِيْنٌ	10	یہ قرآن ہے	هٰذَا قُرْآنٌ
11	وہ حدیث ہے	ذٰلِكَ حَدِيْثٌ	12	یہ پودا ہے	هٰذَا غَرْسٌ
13	وہ چراغ ہے	ذٰلِكَ مِصْبَاحٌ	14	یہ تختی ہے	هٰذَا لَوْحٌ
15	وہ انار ہے	ذٰلِكَ رُمَّانٌ	16	وہ گملا ہے	ذٰلِكَ أَصِيْصٌ
17	وہ فارسی ہے	ذٰلِكَ فَارِسِيٌّ	18	یہ گلاب ہے	هٰذَا وَرْدٌ
19	یہ سیب ہے	هٰذَا تُفَّاحٌ	20	یہ قلم ہے	هٰذَا قَلَمٌ
21	وہ کتاب ہے	ذٰلِكَ كِتَابٌ			

درس (۵)

هٰذِهٖ اَرِيْكَةٌ• هٰذِهٖ طَاوِلَةٌ• هٰذِهٖ سَاعَةٌ• هٰذِهٖ قَلَنْسُوَةٌ• هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ•تِلْكَ اُسْطُوَانَةٌ• تِلْكَ حَقِيْبَةٌ• هٰذَا جَمَلٌ• تِلْكَ نَاقَةٌ• ذٰلِكَ مَوْزٌ• تِلْكَ سَاعَةٌ• هٰذِهٖ قَلَنْسُوَةٌ • تِلْكَ قُبَّعَةٌ• هٰذَا طَعَامٌ• ذٰلِكَ مَاءٌ• هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ• تِلْكَ طَاوِلَةٌ• هٰذَا مِقْرَاضٌ • تِلْكَ اَرِيْكَةٌ• هٰذِهٖ حَقِيْبَةٌ• تِلْكَ مِحْفَظَةٌ•

ترجمہ:۔ یہ صوفہ ہے۔یہ میز ہے۔یہ گھڑی ہے۔یہ ٹوپی ہے۔یہ سائیکل ہے۔وہ ستون ہے۔وہ بیگ ہے۔یہ اونٹ ہے۔وہ اونٹنی ہے۔وہ کیلا ہے۔وہ گھڑی ہے۔یہ ٹوپی ہے۔ وہ ٹوپ ہے۔ یہ کھانا ہے۔ وہ پانی ہے۔ یہ سائیکل ہے۔ وہ میز ہے۔یہ قینچی ہے۔ وہ صوفہ ہے۔یہ بیگ ہے۔وہ بستہ ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی	شمار	اردو	عربی
1	یہ ٹوپ ہے	هٰذِهٖ قُبَّعَةٌ	2	وہ ٹوپی ہے	تِلْكَ قَلَنْسُوَةٌ
3	یہ گھڑی ہے	هٰذِهٖ سَاعَةٌ	4	وہ میز ہے	تِلْكَ طَاوِلَةٌ
5	یہ صوفہ ہے	هٰذِهٖ أَرِيْكَةٌ	6	وہ گھڑی ہے	تِلْكَ سَاعَةٌ
7	یہ اونٹنی ہے	هٰذِهٖ نَاقَةٌ	8	وہ اونٹ ہے	ذٰلِكَ جَمَلٌ
9	یہ گملا ہے	هٰذَا أَصِيْصٌ	10	وہ پودا ہے	ذٰلِكَ غَرْسٌ
11	یہ بیگ ہے	هٰذِهٖ حَقِيْبَةٌ	12	وہ ظلمت ہے	تِلْكَ ظُلْمَةٌ
13	وہ سائیکل ہے	تِلْكَ دَرَّاجَةٌ	14	یہ چراغ ہے	هٰذَا

					مِصْبَاحٌ
15	وہ طاق ہے	تِلْكَ مِشْكوٰةٌ	16	یہ گھڑی ہے	هٰذِهٖ سَاعَةٌ
17	وہ ٹوپی ہے	تِلْكَ قَلَنْسُوَةٌ	18	وہ صوفہ ہے	تِلْكَ أَرِيْكَةٌ
19	یہ سوٹ کیس ہے	هٰذِهٖ حَقِيْبَةٌ	20	یہ چابی ہے	هٰذَا مِفْتَاحٌ
21	وہ ستون ہے	تِلْكَ أُسْطُوَانَةٌ			

درس (۶)

مَنْ هٰذَا ؟ هٰذَا وَلَدٌ• مَنْ هٰذِهٖ ؟ هٰذِهٖ بِنْتٌ• مَنْ ذٰلِکَ ؟ ذٰلِکَ رَجُلٌ• مَنْ تِلْکَ ؟ تِلْکَ اِمْرَأَةٌ• مَا هٰذَا ؟ هٰذَا غُرَابٌ• مَا ذٰلِکَ ؟ ذٰلِکَ حِمَارٌ• مَا هٰذِهٖ ؟هٰذِهٖ نَاقَةٌ•

مَا هٰذَا؟ هٰذَا شَجَرٌ• مَا هٰذِهٖ؟ هٰذِهٖ سَاعَةٌ•مَا تِلْکَ ؟ تِلْکَ دَرَّاجَةٌ• مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا رَجُلٌ• مَا هٰذَا ؟ هٰذَا يَقْطِيْنٌ• مَا ذٰلِکَ ؟ ذٰلِکَ خُبْزٌ•

ترجمہ:۔ یہ کون ہے ؟یہ لڑکا ہے۔یہ کون ہے ؟یہ لڑکی ہے۔وہ کون ہے ؟وہ آدمی ہے۔وہ کون ہے ؟وہ عورت ہے۔یہ کیا ہے؟یہ کوا ہے۔وہ کیا ہے؟وہ گدھا ہے۔یہ کیا ہے؟یہ اونٹنی ہے۔

یہ کیا ہے؟یہ درخت ہے۔یہ کیا ہے؟یہ گھڑی ہے۔وہ کیا ہے؟وہ سائیکل ہے۔یہ کون ہے؟یہ آدمی ہے۔یہ کیا ہے؟یہ کدو ہے۔وہ کیا ہے؟وہ روٹی ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب	شمار	سوال	جواب

1	مَنْ هٰذَا؟ یہ کون ہے؟	هٰذَا وَلَدٌ یہ لڑکا ہے	2	مَنْ هٰذِهٖ؟ یہ کون ہے؟	هٰذِهٖ بِنْتٌ یہ لڑکی ہے
3	مَنْ ذٰلِكَ ؟ وہ کون ہے؟	ذٰلِكَ رَجُلٌ وہ مرد ہے	4	مَنْ تِلْكَ ؟ وہ کون ہے؟	تِلْكَ اِمْرَأَةٌ وہ عورت ہے
5	مَا هٰذَا؟ یہ کیا ہے؟	هٰذَا شَجَرٌ یہ درخت ہے	6	مَا ذٰلِكَ؟ وہ کیا ہے؟	ذٰلِكَ حِمَارٌ وہ گدھا ہے
7	مَا هٰذِهٖ؟ یہ کیا ہے؟	هٰذِهٖ سَاعَةٌ یہ گھڑی ہے	8	مَا هٰذَا؟ یہ کیا ہے؟	هٰذَا يَقْطِيْنٌ یہ کدو ہے
9	مَا تِلْكَ ؟ وہ کیا ہے؟	تِلْكَ دَرَّاجَةٌ وہ سائیکل ہے			

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ کون ہے؟ یہ مرد ہے۔	مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا رَجُلٌ
2	وہ کون ہے؟ وہ عورت ہے۔	مَنْ تِلْكَ؟ تِلْكَ اِمْرَأَةٌ
3	وہ کون ہے؟ وہ لڑکا ہے۔	مَنْ ذٰلِكَ ؟ ذٰلِكَ وَلَدٌ
4	یہ کیا ہے؟ یہ گدھا ہے۔	مَا هٰذَا ؟ هٰذَا حِمَارٌ
5	وہ کیا ہے؟ وہ اونٹنی ہے۔	مَاتِلْكَ؟ تِلْكَ نَاقَةٌ
6	یہ کیا ہے؟ یہ ٹوپ ہے۔	مَاهٰذِهٖ؟ هٰذِهٖ قُبَّعَةٌ
7	وہ کیا ہے؟ وہ سنترہ ہے۔	مَاذٰلِكَ ؟ ذٰلِكَ بُرْتُقَالٌ
8	وہ کیا ہے؟ وہ کوّا ہے۔	مَا ذٰلِكَ ؟ ذٰلِكَ غُرَابٌ
9	یہ کون ہے؟ یہ لڑکی ہے۔	مَنْ هٰذِهٖ؟ هٰذِهٖ بِنْتٌ
10	وہ کون ہے؟ وہ لڑکا ہے۔	مَنْ ذٰلِكَ ؟ ذٰلِكَ وَلَدٌ

11	یہ کیا ہے؟ یہ کدو (لوکی) ہے۔	مَا هٰذَا؟ هٰذَا يَقْطِيْنٌ
12	وہ کیا ہے؟ وہ سلفچی (طست) ہے۔	مَا ذٰلِكَ ؟ ذٰلِكَ طَسْتٌ

درس (۷)

هٰذَاالْكَلْبُ• هٰذَا كَلْبٌ• ذٰلِکَ الْكِتَابُ• ذٰلِکَ كِتَابٌ•هٰذِهِ النَّاقَةُ• هٰذِهِ نَاقَةٌ• تِلْکَ الْكَلْبَةُ• تِلْکَ كَلْبَةٌ• هٰذَاالْقِطُّ• هٰذَا قِطٌّ• تِلْکَ الْقِطَّةُ• تِلْکَ قِطَّةٌ• هٰذَا الْفَرَسُ• هٰذَا حِمَارٌ• ذٰلِکَ الْفِيْلُ • ذٰلِکَ جَمَلٌ• هٰذِهِ الشَّاةُ• هٰذَا ضَأنٌ• هٰذَا الأَثْلُ• ذٰلِکَ سِدْرٌ • هٰذِهِ الْبَقَرَةُ• ذٰلِکَ عِجْلٌ• هٰذِهِ كُرَّاسَةٌ• ذٰلِکَ يَرَاعٌ• هٰذَا وَلَدٌ• هٰذَا صَغِيْرٌ• ذٰلِکَ رَجُلٌ• ذٰلِکَ كَبِيْرٌ• هٰذِهِ بِنْتٌ• هٰذِهِ صَغِيْرَةٌ• تِلْکَ اِمْرَأَةٌ• تِلْکَ كَبِيْرَةٌ• هٰذَا الْكَلْبُ كَبِيْرٌ• تِلْکَ الْقِطَّةُ صَغِيْرَةٌ•

ترجمہ:۔ یہ کتا، یہ کتا ہے۔ وہ کتاب، وہ کتاب ہے۔ یہ اونٹنی، یہ اونٹنی ہے۔ وہ کتیا، وہ کتیا ہے۔ یہ بلوٹا، یہ بلوٹا ہے۔ وہ بلی، وہ بلی ہے۔ یہ گھوڑا، یہ گدھا ہے۔ وہ ہاتھی، وہ اونٹ ہے۔ یہ بکری، یہ بھیڑ ہے۔ یہ جھاؤ، وہ بیری ہے۔ یہ گائے، وہ بچھڑا ہے۔ یہ کاپی ہے۔ وہ (نیزے کا) قلم ہے۔ یہ لڑکا ہے۔ یہ چھوٹا ہے۔ وہ مرد ہے۔ وہ بڑا ہے۔ یہ لڑکی ہے۔ یہ چھوٹی ہے۔ وہ عورت ہے۔ وہ بڑی ہے۔ یہ کتا بڑا ہے۔ وہ بلی چھوٹی ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ بلوٹا	هٰذَا الْقِطّ
2	یہ بلوٹا ہے	هٰذَا قِطٌّ
3	یہ بلوٹا بڑا ہے	هٰذَ الْقِطُّ كَبِيْرٌ
4	وہ لڑکا	ذٰلِكَ الْوَلَدُ
5	وہ لڑکا ہے	ذٰلِكَ وَلَدٌ

ذٰلِكَ الْوَلَدُ صَغِيْرٌ	وہ لڑکا چھوٹا ہے	6
هٰذِهِ الْبِنْتُ	یہ لڑکی	7
هٰذِهِ بِنْتٌ	یہ لڑکی ہے	8
هٰذِهِ الْبِنْتُ مُتَعَلِّمَةٌ	یہ لڑکی طالبہ ہے	9
ذٰلِكَ الرَّجُلُ	وہ مرد	10
ذٰلِكَ رَجُلٌ	وہ مرد ہے	11
ذٰلِكَ الرَّجُلُ لَاعِبٌ	وہ مرد کھلاڑی ہے	12
مَنْ هٰذَاالْوَلَدُ؟	یہ لڑکا کون ہے؟	13
هٰذَا الْوَلَدُ مُتَعَلِّمٌ	یہ لڑکا طالب علم ہے۔	14
مَنْ ذٰلِكَ الرَّجُلُ؟	وہ مرد کون ہے؟	15
ذٰلِكَ الرَّجُلُ مُسْلِمٌ	وہ مرد مسلم ہے۔	16
مَا هٰذَا؟	یہ کیا ہے؟	17
هٰذَا شَجَرُ الْأَثْلِ	یہ جھاؤ (کا درخت) ہے۔	18

درس (۸)

أَنَا أَبٌ• أَنْتَ اِبْنٌ• أَنَا جَدٌّ• أَنْتَ حَفِيْدٌ• أَنَا بِنْتٌ• أَنْتِ أُمٌّ•أَنَا حَفِيْدَةٌ• أَنْتِ جَدَّةٌ•

مَنْ أَنْتَ؟ أَنَاسَعْدٌ وَأَنْتَ؟ أَنَا حَمِيْدٌ• هَلْ أَنْتَ طَالِبٌ؟ نَعَمْ: أَنَا طَالِبٌ• هَلْ أَنْتَ عَرَبِيٌّ؟ لَا،أَنَا هِنْدِيٌّ لَا عَرَبِيٌّ• مَنْ هٰذَا ؟ هٰذَا طَالِبٌ أَيْضًا• هَلْ ذٰلِکَ طَالِبٌ؟ لَا ،ذٰلِکَ لَاعِبٌ لَا طَالِبٌ•

مَنْ أَنْتِ؟ أَنَا خَدِيْجَةُ• هَلْ أَنْتِ طَالِبَةٌ؟ نَعَمْ: أَنَا طَالِبَةٌ• هَلْ أَنْتِ هِنْدِيَّةٌ؟ لَا ،أَنَا بَاكِسْتَانِيَّةٌ• مَنْ هٰذِهِ؟ هٰذِهِ سَلْمٰى•

أَنَا طَالِبٌ لَا لَاعِبٌ• أَنْتَ عَرَبِيٌّ لَا فَارِسِيٌّ•أَنَا طَالِبَةٌ لَا لَاعِبَةٌ• أَنْتِ فَارِسِيَّةٌ لَا هِنْدِيَّةٌ•

ترجمہ:۔میں باپ ہوں۔توبیٹا ہے۔میں دادا ہوں۔توپوتا ہے۔میں لڑکی ہوں۔تو ماں ہے۔میں پوتی ہوں۔تودادی ہے۔

تم کون ہو؟میں سعد ہوں۔اور تم؟میں حمید ہوں۔کیا تم طالب علم ہو؟ہاں:میں طالب علم ہوں۔کیاتم عربی ہو؟نہیں،میں ہندوستانی ہوں عربی نہیں۔یہ کون ہے؟یہ بھی طالب علم ہے۔کیاوہ طالب علم ہے؟نہیں،وہ کھلاڑی ہے طالب علم نہیں۔

تم کون ہو؟میں خدیجہ ہوں۔کیا تم طالبہ ہو؟ہاں:میں طالبہ ہوں۔کیاتم ہندوستانی ہو؟نہیں،میں پاکستانی ہوں۔یہ کون ہے؟یہ سلمٰی ہے۔

میں طالب علم ہوں،کھلاڑی نہیں۔تم عربی ہو،فارسی نہیں۔میں طالبہ ہوں،کھلاڑی نہیں۔تم فارسی ہو،ہندوستانی نہیں۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	توکون ہے؟میں عالم ہوں۔	مَنْ أَنْتَ؟ أَنَا عَالِمٌ
2	یہ کیاہے؟یہ گھوڑاہے۔	مَا هٰذَا؟هٰذَا فَرَسٌ
3	وہ کون ہے؟وہ طبیب ہے۔	مَنْ ذٰلِكَ؟ذٰلِكَ طَبِيْبٌ
4	وہ کیاہے؟وہ ہاتھی ہے۔	مَا ذٰلِكَ؟ذٰلِكَ فِيْلٌ
5	توکون ہے؟میں عالمہ ہوں۔	مَنْ أَنْتِ؟أَنَاعَالِمَةٌ
6	وہ کیاہے؟وہ کتیاہے۔	مَا تِلْكَ؟تِلْكَ كَلْبَةٌ
7	یہ کون ہے؟یہ حافظہ ہے۔	مَنْ هٰذِهٖ؟هٰذِهٖ حَافِظَةٌ
8	یہ کیاہے؟یہ بلی ہے۔	مَاهٰذِهٖ؟هٰذِهٖ قِطَّةٌ
9	کیایہ سنترہ ہے؟	هَلْ هٰذَا بُرتِقَالٌ؟
10	جی نہیں!یہ سیب ہے سنترہ نہیں۔	لَا،هٰذَا تُفَّاحٌ لَا،بُرْتِقَالٌ

هَلْ ذٰلِكَ طَسْتٌ ؟ نَعَمْ	کیا وہ طشت (سلفچی) ہے؟ جی ہاں!	11

درس (۹)

مِنَ اللهِ • لِلّٰهِ • مِنَ الْبَيْتِ • إِلَى الْكِتَابِ • فِي الْمَاءِ • لِلْوَلَدِ • لِلْبِنْتِ • مِنَ الْحَدِيْقَةِ • لِلْمُؤمِنِ • فِي الأَرْضِ • عَلَى السَّمَاءِ • عَلَى الطَّاوِلَةِ • إِلَى الْجَامِعَةِ • فِي اللَّبَنِ • فِيْ الْقِدْرِ • فِي الْجَيْبِ •

كَالأَسَدِ /الْقَمَرِ • عَلِيٌّ كَالأَسَدِ • عَلَى الْفَرَسِ/الْجَمَلِ • اَلْعَسْكَرِيُّ عَلَى الْفَرَسِ • فِي الْكَأسِ/فِي الاِبْرِيْقِ • اَللَّبَنُ فِي الْكَأسِ • عَلَى الشَّجَرِ/اَلْجِدَارِ • اَلْحَمَامُ عَلَى الشَّجَرِ • عَلَى الْجِدَارِ/اَلسَّقْفِ • اَلْغُرَابُ عَلَى الْجِدَارِ • فِي الدَّلْوِ/الكَأسِ • اَلْمَاءُ فِي الدَّلْوِ • فِي الْقُفْلِ/الْجَيْبِ • اَلْمِفْتَاحُ فِي الْقُفْلِ •

اَلْمَاءُ فِي الاِبْرِيْقِ • اَلْبَبْغَاءُ فِي الْقَفَصِ • اَلطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرِ • اَلْكِتَابُ عَلَى الطَّاوِلَةِ • اَلْعِزَّةُ لِلْمُؤمِنِ • اَلْفَوْزُ لِلْمُجْتَهِدِ •

ترجمہ: اللہ سے۔اللہ کے لیے۔گھر سے۔کتاب تک۔پانی میں۔لڑکے کے لیے۔لڑکی کے لیے۔باغ سے۔مومن کے لیے۔زمین میں۔آسمان پر۔میز پر۔یونیورسٹی تک۔دودھ میں۔دیگچی میں۔جیب میں۔

شیر کی طرح/چاند کی طرح۔علی شیر کی طرح ہے۔گھوڑے پر/اونٹ پر۔فوجی گھوڑے پر ہے۔گلاس میں/جگ میں، دودھ گلاس میں ہے۔درخت پر/دیوار پر، کبوتر درخت پر ہے۔دیوار پر/چھت پر، کوا دیوار پر ہے۔بالٹی میں/گلاس میں، پانی بالٹی میں ہے۔ تالے میں/جیب میں، چابی تالے میں ہے۔

پانی جگ میں ہے۔طوطا پنجرہ میں ہے۔پرندہ درخت پر ہے۔کتاب میز پر ہے۔عزت مومن کے لیے ہے۔کامیابی محنتی کے لیے ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	رسول کے لئے۔	لِلرَّسُوْلِ
2	وضو کے لئے۔	لِلْوُضُوْءِ
3	زمین پر۔	عَلَی الأَرْضِ
4	مکتب میں۔	فِی الْـمَکْتَبِ
5	گھر میں۔	فِی الْبَیْتِ
6	گھر سے۔	مِنَ الْبَیْتِ
7	گھر تک۔	إِلَی الْبَیْتِ
8	ہاتھی پر۔	عَلَی الْفِیْلِ
9	میز پر۔	عَلَی الطَّاوِلَةِ
10	قرآن میں۔	فِی الْقُرْآنِ
11	حدیث میں۔	فِی الْحَدِیْثِ
12	کرسی پر۔	عَلَی الْکُرْسِیِّ
13	اول سے آخر تک	مِنَ الأَوَّلِ إِلَی الْآخِرِ
14	گھر سے مدرسہ تک	مِنَ الْبَیْتِ إِلَی الْـمَدْرَسَةِ
15	کوفہ سے بصرہ تک	مِنَ الْکُوْفَةِ إِلَی الْبَصْرَةِ
16	چھوٹے سے بڑے تک	مِنَ الصَّغِیْرِ إِلَی الْکَبِیْرِ
17	چراغ طاق میں ہے۔	اَلْـمِصْبَاحُ فِی الْـمِشْکٰوةِ
18	پرندہ پنجرہ میں ہے۔	اَلطَّائِرُ فِی الْقَفَصِ
19	لڑکا کرسی پر ہے۔	اَلْوَلَدُ عَلَی الْکُرْسِیِّ
20	کرسی زمین پر ہے۔	اَلْکُرْسِیُّ عَلَی الْأَرْضِ
21	پودا گملے میں ہے۔	اَلْغَرْسُ فِی الْأَصِیْصِ

22	گملا زمین پر ہے۔	اَلْأَصِيْصُ عَلَى الْأَرْضِ
23	عزت عالم کے لیے ہے۔	اَلْعِزَّةُ لِلْعَالِمِ
24	آدمی گھوڑے پر ہے۔	اَلرَّجُلُ عَلَى الْفَرَسِ
25	کامیابی اللہ کی جانب سے ہے۔	اَلْفَوْزُ مِنَ اللهِ
26	علم، عمل کے لیے ہے۔	اَلْعِلْمُ لِلْعَمَلِ

درس (۱۰)

أَيْنَ الْمِصْبَاحُ؟ اَلْمِصْبَاحُ فِي الْمِشْكوٰةِ• أَيْنَ السَّمَكُ؟ اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ• أَيْنَ الطَّائِرُ؟ اَلطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرِ•أَيْنَ الْمَرْأَةُ؟ اَلْمَرْأَةُ فِي الْبَيْتِ• كَيْفَ الْبَيْتُ؟ اَلْبَيْتُ وَاسِعٌ• لِمَنِ الْعِزَّةُ؟ اَلْعِزَّةُ لِلْمُؤْمِنِ• لِمَنِ الْفَوْزُ؟ اَلْفَوْزُ لِلْمُجْتَهِدِ• أَيْنَ السَّلَّةُ ؟ اَلسَّلَّةُ عَلَى الأَرْضِ• كَيْفَ الأَرِيْكَةُ؟ اَلأَرِيْكَةُ جَمِيْلَةٌ• لِمَنِ الأَرِيْكَةُ؟ اَلأَرِيْكَةُ لِسَعِيْدٍ•

اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ• فِي الْكَأسِ مَاءٌ• كَيْفَ الْمَاءُ ؟ اَلْمَاءُ قَرَاحٌ• وَكَيْفَ السَّمَكُ؟ اَلسَّمَكُ جَمِيْلٌ•

ترجمہ:۔ چراغ کہاں ہے؟ چراغ طاق میں ہے۔ مچھلی کہاں ہے؟ مچھلی پانی میں ہے ۔ پرندہ کہاں ہے؟ پرندہ درخت پر ہے۔ عورت کہاں ہے؟ عورت گھر میں ہے۔ گھر کیسا ہے؟ گھر کشادہ ہے۔ عزت کس کے لیے ہے؟ عزت مؤمن کے لیے ہے۔ کامیابی کس کے لیے ہے؟ کامیابی محنتی کے لیے ہے۔ ٹوکری (کنڈی) کہاں ہے؟ ٹوکری زمین پر ہے۔ صوفہ کیسا ہے ؟ صوفہ خوب صورت ہے۔ صوفہ کس کا ہے؟ صوفہ سعید کا ہے۔

مچھلی پانی میں ہے۔ گلاس میں پانی ہے۔ پانی کیسا ہے؟ پانی صاف ہے۔ اور مچھلی کیسی ہے؟ مچھلی خوبصورت ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب

1	أَيْنَ الْبَبْغَاءُ ؟	اَلْبَبْغَاءُ عَلَى الشَّجَرِ
2	كَيْفَ الْقَفَصُ ؟	اَلْقَفَصُ وَاسِعٌ
3	أَيْنَ الطَّائِرُ ؟	اَلطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرِ
4	أَيْنَ الشَّجَرُ ؟	اَلشَّجَرُ عَلَى الأَرْضِ
5	كَيْفَ الطَّائِرُ ؟	اَلطَّائِرُ جَمِيْلٌ
6	كَيْفَ الأَرِيْكَةُ ؟	اَلْأَرِيْكَةُ جَمِيْلَةٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	لڑکی کہاں ہے ؟	أَيْنَ الْبِنْتُ ؟
2	لڑکی گھر میں ہے۔	اَلْبِنْتُ فِي الْبَيْتِ
3	گھر کیسا ہے ؟	كَيْفَ الْبَيْتُ ؟
4	گھر خوب صورت ہے ؟	اَلْبَيْتُ جَمِيْلٌ
5	پنجرہ کیسا ہے ؟	كَيْفَ الْقَفَصُ ؟
6	پنجرہ کشادہ ہے ؟	اَلْقَفَصُ وَاسِعٌ
7	پانی کیسا ہے ؟	كَيْفَ الْمَاءُ ؟
8	پانی صاف ہے ؟	اَلْمَاءُ قَرَاحٌ
9	گھڑی کیسی ہے ؟	كَيْفَ السَّاعَةُ ؟
10	گھڑی خوب صورت ہے۔	اَلسَّاعَةُ جَمِيْلَةٌ
11	لڑکی کہاں ہے ؟	أَيْنَ الْبِنْتُ ؟
12	لڑکی کرسی پر ہے۔	اَلْبِنْتُ عَلَى الْكُرْسِيِّ
13	کرسی کہاں ہے ؟	أَيْنَ الْكُرْسِيُّ ؟

14	کرسی زمین پر ہے۔	اَلْكُرْسِيُّ عَلَى الْأَرْضِ
15	کامیابی کس کے لیے ہے؟	لِمَنِ الْفَوْزُ ؟
16	کامیابی مسلم کے لیے ہے۔	اَلْفَوْزُ لِلْمُسْلِمِ
17	ٹوپی کیسی ہے؟	كَيْفَ الْقَلَنْسُوَةُ؟
18	ٹوپی خوب صورت ہے۔	اَلْقَلَنْسُوَةُ جَمِيْلَةٌ
19	پانی میں مچھلی ہے۔	فِي الْمَاءِ سَمَكٌ
20	پانی گلاس میں ہے۔	اَلْمَاءُ فِي الْكَأْسِ
21	جگ میں پانی ہے۔	فِي الْإِبْرِيْقِ مَاءٌ

درس (۱۱)　تمرین

أَيْنَ الْغُرَابُ؟ اَلْغُرَابُ عَلَى الْجِدَارِ• مَا عَلَى الْجِدَارِ؟ عَلَى الْجِدَارِ غُرَابٌ•
أَيْنَ السَّمَكُ؟ اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ• مَافِي الْمَاءِ؟ فِي الْمَاءِ سَمَكٌ• مَا عَلَى الْأَرْضِ؟ عَلَى الْأَرْضِ اَصِيْصٌ• مَنْ عَلَى الْكُرْسِيِّ؟ عَلَى الْكُرْسِيِّ أُسْتَاذٌ•

هَلِ الْأُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ؟ نَعَمْ: اَلْأُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ• هَلِ الْغُرَابُ عَلَى الشَّجَرِ؟ لَا،اَلْغُرَابُ عَلَى الْجِدَارِ• هَلِ الزَّهَرُ عَلَى الشَّجَرِ؟نَعَمْ: اَلزَّهَرُ عَلَى الشَّجَرِ•

میری مشق

ترجمہ:۔ کوا کہاں ہے؟کوا دیوار پر ہے۔دیوار پر کیا ہے؟دیوار پر کوّا ہے۔مچھلی کہاں ہے؟مچھلی پانی میں ہے۔پانی میں کیا ہے؟پانی میں مچھلی ہے۔زمین پر کیا ہے؟زمین پر گملا ہے۔کرسی پر کون ہے؟کرسی پر استاد ہے۔

کیا استاد کرسی پر ہے؟ہاں:استاد کرسی پر ہے۔کیا کوا درخت پر ہے؟نہیں،کوا دیوار پر ہے۔کیا پھول درخت پر ہے؟ہاں:پھول درخت پر ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب

1	أَيْنَ الْغُرَابُ ؟	اَلْغُرَابُ عَلَى الْجِدَارِ
2	مَا عَلَى الْجِدَارِ ؟	عَلَى الْجِدَارِ غُرَابٌ
3	مَاعَلَى الشَّجَرِ ؟	عَلَى الشَّجَرِ طَائِرٌ
4	أَيْنَ الطَّائِرُ ؟	اَلطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرِ
5	أَيْنَ الأَصِيْصُ ؟	اَلْأَصِيْصُ عَلَى الْأَرْضِ
6	مَاعَلَى الأَرْضِ ؟	عَلَى الْأَرْضِ أَصِيْصٌ
7	أَيْنَ الرَّجُلُ ؟	اَلرَّجُلُ عَلَى الْكُرْسِيِّ
8	مَنْ عَلَى الْكُرْسِيِّ ؟	اَلْأُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ
9	مَا فِي الْمَاءِ ؟	فِي الْمَاءِ سَمَكٌ
10	هَلِ السَّمَكُ فِي الْمَاءِ؟	نَعَمْ ، اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ
11	هَلِ الطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرِ ؟	نَعَمْ، اَلطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرِ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	کتا کہاں ہے؟	أَيْنَ الْكَلْبُ؟
2	کتا باغ میں ہے۔	اَلْكَلْبُ فِي الْحَدِيْقَةِ
3	کیا کتا باغ میں ہے؟	هَلِ الْكَلْبُ فِي الْحَدِيْقَةِ ؟
4	جی ہاں! کتا باغ میں ہے۔	نَعَمْ : اَلْكَلْبُ فِي الْحَدِيْقَةِ
5	باغ میں کیا ہے؟	مَا فِي الْحَدِيْقَةِ؟
6	باغ میں کتا ہے۔	فِي الْحَدِيْقَةِ كَلْبٌ
7	گھر میں کون ہے؟	مَنْ فِي الْبَيْتِ؟
8	گھر میں مرد ہے؟	فِي الْبَيْتِ رَجُلٌ

مَا فِی الْبَیْتِ؟	گھر میں کیا ہے؟	9
فِی الْبَیْتِ قِطَّۃٌ	گھر میں بلی ہے؟	10
ھَلِ الشَّاۃُ فِی الْبَیْتِ؟	کیا بکری گھر میں ہے؟	11
نَعَمْ:اَلشَّاۃُ فِی الْبَیْتِ	جی ہاں! بکری گھر میں ہے۔	12
ھَلِ الْقِطُّ فِی الدُّکَّانِ؟	کیا بلوٹا دکان میں ہے؟	13
لَا، اَلْقِطُّ فِی الْبَیْتِ	جی نہیں! بلوٹا گھر میں ہے۔	14
ھَلِ الْوَلَدُ مُجْتَھِدٌ؟	کیا لڑکا محنتی ہے؟	15
نَعَمْ:اَلْوَلَدُ مُجْتَھِدٌ	جی ہاں! لڑکا محنتی ہے۔	16
مَنْ عَلَی الْکُرْسِیِّ؟	کرسی پر کون ہے؟	17
عَلَی الْکُرْسِیِّ وَلَدٌ	کرسی پر لڑکا ہے۔	18
ھَلِ الزَّھْرُ جَمِیْلٌ؟	کیا پھول خوب صورت ہے؟	19
نَعَمْ:اَلزَّھْرُ جَمِیْلٌ؟	ہاں پھول خوب صورت ہے۔	20
کَیْفَ الزَّھْرُ؟	پھل کیسا ہے؟	21
اَلزَّھْرُ جَمِیْلٌ؟	پھول خوبصورت ہے۔	22

درس (۱۲)

اَلْأُسْتَاذُ عَلَی الْکُرْسِیِّ• اَلْأُسْتَاذُجَالِسٌ عَلَی الْکُرْسِیِّ•اَلتِّلْمِیْذُ عَلَی الأَرْضِ• اَلتِّلْمِیْذُ قَائِمٌ عَلَی الأَرْضِ• اَلرَّجُلُ عَلَی الشَّارِعِ• اَلرَّجُلُ وَاقِفٌ عَلَی الشَّارِعِ•

اَلْحَافِلَۃُ وَاقِفَۃٌ عَلَی الشَّارِعِ• اَلْبِنْتُ قَائِمَۃٌ عَلَی الأَرْضِ• اَلْمُعَلِّمَۃُ جَالِسَۃٌ عَلَی الْکُرْسِیِّ• اَلْوَلَدُ مُشْتَغِلٌ بِالْقِرَاءَۃِ• اَلْبِنْتُ مُشْتَغِلَۃٌ بِالْکِتَابَۃِ• اَللَّاعِبُ مشْتَغِلٌ بِاللَّعِبِ •اَلطَّالِبُ مُشْتَغِلٌ بِالْقِرَاءَۃِ وَالْکِتَابَۃِ• اَلْعِلْمُ کَالْبَحْرِ وَاسِعٌ عَمِیْقٌ• اَلْعَالِمُ رَحْمَۃٌ لِّلْعَالَمِ•

ترجمہ:۔ استاد کرسی پر ہے۔ استاد کرسی پر بیٹھا (ہوا) ہے۔ شاگرد زمین پر ہے ۔ شاگرد زمین پر کھڑا ہے۔ آدمی سڑک پر ہے۔ آدمی سڑک پر کھڑا (ہوا) ہے۔

بس زمین پر کھڑی (ہوئی) ہے۔ لڑکی زمین پر کھڑی (ہوئی) ہے۔ استانی کرسی پر بیٹھی (ہوئی) ہے۔ لڑکا پڑھنے میں مشغول ہے۔ لڑکی لکھنے میں مشغول ہے۔ کھلاڑی کھیل میں مشغول ہے۔ طالب علم پڑھنے اور لکھنے میں مشغول ہے۔ علم سمندر کی طرح کشادہ اور گہرا ہے۔ عالم دنیا کے لیے رحمت ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَینَ الأُسْتَاذُ ؟	اَلْأُسْتَاذُ عَلیَ الْكُرْسِيّ
2	مَنْ عَلیَ الْكُرْسِيّ ؟	اَلْأُسْتَاذُ عَلیَ الْكُرْسِيّ
3	مَنْ جَالِسٌ عَلیَ الْكُرْسِيّ ؟	اَلْأُسْتَاذُ جَالِسٌ عَلیَ الْكُرْسِيّ
4	مَنْ عَلیَ الأَرْضِ ؟	اَلتِّلْمِيْذُ عَلیَ الْأَرْضِ
5	مَنْ قَائِمٌ عَلیَ الأَرْضِ ؟	اَلتِّلْمِيْذُ قَائِمٌ عَلیَ الْأَرْضِ
6	هَلِ الرَّجُلُ وَاقِفٌ عَلیَ الشَّارِعِ ؟	نَعَمْ: اَلرَّجُلُ وَاقِفٌ عَلیَ الشَّارِع
7	هَلِ الْبِنْتُ قَائِمَةٌ عَلیَ الْأَرضِ ؟	نَعَمْ: اَلْبِنْتُ قَائِمَةٌ عَلیَ الْأَرْضِ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	عزت اللہ کے لیے ہے۔	اَلْعِزَّةُ لِلهِ
2	حمد اللہ کے لیے ہے۔	اَلْحَمْدُ لِلهِ
3	حمد اللہ کے لیے ثابت ہے۔	اَلْحَمْدُ ثَابِتٌ لِلهِ

4	صحت انسان کے لیے نعمت ہے۔	اَلصِّحَۃُ نِعْمَۃٌ لِلْإِنْسَانِ
5	کوشش کامیابی کے لیے لازم ہے۔	اَلسَّعْیُ لَازِمٌ لِلْفَوْزِ
6	لڑکا روڑ پر ٹھہرا ہوا ہے۔	اَلْوَلَدُ وَاقِفٌ عَلَی الشَّارِعِ
7	مرد زمین پر کھڑا ہے۔	اَلرَّجُلُ قَائِمٌ عَلَی الْأَرْضِ
8	طالبہ پڑھنے لکھنے میں مشغول ہے۔	اَلطَّالِبَۃُ مُشْتَغِلَۃٌ بِالْقِرَاءَۃِ وَالْکِتَابَۃِ
9	پرندہ درخت پر بیٹھا ہے۔	اَلطَّائِرُ جَالِسٌ عَلَی الشَّجَرِ
10	گھوڑا باغ میں ہے۔	اَلْفَرَسُ فِی الْحَدِیْقَۃِ
11	کوّا دیوار پر بیٹھا (ہوا) ہے۔	اَلْغُرَابُ جَالِسٌ عَلَی الْجِدَارِ
12	قرآن انسان کے لیے ہدایت ہے۔	اَلْقُرْآنُ هِدَایَۃٌ لِلْإِنْسَانِ
13	عمل عالم کے لیے ضروری ہے۔	اَلْعَمَلُ ضَرُوْرِیٌّ لِلْعَالِمِ
14	علم مسلم کے لیے واجب ہے۔	اَلْعِلْمُ فَرْضٌ لِلْمُسْلِمِ
15	کامیابی کوشش میں ہے۔	اَلْفَوْزُ فِی السَّعْیِ
16	کتّا چھت پر بیٹھا ہے۔	اَلْکَلْبُ جَالِسٌ عَلَی السَّقْفِ

درس (۱۳)

هٰذَا قَمِیْصٌ وَّ هُوَ أَبْیَضُ• هٰذَا الْقَمِیْصُ ثَمِیْنٌ وَّ هُوَ أَبْیَضُ لَا أَسْوَدُ•هٰذَا لَوْحٌ وَّ هُوَ أَسْوَدُ• هٰذَا اللَّوْحُ صَغِیْرٌ وَّ هُوَ أَسْوَدُ لَا أَبْیَضُ• ذٰلِکَ بُرْتُقَالٌ وَّ هُوَ أَصْفَرُ •ذٰلِکَ الْبُرْتُقَالُ رَخِیْصٌ وَّ هُوَ أَصْفَرُ لَا أَحْمَرُ• هٰذِهِ الْقَلَنْسُوَۃُ ثَمِیْنَۃٌ• هٰذِهٖ قَلَنْسُوَۃٌ وَّ هِیَ ثَمِیْنَۃٌ• تِلْکَ الْقُبَّعَۃُ رَخِیْصَۃٌ• تِلْکَ قُبَّعَۃٌ وَّ هِیَ رَخِیْصَۃٌ• هٰذَا حَجَرٌ وَ هُوَ أَسْوَدُ• ذٰلِکَ طُوْبٌ وَ هُوَ أَحْمَرُ•

ترجمہ:۔ یہ کرتا ہے اور وہ سفید ہے۔ یہ کرتا قیمتی ہے اور وہ سفید ہے کالا نہیں۔ یہ تختی ہے اور وہ کالی ہے۔ یہ تختی چھوٹی ہے اور وہ کالی ہے سفید نہیں۔ وہ سنترہ ہے اور وہ پیلا ہے۔ وہ

سنترہ سستا ہے اور وہ پیلا ہے سرخ نہیں۔ یہ ٹوپی قیمتی ہے۔ یہ ٹوپی ہے اور وہ قیمتی ہے۔ وہ ٹوپ سستا ہے۔ وہ ٹوپ ہے اور وہ سستا ہے۔ یہ پتھر ہے اور وہ کالا ہے۔ وہ پختہ اینٹ ہے اور وہ سرخ ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَا هٰذَا؟	هٰذَا قَمِيْصٌ
2	كَيْفَ الْقَمِيْصُ ؟	اَلْقَمِيْصُ أَبْيَضُ
3	هَلِ الْقَمِيْصُ ثَمِيْنٌ ؟	نَعَمْ: اَلْقَمِيْصُ ثَمِيْنٌ
4	كَيْفَ اللَّوْحُ ؟	اَللَّوْحُ أَسْوَدُ
5	مَا ذٰلِكَ ؟	ذٰلِكَ بُرْتُقَالٌ
6	كَيْفَ الْبُرْتُقَالُ؟	اَلْبُرْتُقَالُ أَصْفَرُ
7	مَا هٰذِهِ ؟	هٰذِهِ قَلَنْسُوَةٌ
8	كَيْفَ الْقَلَنْسُوَةُ؟	اَلْقَلَنْسُوَةُ ثَمِيْنَةٌ
9	كَيْفَ الْقُبَّعَةُ؟	اَلْقُبَّعَةُ رَخِيْصَةٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ بلی	هٰذِهِ الْقِطَّةُ
2	یہ بلی ہے اور وہ سفید ہے۔	هٰذِهِ قِطَّةٌ وَهِيَ بَيْضَاءُ
3	یہ بلی بڑی ہے اور وہ کالی ہے۔	هٰذِهِ الْقِطَّةُ كَبِيْرَةٌ وَهِيَ سَوْدَاءُ
4	یہ گھوڑا ہے اور وہ قیمتی ہے۔	هٰذَا فَرَسٌ وَهُوَثَمِيْنٌ

هٰذَاالْفَرَسُ	یہ گھوڑا	5
هٰذَاالْفَرَسُ كَبِيْرٌ وَ هُوَ ثَمِيْنٌ	یہ گھوڑابڑاہے اور وہ قیمتی ہے۔	6
هٰذَاالْقَلَمُ	یہ قلم۔	7
هٰذَاالْقَلَمُ رَخِيْصٌ	یہ قلم سستاہے۔	8
هٰذَاالْقَلَمُ رَخِيْصٌ لَاثَمِيْنٌ	یہ قلم سستاہے مہنگانہیں۔	9
هٰذَاالْقَلَمُ رَخِيْصٌ وَهُوَ أَسْوَدُ	یہ قلم سستاہے اور وہ کالاہے۔	10
هٰذَا الطَّائِرُ أَسْوَدُ وَهُوَ غُرَابٌ	یہ پرندکالاہے اور وہ کواہے۔	11
ذٰلِكَ مَوْزٌ	وہ کیلاہے۔	12
ذٰلِكَ الْمَوْزُ أَصْفَرُ	وہ کیلاپیلاہے۔	13
هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ وَهِيَ رَخِيْصَةٌ	یہ سائیکل ہے اور وہ سستی ہے۔	14
تِلْكَ سَاعَةٌ وَهِيَ ثَمِيْنَةٌ	وہ گھڑی ہے اور وہ قیمتی ہے۔	15
هَذَا يَرَاعٌ وَهُوَ طَوِيْلٌ	یہ نیزے کاقلم ہے اور وہ لمباہے۔	16
هٰذَا دَلْوٌ وَهُوَ صَغِيْرٌ	یہ بالٹی ہے اور وہ چھوٹی ہے۔	17
هٰذَا قِرْدٌ وَهُوَ قَبِيْحٌ	یہ بندرہے اور وہ بدصورت ہے۔	18
هٰذَا خُبْزٌ وَهُوَ يَابِسٌ	یہ روٹی ہے اور وہ خشک ہے۔	19
هٰذَا حَبْلٌ وَهُوَ طَوِيْلٌ	یہ رسّی ہے اور وہ لمبی ہے۔	20

درس (۱۴) تمرین

مَاهٰذَا؟

هٰذَا رَسْمٌ وَّ هُوَ جَمِيْلٌ •مَا فِي الرَّسْمِ؟فِي الرَّسْمِ بَيْتٌ وَّ شَجَرٌ وَّ مِحْفَظَةٌ •كَيْفَ الْبَيْتُ؟اَلْبَيْتُ وَاسِعٌ جَمِيْلٌ جِدًّا•مَا عَلَى الشَّجَرِ؟ عَلَى الشَّجَرِطَائِرٌ وَّ هُوَ

حَمَامٌ• أَهٰذَا الْحَيَوَانُ فَرَسٌ؟لَا،هٰذَا الْحَيَوَانُ بَغْلٌ لَا فَرَسٌ• مَافِي الْمِحْفَظَةِ؟ فِي الْمِحْفَظَةِ قَلَمٌ وَّ كُرَّاسَةٌ وَّ مِحْبَرٌ• مَا فِي الْمِحْبَرِ؟ فِي الْمِحْبَرِ حِبْرٌ وَّ هُوَ أَسْوَدُ• لِمَنِ الْمِحْبَرُ؟ اَلْمِحْبَرُ لِشَاهِدٍ وَّ هُوَ طَالِبٌ• لِمَنْ تِلْكَ الْمِحْفَظَةُ• تِلْكَ الْمِحْفَظَةُ لِهٰذِهِ الْبِنْتِ وهِيَ جَالِسَةٌ عَلَى الأَرِيْكَةِ/الْكُرْسِيِّ/الأَرْضِ•

میری مشق

یہ کیا ہے؟

ترجمہ:۔یہ تصویر ہے اور وہ خوب صورت ہے۔تصویر میں کیا ہے؟تصویر میں گھر، درخت اور بستہ ہے۔گھر کیسا ہے؟گھر کشادہ بہت خوب صورت ہے۔درخت پر کیا ہے؟درخت پر پرندہ ہے اور وہ کبوتر ہے۔کیا یہ جانور گھوڑا ہے؟نہیں،یہ جانور خچر ہے گھوڑا نہیں۔بستہ میں کیا ہے؟بستہ میں قلم ،کاپی اور دوات ہے۔دوات میں کیا ہے؟دوات میں روشنائی ہے اور وہ کالی ہے۔دوات کس کی ہے؟دوات شاہد کی ہے اور وہ طالب علم ہے۔وہ بستہ کس کا ہے؟وہ بستہ اِس لڑکی کا ہے اور وہ صوفہ پر بیٹھی ہے/اور وہ کرسی پر بیٹھی ہے/اور وہ زمین پر بیٹھی ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ الرَّسْمُ؟	اَلرَّسْمُ جَمِيْلٌ
2	مَافِي الرَّسْمِ؟	فِي الرَّسْمِ بَيْتٌ وَشَجَرٌ وَمِحْفَظَةٌ
3	أَهٰذِهِ كُرَّاسَةٌ؟	نَعَمْ:هٰذِهِ كُرَّاسَةٌ
4	كَيْفَ الْكُرَّاسَةُ؟	اَلْكُرَّاسَةُ جَيِّدَةٌ
5	لِمَنْ تِلْكَ الْمِحْفَظَةُ؟	اَلمِحْفَظَةُ لِهٰذِهِ الْبِنْتِ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ کیا ہے؟	مَاهٰذَا؟
2	یہ پنجرہ ہے۔	هٰذَا قَفَصٌ
3	پنجرے میں کیا ہے؟	مَافِى الْقَفَص؟
4	پنجرے میں طوطا ہے۔	فِى الْقَفَص بَبْغَاءُ
5	یہ گھڑی کس کی ہے؟	لِمَنْ هٰذِهِ السَّاعَةُ؟
6	یہ گھڑی اُس لڑکے کی ہے۔	هٰذِهِ السَّاعَةُ لِذٰلِكَ الْوَلَدِ
7	یہ گھڑی قیمتی ہے؟	هَل السَّاعَةُ ثَمِيْنَةٌ؟
8	جی ہاں!گھڑی قیمتی ہے۔	نَعَمْ: اَلسَّاعَةُ ثَمِيْنَةٌ
9	وہ کیا ہے؟	مَا ذٰلِكَ؟
10	وہ گملا ہے۔	ذٰلِكَ أَصِيْصٌ
11	گملے میں کیا ہے؟	مَافِى الْأَصِيْص؟
12	گملے میں پودا ہے اور وہ بڑا ہے۔	فِى الْأَصِيْص غَرْسٌ وَهُوَ كَبِيْرٌ
13	کیا اِس تصویر میں انار، سنترہ اور کیلا ہے؟	هَلْ فِى هٰذَاالرَّسْمِ رُمَّانٌ وَ بُرْتَقَالٌ وَمَوْزٌ؟
14	جی نہیں!اِس تصویر میں سیب، انگور اور گلاب ہے۔	لَا،فِىْ هٰذَاالرَّسْمِ تُفَّاحٌ وَعِنَبٌ وَوَرْدٌ
15	گلاب بہت خوب صورت ہے۔	اَلْوَرْدُ جَمِيْلٌ جِدًّا
16	کرسی پر کون بیٹھا ہے؟	مَنْ جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِىّ؟
17	کرسی پر استاد بیٹھا ہے۔	اَلْأُسْتَاذُ جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِىّ
18	شاہد کہاں ہے؟	أَيْنَ شَاهِدٌ؟
19	وہ سڑک پر ہے۔	وَهُوَ عَلَى الشَّارِع

وَهُوَ وَاقِفٌ	اور وہ کھڑا ہے۔	20

درس (۱۵)

كَشَّافُ الضَّوْءِ

مَاءٌ• بَحْرٌ• مَاءُ الْبَحْرِ• صَوْتٌ• كَلْبٌ• صَوْتُ الْكَلْبِ• سَرْجٌ• فَرَسٌ• سَرْجُ الْفَرَسِ• خُرْطُوْمٌ• فِيْلٌ• خُرْطُوْمُ الْفِيْلِ• عُنُقٌ• جَمَلٌ• عُنُقُ الْجَمَلِ• بَحْرٌ• هِنْدٌ• بَحْرُ الْهِنْدِ• صَوْتٌ• حِمَارٌ• صَوْتُ الْحِمَارِ•

لَوْنُ الْبَقَرِ أَبْيَضُ /أَسْوَدُ/أَصْفَرُ•طَالِبُ الْمَدْرَسَةِ نَظِيْفٌ ذَكِيٌّ•طَالِبَةُ الْكُتَّابِ نَظِيْفَةٌ ذَكِيَّةٌ•

لَوْنُ الْقَلَنْسُوَةِ أَسْوَدُ• لَوْنُ الْقُبَّعَةِ أَبْيَضُ•عُنُقُ الْجَمَلِ طَوِيْلٌ• شَجَرُ الرُّمَّانِ قَصِيْرٌ• سَرْجُ الْفَرَسِ جَمِيْلٌ• صَوْتُ الْفَرَسِ صَهِيْلٌ•

قَلَمُ الْحِبْرِ قَصِيْرٌ• قَلَمُ الرَّصَاصِ طَوِيْلٌ• طَالِبُ الْكُتَّابِ مُجْتَهِدٌ• لَوْنُ الْبُرْتُقَالِ أَصْفَرُ• كُرَةُ الْقَدَمِ مُتَلَوِّنَةٌ• اُسْطُوَانَةُ الْغَازِ قَصِيْرَةٌ•

لائٹ

ترجمہ:۔ پانی۔سمندر۔سمندر کا پانی۔آواز۔کتا۔کتے کی آواز۔زین ۔گھوڑا۔ گھوڑے کی زین۔سونڈ۔ہاتھی ۔ہاتھی کی سونڈ۔گردن۔اونٹ۔اونٹ کی گردن۔سمندر۔ ہندوستان۔ہندوستان کا سمندر۔آواز۔گدھا۔گدھے کی آواز۔

گائے کا رنگ سفید ہے/کالا ہے/پیلا ہے۔مدرسہ کا طالب علم صاف ستھرا عقلمند ہے۔مکتب کی طالبہ صاف ستھری،عقلمند ہے۔

ٹوپی کا رنگ کالا ہے۔ٹوپ کا رنگ سفید ہے۔اونٹ کی گردن لمبی ہے۔انار کا درخت چھوٹا ہے۔گھوڑے کی زین خوبصورت ہے۔گھوڑے کی آواز ہنہنانا ہے۔

فونٹن پن چھوٹا ہے۔ پنسل لمبی ہے۔ مکتب کا طالب علم محنتی ہے۔ سنترہ کا رنگ پیلا ہے۔ فٹ بال رنگین ہے۔ گیس سلنڈر چھوٹا ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَالَوْنُ التُّفَّاحِ؟	:لَوْنُ التُّفَّاحِ أَحْمَرُ
2	مَالَوْنُ الْغُرَابِ؟	لَوْنُ الْغُرَابِ أَسْوَدُ
3	مَا صَوْتُ الْفَرَسِ؟	صَوْتُ الْفَرَسِ صَهِيْلٌ
4	كَيْفَ سَرْجُ الْفَرَسِ؟	سَرْجُ الْفَرَسِ جَمِيْلٌ
5	كَيْفَ قَلَمُ الْحِبْرِ؟	قَلَمُ الْحِبْرِ قَصِيْرٌ
6	كَيْفَ كُرَةُ الْقَدَمِ؟	كُرَةُ الْقَدَمِ مُتَلَوِّنَةٌ

عربی بناؤ:

شمار	اردو	عربی
1	گھوڑے کا رنگ کیسا ہے؟	كَيْفَ لَوْنُ الْفَرَسِ؟
2	گھوڑے کا رنگ سفید ہے۔	لَوْنُ الْفَرَسِ أَبْيَضُ
3	انار کا رنگ سرخ ہے۔	لَوْنُ الرُّمَّانِ أَحْمَرُ
4	بستے کا رنگ پیلا ہے۔	لَوْنُ الْمِحْفَظَةِ أَصْفَرُ
5	فونٹن پن قیمتی ہے۔	قَلَمُ الْحِبْرِ ثَمِيْنٌ
6	پنسل سستی ہے۔	قَلَمُ الرَّصَاصِ رَخِيْصٌ
7	خالد کی ٹوپی رنگین ہے۔	قَلَنْسُوَةُ خَالِدٍ مُتَلَوِّنَةٌ
8	سعید کا شاگرد ناٹا ہے۔	تِلْمِيْذُ سَعِيْدٍ قَصِيْرٌ
9	ہاتھی کی سونڈ لمبی ہے۔	خُرْطُوْمُ الْفِيْلِ طَوِيْلٌ

غَرْسُ الْوَرْدِ صَغِيْرٌ	گلاب کا پودا چھوٹا ہے۔	10
قَفَصُ الْبَبْغَاءِ جَمِيْلٌ	طوطے کا پنجرہ خوب صورت ہے۔	11
طَالِبَةُ الْكُتَّابِ مُجْتَهِدَةٌ	مکتب کی طالبہ محنتی ہے۔	12
أُسْطَوَانَةُ الْغَازِ كَبِيْرَةٌ	گیس سلنڈر بڑا ہے۔	13
كُرَةُ الْقَدَمِ قَصِيْرَةٌ	فٹ بال چھوٹی ہے۔	14
بَيْتُ اللهِ مُبَارَكٌ	اللہ کا گھر بابرکت ہے۔	15
مُسْلِمُ فِلَسْطِيْنَ مَظْلُوْمٌ	فلسطین کا مسلمان مظلوم ہے۔	16
جَامِعُ قُرْطَبَةَ وَسِيْعٌ	جامع قُرطُبہ کشادہ ہے۔	17
تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ سَهْلٌ	سبق کی تمرین آسان ہے۔	18
دَرْسُ الْكِتَابِ صَعْبٌ	کتاب کا سبق سخت ہے۔	19
أَدَبُ الْأُسْتَاذِ ضَرُوْرِيٌّ	استاد کا ادب ضروری ہے۔	20
ضَرْعُ الْبَقَرَةِ جَمِيْلٌ	گائے کا تھن خوب صورت ہے۔	21
وَجْهُ الْقِرْدِ قَبِيْحٌ	بندر کا چہرہ برا ہے۔	22

درس (۱۶)

دِيْنِيْ• دِيْنُكَ• دِيْنُهٗ• جَدِّيْ• جَدُّكَ•جَدُّهٗ• صَوْتِيْ• صَوْتُكِ•صَوْتُهَا•أُخْتِي• أُخْتُكِ• أُخْتُهَا•

مَااِسْمُكَ يَاوَلَدُ؟اِسْمِيْ عَمَّارٌ• مَااِسْمُ جَدِّكَ؟ اِسْمُهٗ اِقْبَالٌ• مَنْ رَبُّكَ؟ رَبِّيَ اللهُ• مَا دِيْنُكَ؟ دِيْنِيَ الإِسْلَامُ• مَنْ (سَيِّدُنَا)مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَليهِ وَسَلَّمَ؟هُوَ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ •

مَااِسْمُکِ یَابِنْتُ؟ اِسْمِيْ خَدِيْجَةُ• مَااِسْمُ أُمُّکِ؟ اِسْمُهَا زَيْنَبُ• کَيْفَ حَالُکِ؟اَلْحَمْدُ للهِ أَنَا بِخَيْرٍ• أَدِيْنُکِ اِسْلَامٌ؟ نَعَمْ: دِيْنِيَ الإِسْلَامُ• مَا هِوَايَتُکِ؟ هِوَايَتِيْ الْقِرَاءَةُ• مَا غِذَائُکِ؟ غِذَائِيْ لَحْمٌ وَسَمَکٌ•

ترجمہ:۔ میرا دین۔ تیرا دین۔ اس کا دین۔ میرا دادا۔ تیرا دادا۔ اس کا دادا۔ میری آواز ۔تیری (مؤنث) آواز۔ اس (مؤنث) کی آواز۔ میری بہن ۔ تیری (مؤنث) بہن ۔ اس (مؤنث) کی بہن۔

اے لڑکے! تیرا نام کیا ہے؟ میرا نام عمار ہے۔ تیرے دادا کا نام کیا ہے؟ ان کا نام اقبال ہے۔ تیرا رب کون ہے؟ میرا رب اللہ ہے۔ تیرا دین کیا ہے؟ میرا دین اسلام ہے ۔ (ہمارے آقا) محمد ﷺ کون ہیں؟ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ﷺ ہیں۔

اے لڑکی! تیرا نام کیا ہے؟ میرا نام خدیجہ ہے۔ تیری ماں کا نام کیا ہے؟ ان کا نام زینب ہے۔ تم کیسی ہو؟ الحمد للہ میں خیریت سے ہوں۔ کیا تیرا دین اسلام ہے؟ ہاں: میرا دین اسلام ہے۔ تیرا محبوب مشغلہ کیا ہے؟ میرا محبوب مشغلہ پڑھنا ہے۔ تیری غذا کیا ہے؟ میری غذا گوشت اور مچھلی ہے۔

عربی بناؤ
(مذکر)

شمار	اردو	عربی	شمار	اردو	عربی
1	اس کا بندہ	عَبْدُه	2	میرا گھر	بَيْتِي
3	میرا نام	إِسْمِيْ	4	میرا باغ	حَدِيْقَتِيْ
5	میرا گھوڑا	فَرَسِيْ	6	میرا دادا	جَدِّيْ
7	اس کا کتا	کَلْبُه	8	اس کی بلی	قِطَّتُهٗ
9	اس کا گدھا	حِمَارُه	10	اس کا اونٹ	جَمَلُه
11	اس کی بولی	صَوْتُه	12	تیری آواز	صَوْتُكَ

قَلَنْسُوَتُكَ	تیری ٹوپی	14	أُخْتُكَ	تیری بہن	13
كَلْبَتُكَ	تیری کتیا	16	كِتَابُكَ	تیری کتاب	15

مؤنث

شمار	اردو	عربی	شمار	اردو	عربی
1	میرارب	رَبِّي	2	میرا گملا	أَصِيْصِيْ
3	میرا طوطا	بَبْغَائِي	4	میری بہن	أُخْتِيْ
5	میرا مکتب	مَكْتَبِيْ	6	تیری اونٹنی	نَاقَتُكِ
7	تیری بکری	شَأتُكِ	8	تیری بلّی	قِطَّتُكِ
9	تیری کتاب	كِتَابُكِ	10	تیری تختی	لَوْحُكِ
11	اس کی استانی	مُعَلِّمَتُهَا	12	اس کا نام	اِسْمُهَا
13	اس کا رب	رَبُّهَا	14	اس کی گھڑی	سَاعَتُهَا
کیا اللہ زمین وآسمان کا خالق ہے؟			هَل اللهُ خَالِقُ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ؟		
جی ہاں! وہ زمین وآسمان کا خالق ہے۔			نَعَمْ، هُوَ خَالِقُ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ		
کیا سیدنا محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں؟			أَسَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ رَسُوْلُ اللهِ؟		
جی ہاں! وہ اللہ کے رسول ہیں۔			نَعَمْ: هُوَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ		

درس (١٧)

أَهٰذَا الرَّجُلُ طَوِيْلٌ ؟ لَا، بَلْ هُوَ قَصِيْرٌ• أَمِنْقَارُ الْبَبْغَاءِ أَحْمَرُ؟ نَعَمْ: مِنْقَارُهٗ أَحْمَرُ• أَسِتَارُ الْبَابِ مُتَلَوِّنٌ؟ لَا، بَلْ هُوَ أَبْيَضُ• أَعُنُقُ الْجَمَلِ قَصِيْرٌ؟ لَا، بَلْ هُوَ طَوِيْلٌ• أَلَوْنُ الثَّوْرِ أَسْوَدُ؟ لَا، بَلْ لَوْنُهٗ أَبْيَضُ•

ترجمہ:۔کیا یہ آدمی لمبا ہے؟نہیں،بلکہ وہ چھوٹا ہے۔کیا طوطے کی چونچ سرخ ہے؟ہاں:اس کی چونچ سرخ ہے۔کیا دروازے کا پردہ رنگین ہے؟نہیں،بلکہ وہ سفید ہے۔کیا اونٹ کی گردن چھوٹی ہے؟نہیں،بلکہ وہ لمبی ہے۔کیا بیل کا رنگ کالا ہے؟نہیں،بلکہ اس کا رنگ سفید ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَلَوْنُ الْغُرَابِ أَبْيَضُ ؟	لَا،بَلْ لَوْنُهُ أَسْوَدُ
2	أَسِتَارُ الْبَابِ أَبْيَضُ ؟	نَعَمْ:سِتَارُ الْبَابِ أَبْيَضُ
3	أَمِنْقَارُ الْبَبْغَاءِ اَصْفَرُ؟	لَا،بَلْ مِنْقَارُهُ أَحْمَرُ
4	هَلْ هٰذَا بُرْتَقَالٌ؟	نَعَمْ:هٰذَا بُرْتَقَالٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	کیا یہ مرد ناٹا ہے؟	أَهٰذَا الرَّجُلُ قَصِيْرٌ؟
2	جی نہیں!بلکہ وہ لمبا ہے۔	لَا،بَلْ هُوَ طَوِيْلٌ
3	کیا وہ مرد پاکستانی ہے۔	أَذٰلِكَ الرَّجُلُ بَاكِسْتَانِيٌّ؟
4	جی نہیں!بلکہ وہ بھارتی ہے۔	لَا،بَلْ هُوَ هِنْدِيٌّ
5	کیا دروازے کا پردہ سفید ہے۔	أَسِتَارُ الْبَابِ أَبْيَضُ ؟
6	جی نہیں!بلکہ وہ رنگین ہے۔	لَا،بَلْ هُوَ مُتَلَوِّنٌ
7	کیا یہ سبق مشکل ہے؟	أَهٰذَا الدَّرْسُ صَعْبٌ ؟
8	جی نہیں!بلکہ یہ آسان ہے۔	لَا،بَلْ هٰذَا سَهْلٌ
9	کیا یہ گلاب کالا ہے؟	أَهٰذَا الْوَرْدُ أَسْوَدُ؟
10	نہیں!بلکہ یہ گلاب سرخ ہے۔	لَا،بَلْ هٰذَا الْوَرْدُ أَحْمَرُ

11	کیا گھڑی قیمتی ہے؟	هَلِ السَّاعَةُ ثَمِيْنَةٌ؟
12	نہیں! بلکہ یہ گھڑی سستی ہے۔	لَا، بَلْ هٰذِهِ السَّاعَةُ رَخِيْصَةٌ
13	کیا یہ ٹوپی کالی ہے؟	أَهٰذِهِ الْقَلَنْسُوَةُ سَوْدَاءُ؟
14	نہیں! بلکہ یہ ٹوپی سفید ہے۔	لَا، بَلْ هٰذِهِ الْقَلَنْسُوَةُ بَيْضَاءُ
15	کیا تیرا نام عابد ہے؟	أَإِسْمُكَ عَابِدٌ؟
16	جی نہیں! میرا نام شاہد ہے۔	لَا، إِسْمِي شَاهِدٌ
17	کیا عزت کافر کے لیے ہے؟	هَلِ الْعِزَّةُ لِلْكَافِرِ؟
18	نہیں! بلکہ وہ مسلمان کے لیے ہے۔	لَا، بَلْ هِيَ لِلْمُسْلِمِ
19	کیا یہ جھاؤ (کا درخت) ہے؟	أَهٰذَا الْأَثْلُ؟ / أَهٰذَا شَجَرُ الأَثْلِ؟
20	نہیں! بلکہ یہ انار (کا درخت) ہے۔	لَا، بَلْ هٰذَا رُمَّانٌ / لَا، بَلْ هٰذَا شَجَرُ الرُّمَّانُ

درس (۱۸)

هَلِ اللّٰهُ أَحَدٌ؟ نَعَمْ: اَللّٰهُ أَحَدٌ• أَمَتَاعُ الدُّنْيَا كَثِيْرٌ؟ لَا، مَتَاعُ الدُّنْيَا لَيسَ بِكَثِيْرٍ• هَلِ الْمُسْلِمُ طَاهِرٌ؟ نَعَمْ: اَلْمُسْلِمُ طَاهِرٌ• هَلِ الْمُشْرِكُ طَاهِرٌ؟ لَا، اَلْمُشْرِكُ لَيْسَ بِطَاهِرٍ• أَهٰذَا الْمَاءُ عَذْبٌ؟ نَعَمْ: هٰذَا الْمَاءُ عَذْبٌ• أَهٰذَا الْقِطَارُ سَرِيْعٌ ؟ نَعَمْ: هٰذَا الْقِطَارُ سَرِيْعٌ• أَهٰذَا الْجَبَلُ شَامِخٌ؟ لَا، هٰذَا الْجَبَلُ لَيْسَ بِشَامِخٍ• أَذٰلِكَ الطِّفْلُ عَاطِشٌ؟ نَعَمْ: ذٰلِكَ الطِّفْلُ عَاطِشٌ•

اَللّٰهُ خَبِيْرٌ• اَللّٰهُ لَيْسَ بِغَافِلٍ• مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ• مَتَاعُ الدُّنْيَا لَيْسَ بِكَثِيْرٍ• اَلْمُشْرِكُ نَجِسٌ• اَلْمُشْرِكُ لَيْسَ بِطَاهِرٍ• مَاءُ الْبَحْرِ مِلْحٌ• مَاءُ الْبَحْرِ لَيْسَ بِعَذْبٍ• اَلْمُسْلِمُ طَاهِرٌ• اَلْمُسْلِمُ لَيْسَ بِنَجِسٍ•

ترجمہ:۔ کیا اللہ ایک ہے؟ ہاں، اللہ ایک ہے۔ کیا دنیا کا سامان زیادہ ہے؟ نہیں، دنیا کا سامان زیادہ نہیں ہے۔ کیا مسلمان پاک ہے؟ ہاں، مسلمان پاک ہے۔ کیا مشرک پاک ہے؟ نہیں، مشرک پاک نہیں ہے۔ کیا یہ پانی میٹھا ہے؟ ہاں، یہ پانی میٹھا ہے۔ کیا یہ ٹرین تیز رفتار ہے؟ ہاں، یہ ٹرین تیز رفتار ہے۔ کیا یہ پہاڑ بلند ہے؟ نہیں، یہ پہاڑ بلند نہیں ہے۔ کیا وہ بچہ پیاسا ہے؟ ہاں، وہ بچہ پیاسا ہے۔

اللہ خبر رکھنے والا ہے جاننے والا ہے۔ اللہ غافل نہیں ہے۔ دنیا کا سامان تھوڑا ہے۔ دنیا کا سامان زیادہ نہیں ہے۔ مشرک ناپاک ہے۔ مشرک پاک نہیں ہے۔ سمندر کا پانی کھاری ہے۔ سمندر کا پانی میٹھا نہیں ہے۔ مسلمان پاک ہے۔ مسلمان ناپاک نہیں ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اسلام حق ہے۔	اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ
2	اسلام باطل نہیں ہے۔	اَلْاِسْلَامُ لَیْسَ بِبَاطِلٍ
3	کافر پاک نہیں ہے۔	اَلـمُشْرِكُ لَیْسَ بِطَاھِرٍ
4	لیموں کھٹا ہے۔	اَللَّیْمُوْنُ حَامِضٌ
5	لیموں میٹھا نہیں ہے۔	اَللَّیْمُوْنُ لَیْسَ بِحُلْوٍ
6	انگور کھٹا نہیں ہے۔	اَلْعِنَبُ لَیْسَ بِحَامِضٍ
7	سلطان عادل ہے۔	اَلسُّلْطَانُ عَادِلٌ
8	مسلمان ظالم نہیں ہے۔	اَلمُسْلِمُ لَیْسَ بِظَالِمٍ
9	خازن خائن نہیں ہے۔	اَلْخَازِنُ لَیْسَ بِخَائِنٍ
10	کھانا زیادہ ہے۔	اَلطَّعَامُ كَثِیْرٌ
11	کھانا کم نہیں ہے۔	اَلطَّعَامُ لَیْسَ بِقَلِیْلٍ
12	سبق مشکل نہیں ہے۔	اَلدَّرْسُ لَیْسَ بِصَعْبٍ
13	تو پست قد ہے۔	أَنْتَ قَصِیْرٌ

14	میں لمبا نہیں ہوں۔	أَنَا لَيْسَ بِطَوِيْلٍ
15	میں ناٹا نہیں ہوں۔	أَنَا لَيْسَ بِقَصِيْرٍ
16	کتا فربہ ہے۔	اَلْكَلْبُ سَمِيْنٌ
17	بلی دبلی نہیں ہے۔	اَلْقِطَّةُ لَيْسَتْ بِهَزِيْلَةٍ
18	مریم حافظہ نہیں ہے۔	مَرْيَمُ لَيْسَتْ بِحَافِظَةٍ
19	یہ موٹر کار فاسٹ ہے۔	هٰذِهِ السَّيَّارَةُ سَرِيْعَةٌ
20	وہ ٹرین فاسٹ ہے۔	ذٰلِكَ الْقِطَارُ سَرِيْعٌ

درس (۱۹)

أَيُّ شَيْءٍ ؟ كُلُّ شَيْءٍ• أَيُّ شُغْلٍ؟ كُلُّ شُغْلٍ•

أَيُّ فَصْلٍ مُعْتَدِلٌ؟ فَصْلُ الرَّبِيْعِ مُعْتَدِلٌ • أَيُّ فَصْلٍ حَارٌّ ؟ فَصْلُ الصَّيْفِ حَارٌّ• أَيُّ فَصْلٍ بَارِدٌ ؟ فَصْلُ الشِّتَاءِ بَارِدٌ• أَيُّ شُغْلٍ مُفِيْدٌ ؟شُغْلُ الدِّيْنِ مُفِيْدٌ•

أَيْنَ عَبْدُ الْوَهَّابِ؟ هُوَ فِيْ شُغْلٍ،شَاغِلٌ• هٰذِهِ الْحَدِيْقَةُ لِأَيِّ رَجُلٍ؟ هٰذِهِ الْحَدِيْقَةُ لِسَعِيْدٍ• أَيُّ حَيَوَانٍ نَابِحٌ/صَاهِلٌ/نَاهِقٌ؟مَا الْحِمَارُ؟ هُوَ حَيَوَانٌ نَاهِقٌ•

ترجمہ: کون سی چیز۔ ہر چیز۔ کون سا کام۔ ہر کام۔

کون سا موسم درمیانہ/خوشگوار ہے؟ موسم بہار درمیانہ/خوشگوار ہے۔ کون سا موسم گرم ہے؟ موسم گرما گرم ہے۔ کون سا موسم سرد ہے؟ موسم سرما سرد ہے۔ کون سا کام مفید ہے؟ دین کا کام مفید ہے۔

عبدالوہاب کہاں ہے؟ وہ کام میں مشغول ہے۔ یہ باغ کس آدمی کا ہے؟ یہ باغ سعید کا ہے۔ کون سا جانور بھوکنے والا/ہنہنانے والا/رینکنے والا ہے؟ گدھا کیا ہے؟ وہ رینکنے والا جانور ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَيُّ طَائِرٍ أَسْوَدُ؟	اَلْغُرَابُ أَسْوَدُ
2	أَيُّ دِيْنٍ حَقٌّ؟	دِيْنُ الْإِسْلَامِ حَقٌّ
3	أَيُّ عِلْمٍ مُفِيْدٌ؟	عِلْمُ الدِّيْنِ مُفِيْدٌ
4	هٰذَا الْكِتَابُ لِأَيِّ طَالِبٍ ؟	هٰذَا الْكِتَابُ لِسَعِيْدٍ
5	ذٰلِكَ الْوَلَدُ فِي أَيِّ شُغْلٍ ؟	ذٰلِكَ الْوَلَدُ فِي الْقِرَاءَةِ شَاغِلٌ
6	أَفَصْلُ الرَّبِيْعِ مُعْتَدِلٌ؟	نَعَمْ: فَصْلُ الرَّبِيْعِ مُعْتَدِلٌ
7	تِلْكَ الْبِنْتُ فِي أَيِّ شُغْلٍ شَاغِلَةٌ؟	تِلْكَ الْبِنْتُ فِي الْكِتَابَةِ شَاغِلَةٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	کونسی کتاب آسان ہے؟	اَيُّ كِتَابٍ سَهْلٌ؟
2	مفتاح العربیہ آسان ہے۔	مِفْتَاحُ الْعَرَبِيَّةِ سَهْلٌ
3	کونسا پرندہ خوب صورت ہے؟	اَيُّ طَائِرٍ جَمِيْلٌ؟
4	مور (طاؤس) خوب صورت ہے۔	اَلطَّاوُوْس جَمِيْلٌ
5	کونسا علم فائدہ مند ہے؟	اَيُّ عِلْمٍ نَافِعٌ؟
6	علم دین فائدہ مند ہے۔	عِلْمُ الدِّيْنِ مُفِيْدٌ
7	کونسا دین حق ہے؟	اَيُّ دِيْنٍ حَقٌّ؟
8	دین اسلام حق ہے۔	دِيْنُ الْإِسْلَامِ حَقٌّ
9	کونسا متعلم محنتی ہے؟	اَيُّ طَالِبٍ مُجْتَهِدٌ؟

10	یہ متعلم محنتی ہے۔	هٰذَا الطَّالِبُ مُجْتَهِدٌ
11	کونسی متعلمہ محنتی ہے؟	اَيَّةُ طَالِبَةٍ مُجْتَهِدَةٌ؟
12	وہ متعلمہ محنتی ہے۔	تِلْكَ الطَّالِبَةُ مُجْتَهِدَةٌ
13	کیا موسم بہار، خوش گوار ہے؟	أَفَصْلُ الرَّبِيْع مُعْتَدِلٌ؟
14	جی ہاں! موسم بہار خوش گوار ہے۔	نَعَمْ،فَصْلُ الرَّبِيْع مُعْتَدِلٌ
15	خالد کی لڑکی کس کام میں مشغول ہے؟	بِنْتُ خَالِدٍ فِيْ اَيِّ شُغْلٍ شَاغِلَةٌ؟
16	وہ پڑھنے لکھنے میں مشغول ہے۔	تِلْكَ فِي الْقَرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ شَاغِلَةٌ
17	یہ فونٹن پن کس کا ہے؟	لِمَنْ هٰذَا قَلَمُ الْحِبْرِ؟
18	یہ عاقل کا ہے۔	هٰذَا لِعَاقِلٍ

درس (۲۰)

أَكُلُّ وَلَدٍ هَزِيْلٌ؟ لَا،كُلُّ وَلَدٍ لَيْسَ بِهَزِيْلٍ• أَكُلُّ رَجُلٍ سَمِيْنٌ؟ لَا،كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِسَمِيْنٍ• أَكُلُّ تِلْمِيْذٍ وَفِيٌّ؟ لَا ،كُلُّ تِلْمِيْذٍ لَيْسَ بِوَفِيٍّ •أَكُلُّ دَرْسٍ سَهْلٌ؟ لَا،كُلُّ دَرْسٍ لَيْسَ بِسَهْلٍ؟ أَكُلُّ شُغْلٍ صَعْبٌ؟ لَا،كُلُّ شُغْلٍ لَيْسَ بِصَعْبٍ• أَكُلُّ طَالِبٍ اَنُوْفٌ؟ لَا،كُلُّ طَالِبٍ لَيْسَ بِأَنُوْف•

كُلُّ وَلَدٍ لَيْسَ بِهَزِيْلٍ• كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِسَمِيْنٍ• كُلُّ شَيْءٍ لَيْسَ بِرَخِيْصٍ• كُلُّ شَيْءٍ لَيْسَ بِثَمِيْنٍ•

ترجمہ:۔ کیا ہر لڑکا دبلا ہے؟ نہیں، ہر لڑکا دبلا نہیں ہے۔کیا ہر آدمی موٹا ہے؟ نہیں، ہر آدمی موٹانہیں ہے۔کیا ہر شاگرد وفادار ہے؟نہیں، ہر شاگرد وفادار نہیں ہے۔کیا ہر سبق

آسان ہے ؟نہیں ،ہر سبق آسان نہیں ہے۔کیا ہر کام مشکل ہے ؟نہیں ہر کام مشکل نہیں ہے۔کیا ہر طالب علم خوددار/غیرت دار ہے ؟نہیں ،ہر طالب علم خوددار/غیرت دار نہیں ہے۔ ہر لڑکا دبلا نہیں ہے۔ہر آدمی موٹا نہیں ہے۔ہر چیز سستی نہیں ہے۔ہر چیز قیمتی نہیں ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَكُلُّ مَاءٍ قَرَاحٌ ؟	لَا،كُلُّ مَاءٍ لَيْسَ بِقَرَاحٍ
2	أَكُلُّ حَيَوَانٍ وَفِيٌّ ؟	لَا،كُلُّ حَيَوَانٍ لَيْسَ بِوَفِيٍّ
3	أَكُلُّ وَلَدٍ سَمِيْنٌ ؟	لَا،كُلُّ وَلَدٍ لَيْسَ بِسَمِيْنٍ
4	أَكُلُّ تُفَّاحٍ حلْوٌ ؟	لَا،كُلُّ تُفَّاحٍ لَيْسَ بِحُلْوٍ
5	أَكُلُّ تَمْرِيْنٍ صَعْبٌ ؟؟	لَا،كُلُّ تَمْرِيْنٍ لَيْسَ بِصَعْبٍ
6	أَكُلُّ دِيْنٍ حَقٌّ ؟	لَا،كُلُّ دِيْنٍ لَيْسَ بِحَقٍّ
7	أَكُلُّ وَلَدٍ مُجْتَهِدٌ ؟	لَا،كُلُّ وَلَدٍ لَيْسَ بِمُجْتَهِدٍ
8	أَكُلُّ شُغْلٍ سَهْلٌ ؟	لَا،كُلُّ شُغْلٍ لَيْسَ بِسَهْلٍ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	کیا ہر خازن خائن ہے ؟	أَكُلُّ خَازِنٍ خَائِنٌ ؟
2	نہیں !ہر خازن خائن نہیں ۔	لَا ، كُلُّ خَازِنٍ لَيْسَ بِخَائِنٍ
3	کیا ہر لڑکا باادب ہے ؟	أَكُلُّ وَلَدٍ مُهَذَّبٌ ؟
4	نہیں !ہر لڑکا باادب نہیں ۔	لَا ، كُلُّ وَلَدٍ لَيْسَ بِمُهَذَّبٍ
5	کیا ہر مسلمان صالح ہے ؟	أَكُلُّ مُسْلِمٍ صَالِحٌ ؟
6	کیا ہر تصویر خوب صورت ہے ؟	أَكُلُّ رَسْمٍ جَمِيْلٌ ؟

7	کیا ہر مرد دبلا ہے؟	أَكُلُّ رَجُلٍ هَزِيْلٌ؟
8	کیا ہر چیز مفید ہے؟	أَكُلُّ شَيْئٍ مُفِيْدٌ؟
9	کیا ہر دین باطل ہے؟	أَكُلُّ دِيْنٍ بَاطِلٌ؟
10	کیا ہر ایک پرندہ خوب صورت ہے؟	أَكُلُّ طَائِرٍ جَمِيْلٌ؟
11	ہر کام آسان نہیں۔	كُلُّ شُغْلٍ لَيْسَ بِسَهْلٍ
12	ہر متعلم وفادار نہیں؟	كُلُّ طَالِبٍ لَيْسَ بِوَفِيٍّ
13	ہر طالب علم محنتی نہیں؟	كُلُّ طَالِبٍ لَيْسَ بِمُجْتَهِدٍ
14	یہ طالب علم محنتی ہے۔	هٰذَا الطَّالِبُ مُجْتَهِدٌ
15	ہر دیوار لمبی نہیں۔	كُلُّ جِدَارٍ لَيْسَ بِطَوِيْلٍ
16	وہ دیوار لمبی ہے۔	ذٰلِكَ الْجِدَارُ طَوِيْلٌ

درس (۲۱)

فُضَيْل: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا جُنَيْدُ!

جُنَيْد: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا فُضَيْلُ!

فُضَيْل: كَيْفَ أَنْتَ؟

جُنَيْدٌ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا بِخَيْرٍ •

فُضَيْل: كَيْفَ حَالُ وَالِدِكَ؟

جُنَيْدٌ: هُوَ بِخَيْرٍ أَيْضًا•

فُضَيْل: إِلٰى أَيْنَ ذَاهِبٌ أَنْتَ؟

جُنَيْدٌ: أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ وَأَنْتَ ؟

فُضَيْل: أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ أَيْضًا•

جُنَيْدٌ: لِمَاذَا أَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ؟

فُضَیْل: لِأَدَاءِ صَلٰوۃ الْعَصْرِ وَأَنْتَ؟

جُنَیْدٌ: أَنَا ذَاهِبٌ لِأَدَاءِ صَلٰوۃ الْعَصْرِ أَيْضًا•

فُضَیْل: مَاذَا فِيْ يَدِکَ؟

جُنَیْدٌ: هٰذَا كِتَابُ اللهِ وَهُوَ مُبَارَكٌ•

ترجمہ:

فضیل : تم پر اللہ کی سلامتی ہوا ے جنید!

جنید : اور تم پر بھی سلامتی ہوا ے فضیل!

فضیل : آپ کیسے ہیں؟

جنید : الحمدللہ، میں خیریت سے ہوں۔

فضیل : آپ کے والد کی حالت (طبیعت) کیسی ہے؟

جنید : وہ بھی خیریت سے ہیں۔

فضیل : آپ کہاں جارہے ہیں؟

جنید : میں مسجد جارہاہوں اور آپ (کہاں جارہے ہیں)؟

فضیل : میں بھی مسجد جارہاہوں۔

جنید : آپ مسجد کیوں جارہے ہیں؟

فضیل : میں نماز عصر اداکرنے جارہاہوں اور آپ (کیوں جارہیں ہیں)؟

جنید : میں بھی نماز عصر اداکرنے جارہاہوں۔

فضیل : آپ کے ہاتھ میں کیاہے؟

جنید : یہ اللہ کی کتاب ہے اور وہ بابرکت ہے۔

عربی بناؤ:

شمار	اردو	عربی
1	یہ کتاب کس کی ہے؟	لِمَنْ هٰذَاالْكِتَابُ؟

هٰذَاالْكِتَابُ لِيْ	یہ کتاب میری ہے۔	2
مَا إِسْمُ هٰذَاالْكِتَابِ ؟	اس کتاب کا نام کیا ہے ؟	3
إِسْمُهٗ مِفْتَاحُ الْعَرَبِيَّةِ	اس کا نام "مفتاح العربیہ" ہے۔	4
هَلْ أَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى الْـمَدْرَسَةِ؟	کیا تو مدرسہ جارہا ہے ؟	5
نَعَمْ: أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى المَدْرَسَةِ وَأَنْتَ ؟	جی ہاں! میں مدرسہ جارہاہوں اور تو؟	6
أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى المَدْرَسَةِ أَيْضًا.	میں بھی مدرسہ جارہاہوں۔	7
أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى المَدْرَسَةِ لِلْقِرَاءَةِ	میں مدرسہ پڑھنے (کے لیے) جارہاہوں۔	8
لِمَاذَا أَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ؟	تو مسجد کیوں جارہا ہے ؟	9
أَنَا ذَاهِبٌ لِأَدَاءِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ	نماز عشاادا کرنے کے لیے۔	10
أَكُلُّ فَصْلٍ مُعْتَدِلٌ ؟	کیا ہر موسم خوش گوار ہے ؟	11
لَا ،كُلُّ فَصْلٍ لَيْسَ بِمُعْتَدِلٍ	جی نہیں ہر موسم خوش گوار نہیں ہے۔	12
اَلْوُضُوْءُ بَعْدَ الْوُضُوْءِ نُوْرٌ	وضو پر وضو نورٌ علی نور ہے۔	13

درس (۲۲)

هَاتِفٌ جَوَّالٌ

حَيَوَانٌ لَبُوْنٌ	لَبُوْنٌ	حَيَوَانٌ
طَائِرٌ جَمِيْلٌ	جَمِيْلٌ	طَائِرٌ
مَطَارٌ رَائِعٌ	رَائِعٌ	مَطَارٌ

سِتْرٌ جَمِيْلٌ	جَمِيْلٌ	سِتْرٌ
دَارِسٌ اِسْلَامِيٌّ	اِسْلَامِيٌّ	دَارِسٌ
بَقَرٌ سَمِيْنٌ	سَمِيْنٌ	بَقَرٌ

اَلْبَقَرُ/اَلْجَامُوسُ ،حَيَوَانٌ لَبُوْنٌ•اَلْهُدْهُدُ طَائِرٌ جَمِيْلٌ بَدِيْعٌ •خَالِدٌ دَارِسٌ اِسْلَامِيٌّ /قَوْمِيٌّ•حَسَنٌ وَلَدٌ ذَكِيٌّ مُجْتَهِدٌ نَظِيْفٌ•

عَاقِلٌ وَلَدٌ مُجْتَهِدٌ وَكُلُّ مُجْتَهِدٍ مَحْبُوْبٌ وَنَاجِحٌ وَلَهٗ عِزَّةٌ •وَسِيْمٌ وَلَدٌ كَسْلَانُ وَالْوَلَدُ الْكَسْلَانُ سَاقِطٌ فِيْ كُلِّ شُغْلٍ•

موبائل فون

ترجمہ: *۔جانور۔ دودھ والا۔ دودھ والا جانور۔ پرندہ۔ خوبصورت۔ خوبصورت پرندہ ۔ائیر پورٹ (ہوائی اڈہ)۔ خوشنما۔ خوشنما ائیر پورٹ۔ پردہ۔ خوبصورت۔ خوبصورت پردہ۔ ریسرچ اسکالر۔اسلامی۔اسلامی ریسرچ اسکالر۔ گائے۔ موٹی۔ موٹی گائے۔*

گائے/بھینس، دودھ والا جانور ہے۔ہدہد خوبصورت انوکھا پرندہ ہے۔خالد اسلامی /عوامی نیشنل ریسرچ اسکالر ہے۔حسن ذہین، محنتی اور صاف ستھرا لڑکا ہے۔

عاقل محنتی لڑکا ہے ، ہر محنتی پیارا ہے اور کامیاب ہے اور اس کے لیے عزت ہے۔وسیم سست لڑکا ہے اور سست لڑکا ہر کام میں فیل ہے۔

سوالات وجوابات

جواب	سوال	شمار
نَعَمْ:هٰذَا وَلَدٌ ذَكِيٌّ	أَهٰذَا وَلَدٌ ذَكِيٌّ ؟	1
نَعَمْ:هٰذَاالْوَلَدُ ذَكِيٌّ	أَهٰذَا الْوَلَدُ ذَكِيٌّ ؟	2
نَعَمْ:اَلْبَبْغَاءُ طَائِرٌ جَمِيْلٌ	هَلِ الْبَبْغَاءُ طَائِرٌ جَمِيْلٌ ؟	3
نَعَمْ:أَنَا رَجُلٌ هِنْدِيٌّ	أَأَنْتَ رَجُلٌ هِنْدِيٌّ ؟	4
اَلْكَلْبُ حَيَوَانٌ نَابِحٌ	مَا الْكَلْبُ ؟	5

6	أَيُّ وَلَدٍ نَاجِحٌ ؟	وَلَدٌ مُجْتَجِدٌ نَاجِحٌ
7	أَيُّ وَلَدٍ سَاقِطٌ ؟	وَلَدٌ كَسْلَانُ سَاقِطٌ
8	:أَيُّ وَلَدٍ مَحْبُوْبٌ ؟	وَلَدٌ مُجْتَهِدٌ مَحْبُوْبٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	گرم کھانا۔	طَعَامٌ حَارٌّ
2	ٹھنڈا پانی۔	مَاءٌ بَارِدٌ
3	موٹی گائے۔	بَقَرٌ سَمِيْنٌ
4	دُبلی بکری۔	شَاةٌ هَزِيْلَةٌ
5	گرم موسم۔	فَصْلٌ حَارٌّ
6	ٹھنڈا موسم۔	فَصْلٌ بَارِدٌ
7	ذہین لڑکی۔	بِنْتٌ زَكِيَّةٌ
8	خوش گوار موسم۔	فَصْلٌ مُعْتَدِلٌ
9	صاف پانی۔	مَاءٌ نَظِيْفٌ
10	سفید گائے۔	بَقَرٌ أَبْيَضُ
11	کالی بھینس۔	جَامُوْسٌ أَسْوَدُ
12	کشادہ گھر۔	بَيْتٌ وَاسِعٌ
13	وفادار کتا۔	كَلْبٌ وَفِيٌّ
14	مرد صالح۔	رَجُلٌ صَالِحٌ
15	مسلم مرد۔	رَجُلٌ مُسْلِمٌ
16	وفادار جانور	حَيَوَانٌ وَفِيٌّ

17	کتاوفادار جانور ہے۔	اَلْکَلْبُ حَیَوَانٌ وَفِیٌّ
18	وفادار جانور محبوب ہے۔	اَلْحَیَوَانُ الْوَفِیُّ مَحْبُوْبٌ
19	یہ اسلامی ریسرچ اسکالر ہے۔	ہٰذَا دَارِسٌ إِسلَامِیٌّ
20	اسلامی ریسرچ اسکالر ذہین ہے۔	دَارِسٌ أِسْلَامِیٌّ ذَکِیٌّ
21	محنتی شاگرد محبوب ہے۔	اَلْتِّلْمِیْذُالْمُجْتَهِدُ مَحْبُوْبُ
22	سست شاگرد مذموم ہے۔	اَلْتِّلْمِیْذُالْکَسْلَانُ مَذْمُوْمٌ
23	یہ عجیب چیز ہے۔	ہٰذَا شَیْئٌ عَجِیْبٌ
24	ہر جدید (چیز) لذیذ ہے۔	کُلُّ جَدِیْدٍ لَذِیْذٌ
25	خالد ایک محنتی لڑکا ہے اور اس کی گھر اور مدرسہ میں عزت ہے۔	خَالِدٌ وَلَدٌمُجْتَهِدٌ وِلَهٗ عِزَّةٌ فِیْ الْبَیْتِ وَالْمَدْرَسَةِ
26	یہ طالب علم ذہین ہے اور وہ طالب علم کند ذہن ہے۔	ہٰذَاالطَّالِبُ ذَکِیٌّ وَذٰلِکَ الطَّالِبُ غَبِیٌّ

درس (۲۳)

وَلَدُکَ ہٰذَا •حَدِیْثُکَ ہٰذَا صَوَابٌ•ہٰذَا کِتَابُکَ •ہٰذَا ہُوَ کِتَابُکَ• ہٰذَا قَمِیْصُکَ• ہٰذَا ہُوَ قَمِیْصُکَ • سَیْفُکَ حَدِیْدٌ • وَلَدُکَ الْکَبِیْرُ صَالِحٌ •

ہٰذَا صَانِعُ الْهِنْدِ الْمَعْرُوْفُ• وَلَدُ الْعَالِمِ الصَّغِیْرُ،حَاضِرٌ• وَالِدُ الْعَالِمِ الصَّالِحِ، صَالِحٌ•ہٰذَاالتِّیْنُ لَذِیْذٌ جِدًّا •اَلأَبُ الْکَبِیْرُ لِهٰذَا الْوَلَدِ، غَائِبٌ • وَالْخَالُ الصَّغِیْرُ لَهٗ حَاضِرٌ لَا غَائِبٌ•

ترجمہ:۔ تیرا یہ لڑکا۔ تیری یہ بات درست ہے۔ یہ تیری کتاب ہے۔ یہی تیری کتاب ہے۔ یہ تیرا کرتا ہے۔ یہی تیرا کرتا ہے۔ تیری تلوار تیز ہے۔ تیرا بڑا لڑکا نیک ہے۔

یہ ہندوستان کا مشہور کاریگر ہے۔ عالم کا چھوٹا لڑکا موجود ہے۔ نیک عالم کے باپ نیک ہیں۔ یہ انجیر بہت مزیدار ہے۔ اس لڑکے کے بڑے ابّا غائب ہیں۔ اس کے چھوٹے ماموں موجود ہیں غائب نہیں۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ سَيْفُكَ هٰذَا؟	سَيْفِي هٰذَا حَدِيْدٌ
2	أَهٰذَا هُوَ قَمِيْصُكَ؟	نَعَمْ: هٰذَا هُوَ قَمِيْصِي
3	كَيْفَ وَلَدُكَ الْكَبِيْرُ؟	وَلَدِي الْكَبِيْرُ صَالِحٌ
4	أَيْنَ وَلَدُ الْعَالِمِ الصَّغِيْرُ؟	وَلَدُ الْعَالِمِ الصَّغِيْرُ حَاضِرٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	آپ کی یہ لڑکی۔	بِنْتُكَ هٰذِهِ
2	آپ کی یہ لڑکی خوب صورت ہے۔	بِنْتُكَ هٰذِهِ جَمِيْلَةٌ
3	یہ میرا چچا ہے۔	هٰذَا عَمِّي
4	یہ تیری تلوار ہے۔	هٰذَا سَيْفُكَ
5	یہی میری تلوار ہے۔	هٰذَا هُوَ سَيْفِي
6	یہ تلوار میری ہے۔	هٰذَا السَّيْفُ لِي
7	عالم کا بڑا لڑکا نیک ہے۔	وَلَدُ الْعَالِمِ الْكَبِيْرُ صَالِحٌ
8	میرے ماموں کا چھوٹا لڑکا غنی ہے۔	وَلَدُ خَالِي الصَّغِيْرُ غَنِيٌّ
9	تیرے چچا کا نیا گھر خوب صورت ہے۔	بَيْتُ عَمِّكَ الْجَدِيْدُ جَمِيْلٌ
10	یہ انجیر ہے۔	هٰذَا تِيْنٌ

11	یہ بات درست ہے۔	هٰذَا الْحَدِيْثُ صَوَابٌ
12	یہی حق ہے۔	هٰذَا هُوَ حَقٌّ
13	یہ تیرا قلم ہے۔	هٰذَا قَلَمُكَ
14	یہی تیرا کتاب ہے۔	هٰذَا هُوَ كِتَابُكَ
15	یہ تیری کتاب ہے۔	هٰذَا كِتَابُكَ
16	یہ کتاب تیری ہے۔	هٰذَا الْكِتَابُ لَكَ
17	نیک عورت کی لڑکی نیک ہے۔	بِنْتُ المَرْأَةِ الصَّالِحَةِ صَالِحَةٌ
18	عالمہ کی چھوٹی لڑکی ذہین ہے۔	بِنْتُ المُعَلِّمَةِ الصَّغِيْرَةُ ذَكِيَّةٌ
19	ذہین مرد کا لڑکا ذہین ہے۔	وَلَدُ الرَّجُلِ الذَّكِيِّ ذَكِيٌّ

درس (۲۴) تمرینی

اَللِّقَاءُ عَلیٰ مَحَطَّةِ بَرِيْلِي

اِبْرَاهِيْمُ: مَااِسْمُکَ يَاشَيْخُ!

اِسْمَاعِيْلُ: اِسْمِيْ اِسْمَاعِيْلُ وَمَا اِسْمُکَ يَا شَابُّ ؟

اِبْرَاهِيْمُ: اِسْمِيْ اِبْرَاهِيْمُ مِنْ أَيْنَ قَادِمٌ يَاشَيْخُ؟

اِسْمَاعِيْلُ: أَنَا قَادِمٌ مِنْ دِهْلِيْ وَأَنْتَ يَا شَابُّ ؟

اِبْرَاهِيْمُ: أَنَا قَادِمٌ مِنْ لَكْنَاؤ•

اِسْمَاعِيْلُ: أَيْنَ بَيْتُکَ يَا شَابُّ؟

اِبْرَاهِيْمُ: بِيْتِيْ فِيْ حَيِّ سَوداجَرَان فِيْ شَارِعِ اَعلیٰ حضرت •وَأَيْنَ بَيْتُکَ يَا شَيْخُ؟

اِسْمَاعِيْلُ: بَيْتِيْ فِيْ حَيِّ الْقَلْعَةِ الْمَعْرُوْفِ•

اِبْرَاهِيْمُ: أَهُوَ قَرِيْبٌ مِنَ الْمَعْبَدِ الْهِنْدُوْكِيِّ ؟

اِسْمَاعِيْلُ : لَا،بَلْ هُوَ قَرِيْبٌ مِّنَ الْجَامِعِ •

میری مشق
بریلی اسٹیشن پر ملاقات

ترجمہ:

ابراہیم : اے بزرگ! آپ کا نام کیا ہے؟
اسمٰعیل : میرا نام اسمٰعیل ہے اور آپ کا نام کیا ہے اے نوجوان!
ابراہیم : میرا نام ابراہیم ہے اے بزرگ! آپ کہاں سے تشریف لا رہے ہیں؟
اسمٰعیل : میں دہلی سے آرہا ہوں اور آپ (کہاں سے آرہے ہیں؟) اے نوجوان!
ابراہیم : میں لکھنؤ سے آرہا ہوں۔
اسمٰعیل : آپ کا گھر کہاں ہے؟ اے نوجوان!
ابراہیم : میرا گھر اعلیٰ حضرت روڈ پر محلہ سوداگران میں ہے اور آپ کا گھر کہاں ہے؟ اے بزرگ!
اسمٰعیل : میرا گھر مشہور قلعہ والے محلہ میں ہے۔
ابراہیم : کیا وہ مندر سے قریب ہے؟
اسمٰعیل : نہیں۔ بلکہ وہ جامع مسجد سے قریب ہے۔

اَللِّقَاءُ عَلىٰ مَطَارِدِهْلِيْ

اَمِيْر: إِلىٰ أَيْنَ أَنْتَ مُسَافِرٌ ؟
بَشِيْر: أَنَا مُسَافِرٌ إِلىٰ مَكَّةِ الْمُكَرَّمَةِ وَأَنْتَ؟
امير: أَنَا مُسَافِرٌ إِلىٰ لَنْدَنَ •
بشير: لِمَاذَا أَنْتَ مُسَافِرٌ إِلىٰ لَنْدَنَ ؟
امير: لِتَعَلُّمِ اللُّغَةِ الاِنْجِيْلِيْزِيَّةِ وَأَنْتَ؟

بشیر:　لِأَدَاءِ فَرِيْضَةِ الْحَجِّ•

دہلی ایئرپورٹ پر ملاقات

امیر　:　آپ کہاں جا رہے ہیں؟
بشیر　:　میں مکہ مکرمہ جا رہا ہوں اور آپ؟ (کہاں جا رہے ہیں)
امیر　:　میں لندن جا رہا ہوں۔
بشیر　:　آپ لندن کیوں جا رہے ہیں؟
امیر　:　میں انگریزی زبان سیکھنے کے لیے جا رہا ہوں اور آپ؟ (کیوں جا رہے ہیں)
بشیر　:　میں فریضہ حج ادا کرنے جا رہا ہوں۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	خالد! آپ کا گھر کہاں ہے؟	أَيْنَ بَيْتُكَ؟ يَا خَالِدُ !
2	میرا گھر محلّہ جامع مسجد روڑ پر ہے۔	بَيْتِي فِيْ حَيِّ الْجَامِعَةِ فِيْ شَارِعِ الْجَامِعِ
3	آپ کہاں جا رہے ہیں؟	إِلٰى أَيْنَ أَنْتَ مُسَافِرٌ؟
4	میں بمبئی جا رہا ہوں۔	أَنَا مُسَافِرٌ إِلٰى مُوْمْبَائِيْ
5	خلیل! تم کہاں سے آرہے ہو؟	مِنْ أَيْنَ أَنْتَ قَادِمٌ؟ يَا خَلِيْلُ !
6	میں کانپور سے آرہا ہوں۔	أَنَا قَادِمٌ مِنْ كَانْفُوْر
7	آپ کا نام خالد ہے؟	أَ اسْمُكَ خَالِدٌ ؟
8	جی ہاں! میں خالد ہوں۔	نَعَمْ، اِسْمِيْ خَالِدٌ
9	اے شیخ! آپ کا نام کیا ہے؟	مَا اسْمُكَ يَا شَيْخُ !
10	میرا نام جلال الدین احمد ہے اور اے	اِسْمِيْ جَلَالُ الدِّيْنِ أَحْمَدُ و اسْمُكَ يَا

	جوان! تمھارا نام کیا ہے؟	شَابُّ؟
11	میرا نام حسّان ہے۔	اِسْمِیْ حَسَّانُ
12	تمھارے ہاتھ میں کیا ہے؟	مَا بِیَدِكَ؟
13	یہ میری واسکٹ ہے۔	هٰذَا صِدَارِیْ

درس (۲۵)

أَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَلِيْمٍ ؟بَلٰی! اَللّٰهُ عَلِيْمٌ بِكُلِّ شَیْءٍ • أَلَيْسَ الْكَلْبُ بِحَيَوَانٍ وَفِيٍّ ؟ بَلٰی! اَلْكَلْبُ حَيَوَانٌ وَفِيٌّ • أَلَيْسَ عَصِيْرُ الرُّمَّانِ بِمُفِيْدٍ ؟ بلیٰ! عَصِيْرُ الرُّمَّانِ مُفِيْدٌ • أَلَيْسَ هٰذَا الْوَلَدُ نَظِيْفٌ ؟ بَلیٰ! هٰذَا الْوَلَدُ نَظِيْفٌ • أَلَيْسَتْ هٰذِهِ التِّلْمِيْذَةُ مُهَذَّبَةٌ ؟ نَعَمْ: هٰذِهِ التِّلْمِيْذَةُ لَيْسَتْ بِمُهَذَّبَةٍ • مَا هِوَايَتُکَ يَا حَمَّادُ!؟ هِوَايَتِیْ الْقِرَاءَةُ وَالْكِتَابَةُ •مَاغِذَا ئُکَ الشَّهِيُّ ؟ غِذَائِی الشَّهِيّ سَمَکٌ •

ترجمہ:۔ کیا اللہ تعالیٰ جاننے والا نہیں ہے؟ کیوں نہیں، اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ کیا کتا وفادار جانور نہیں ہے؟ کیوں نہیں، کتا وفادار جانور ہے۔ کیا انار کا جوس مفید نہیں ہے؟ کیوں نہیں، انار کا جوس مفید ہے۔ کیا یہ لڑکا صاف وستھرا نہیں ہے؟ کیوں نہیں، یہ لڑکا صاف وستھرا ہے۔ کیا یہ شاگردہ باتہذیب نہیں ہے؟ ہاں: یہ شاگردہ باتہذیب نہیں ہے۔ اے حماد! تیرا محبوب مشغلہ کیا ہے؟ میرا محبوب مشغلہ پڑھنا اور لکھنا ہے۔ آپ کی مرغوب غذا کیا ہے؟ میری مرغوب غذا مچھلی ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَلَيْسَ الْقُرْآنُ بِكِتَابٍ مُبَارَكٍ ؟	بَلٰی !اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ مُبَارَكٌ
2	أَلَيْسَ فَصْلُ الشِّتَاءِ بِبَارِدٍ؟	بَلٰی !فَصْلُ الشِّتَاءِ بَارِدٌ

بَلٰی !اَلْبَبْغَاءُ طَائِرٌ جَمِيْلٌ	أَلَيْسَ الْبَبْغَاءُ بِطَائِرٍ جَمِيْلٍ ؟	3
بَلٰی !اَلْفَرَسُ حَيَوَانٌ صَاهِلٌ	أَلَيْسَ الْفَرَسُ بِحَيَوَانٍ صَاهِلٍ ؟	4
بَلٰی !اَلْحِمَارُ حَيَوَانٌ نَاهِقٌ	أَلَيْسَ الْحِمَارُ بِحَيَوَانٍ نَاهِقٍ ؟	5
بَلٰی ! عَصِيْرُ التُّفَّاحِ مُفِيْدٌ	أَلَيْسَ عَصِيْرُ التُّفَّاحِ بِمُفِيْدٍ؟	6
نَعَمْ : هٰذِهِ الْمَرْأَةُ لَيْسَتْ بِذَكِيَّةٍ	أَلَيْسَتْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ بِذَكِيَّةٍ؟	7

عربی بناؤ

عربی	اردو	شمار
أَلَيْسَ عُنُقُ الْجَمَلِ بِطَوِيْلٍ؟	کیا اونٹ کی گردن لمبی نہیں ہے ؟	1
بَلیٰ! عُنُقُ الْجَمَلِ طَوِيْلٌ	کیوں نہیں !اونٹ کی گردن لمبی ہے۔	2
أَلَيْسَ اللّٰهُ خَالِقٌ بِكُلِّ شَيْئٍ ؟	کیا اللہ ہر چیز کا خالق نہیں ؟	3
بَلیٰ! اَللّٰهُ خَالِقٌ بِكُلِّ شَيْئٍ	ہاں کیوں نہیں !اللہ ہر چیز کا خالق ہے۔	4
أَلَيْسَ الْوَرْدُ بِجَمِيْلٍ؟	کیا گلاب خوب صورت نہیں ؟	5
بَلیٰ! اَلْوَرْدُ جَمِيْلٌ	کیوں نہیں !گلاب خوب صورت ہے۔	6
أَلَيْسَ الْمَوْزُ بِلَذِيْذٍ؟	کیا کیلا لذیذ نہیں ؟	7
بَلیٰ! اَلْمَوْزُ لَذِيْذٌ	جی ہاں کیوں نہیں !کیلا لذیذ ہے۔	8
أَلَيْسَ الْإِسْلَامُ بِدِيْنٍ حَقٍّ؟	کیا اسلام دین حق نہیں ؟	9
بَلیٰ! اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ حَقٌّ	کیوں نہیں !اسلام دین حق ہے۔	10
اَلَيْسَ فَصْلُ الرَّبِيْعِ بِمُعْتَدِلٍ؟	کیا موسمِ بہار خوش گوار نہیں ؟	11

12	کیوں نہیں! موسمِ بہار خوش گوار ہے۔	بَلیٰ! فَصْلُ الرَّبِیْعِ مُعْتَدِلٌ
13	یہ بیری نہیں بلکہ جھاؤ ہے۔	هٰذَا لَیْسَ بِسِدْرٍ بَلْ هُوَ أَثْلٌ
14	یہ کتا نہیں بلکہ وہ لومڑی ہے۔	هٰذَا لَیْسَ بِکَلْبٍ بَلْ ذٰلِکَ ثَعْلَبٌ
15	یہ اینٹ نہیں بلکہ وہ پتھر ہے۔	هٰذَا لَیْسَ بِطُوْبٍ بَلْ هُوَ حَجَرٌ
16	اسحاق! تیرا محبوب مشغلہ کیا ہے؟	مَاهِوَایَتُکَ ؟ یَااِسْحَاقُ!
17	میرا محبوب مشغلہ تلاوتِ قرآن ہے۔	هِوَایَتِی تِلَاوَةُ الْقُرْآنِ

درس (۲٦) تمرینی

اَلْبَیْتُ الْحَرَامُ بِمَکَّةَ الْمُکَرَّمَةِ

هٰذَا بَیْتٌ • هٰذَا بَیْتٌ عَتِیْقٌ ،عَتِیْقٌ جِدًّا • هٰذَا اَوَّلُ بَیْتٍ فِی الْعَالَمِ • هٰذَا اَفْضَلُ بَیْتٍ مِّنْ کُلِّ بَیْتٍ ،لَیْسَ کَمِثْلِهٖ بَیْتٌ فِی الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ• فِیْهِ حَجَرٌ مُبَارَکٌ وَ لَوْنُهٗ أَسْوَدُ وَعَلیٰ هٰذَا الْبَیْتِ سِتْرٌ،سِتْرٌ جَمِیْلٌ وَلَهٗ بَابٌ ،بَابٌ وَاسِعٌ رَائِعٌ • هٰذَا الْبَیْتُ مَشْهُوْرٌ بِاِسْمِ الْکَعْبَةِ • اَلْکَعْبَةُ قِبْلَةُ الصَّلٰوةِ وَهِیَ لِعِبَادَةِ اللّٰهِ وَلَهَا مَنْزِلَةٌ رَفِیْعَةٌ • مِنِّی السَّلَامُ عَلَیْهَا وَعَلیٰ مُحِبِّهَا وَزَائِرِهَا اِلیٰ یَوْمِ الْجَزَاءِ •

میری مشق

کعبہ شریف مکہ مکرمہ میں

ترجمہ:۔ یہ گھر ہے۔ یہ بہت پرانا گھر ہے۔ یہ دنیا کا پہلا گھر ہے۔ یہ ہر گھر سے افضل ہے، عرب وعجم میں اس کی طرح کوئی گھر نہیں ہے، اس میں بابرکت پتھر ہے اور اس کا رنگ کالا ہے اور اس گھر پر ایک خوبصورت پردہ ہے، اس کا ایک کشادہ خوشنما دروازہ ہے۔ یہ گھر کعبہ کے نام سے مشہور ہے۔ کعبہ نماز کا قبلہ ہے اور یہ اللہ کی عبادت کے لیے ہے، اس کا مرتبہ بلند

ہے۔ میری طرف سے اس پر، اس سے محبت کرنے والوں، زیارت کرنے والوں پر قیامت تک سلام ہو۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَا هٰذَا؟	هٰذَا بَيْتٌ
2	أَيُّ بَيْتٍ هٰذَا؟	هٰذَا اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ
3	أَهُوَ بَيْتٌ عَتِيْقٌ؟	نَعَمْ: هُوَ بَيْتٌ عَتِيْقٌ
4	أَيُّ بَيْتٍ أَوَّلُ ؟	اَلْكَعْبَةُ أَوَّلُ بَيْتٍ
5	أَيُّ بَيْتٍ أَفْضَلُ؟	اَلْكَعْبَةُ أَفْضَلُ بَيْتٍ
6	أَيُّ بَيْتٍ أَفْضَلُ فِي الْعَرَبِ وَالْعَجَم ؟	اَلْكَعْبَةُ أَفْضَلُ بَيْتٍ فِي الْعَرَبِ وَالْعَجَم

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ پردہ ہے۔	هٰذَا سِتَارٌ
2	یہ پردہ خوب صورت ہے۔	هٰذَاالسِّتَارُ جَمِيْلٌ
3	یہ خوب صورت پردہ ہے۔	هٰذَا سِتَارٌ جَمِيْلٌ
4	یہ گھر ہے۔	هٰذَا بَيْتٌ
5	یہ گھر خوشنما ہے۔	هٰذَا الْبَيْتُ رَائِعٌ
6	یہ خوشنما گھر ہے۔	هٰذَا بَيْتٌ رَائِعٌ
7	یہ چائے ہے۔	هٰذَا شَايٌ
8	یہ چائے میٹھی ہے۔	هٰذَاالشَّايُ حُلْوٌ
9	یہ میٹھی چائے ہے۔	هٰذَا شَايٌ حُلْوٌ

10	یہ کھانا ہے۔	هٰذَا طَعَامٌ
11	یہ گرم کھانا ہے۔	هٰذَا طَعَامٌ حَارٌّ
12	یہ کھانا گرم ہے۔	هٰذَا الطَّعَامُ حَارٌّ
13	یہ لڑکی ہے۔	هٰذِهٖ بِنْتٌ
14	یہ لڑکی باادب ہے۔	هٰذِهِ الْبِنْتُ مُهَذَّبَةٌ
15	یہ باادب لڑکی ہے۔	هٰذِهٖ بِنْتٌ مُهَذَّبَةٌ
16	یہ جگ ہے اور اس میں ٹھنڈا پانی ہے۔	هٰذَا إِبْرِيْقٌ وَفِيْهِ مَاءٌ بَارِدٌ
17	اس میں گرم پانی ہے۔	فِيْهِ مَاءٌ حَارٌّ
18	یہ کتاب برکت والی ہے اور اس کا نام قرآن ہے۔	هٰذَاالْكِتَابُ مُبَارَكٌ وَإِسْمُهٗ اَلْقُرْآنُ
19	یہ گھوڑا اِس مرد کا ہے۔	هَذَاالْفَرَسُ لِهٰذَاالرَّجُلِ
20	اور اس کی زین بہت خوب صورت ہے۔	وَسَرْجُهٗ جَمِيْلٌ جِدًّا

درس (۲۷)

مَنْ رَّبُّكَ ؟

رَبِّيَ اللّٰهُ وَهُوَ خَالِقٌ،خَالِقُ الأَرْضِ وَالسَّمَاءِ •بَلْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ • لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ • بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ • لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَهُوَ مَالِكُ الْمُلْكِ •لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ • كُلُّ أَحَدٍ إِلَيْهِ مُحْتَاجٌ وَّ لَيْسَ لَهٗ إِلٰى أَحَدٍ اِحْتِيَاجٌ وَّهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ • اَللّٰهُ رَبِّيْ وَأَنَا عَبْدُهٗ • اَللّٰهُ رَبُّكَ وَأَنْتَ عَبْدُهٗ •

اَللّٰہُ رَبُّ کُلِّ شَیْءٍ وَ ھُوَ اِلٰہٌ وَاحِدٌ ،لَیْسَ لَہٗ شَرِیْکٌ وَھُوَ مُحِیْطٌ بِکُلِّ کَافِرٍ وَعَذَابُہٗ بِکُلِّ کَافِرٍ مُلْحِقٌ •وَالْکَافِرُ عَنْہٗ غَافِلٌ وَھُوَ مَحْرُوْمٌ •

تمھارا رب کون ہے

ترجمہ:۔ میرا رب اللہ ہے اور وہ پیدا کرنے والا ہے، زمین وآسمان کا پیدا کرنے والا بلکہ ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے۔ اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے، اس کے دست قدرت میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بادشاہی میں اس کا کوئی شریک نہیں اور وہ ملک کا مالک ہے۔ اس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے دیکھنے والا ہے۔ ہر کوئی اس کا محتاج ہے اور وہ کسی کا محتاج نہیں اور وہ بے نیاز خوبیوں والا ہے۔ اللہ میرا رب ہے اور میں اس کا بندہ ہوں۔ اللہ آپ کا رب ہے اور آپ اس کے بندے ہیں۔ اللہ ہر چیز کا رب ہے اور وہ ایک معبود ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور وہ ہر کافر کو گھیرے ہوئے ہے، اس کا عذاب ہر کافر کو ملنے والا ہے۔ اور کافر اس (اللہ) سے غافل ہے اور وہ بدنصیب ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ خَالِقُ الأَرْضِ ؟	اَللّٰہُ خَالِقُ الْأَرْضِ
2	مَنْ خَالِقُ السَّمَاءِ؟	اَللّٰہُ خَالِقُ السَّمَاءِ
3	أَھُوَ خَالِقُ کُلِّ شَيْءٍ ؟	نَعَمْ: ھُوَ خَالِقُ کُلِّ شَيْءٍ.
4	لِمَنِ الْمَلِكُ ؟	اَلمُلْكُ لِلّٰہِ
5	لِمَنِ الْحَمْدُ؟	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
6	أَلَہٗ شَرِيْكٌ ؟	لَيْسَ لَہٗ شَرِيْكٌ
7	مَنْ مَالِكُ الْمُلْكِ ؟	اَللّٰہُ مَالِكُ الْمُلْكِ
8	هَلِ اللّٰہُ رَبُّكَ ؟	نَعَمْ: اَللّٰہُ رَبِّي
9	أَھُوَ إِلٰہٌ وَاحِدٌ؟	نَعَمْ: ھُوَ إِلٰہٌ وَاحِدٌ
10	أَھُوَ مُحِيْطٌ بِکُلِّ کَافِرٍ ؟	نَعَمْ: ھُوَ مُحِيْطٌ بِکُلِّ کَافِرٍ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اللہ زمین وآسمان کا مالک ہے۔	اَللّٰہُ مَالِكُ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ
2	اس کی بادشاہی میں اس کا کوئی شریک نہیں وہ اکیلا ہے۔	لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَهُوَ وَاحِدٌ
3	اللہ میرا رب اور میرا خالق ومالک ہے۔	اَللّٰہُ رَبِّي وَخَالِقِيْ وَمَالِكِيْ
4	قرآن اس کا کلام ہے۔	اَلْقُرْآنُ كَلَامُهٗ
5	سیدنا محمد ﷺ اس کے نبی ہیں اور وہ عالم کے لیے رحمت ہیں۔	سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ نَبِيُّهٗ وَرَحْمَةٌ لِلْعَالَمِيْنَ
6	انس وجن میں ان کے مثل کوئی نہیں ،ان کے والد ماجد کا نام عبداللہ اور والدہ ماجدہ کا نام آمنہ ہے۔	لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْئٌ مِنَ الْجِنِّ وَالإِنْسِ، اِسْمُ أَبِيْهِ الْكَرِيْمِ عَبْدُاللهِ وَاسْمُ أُمِّهِ الْكَرِيْمَةِ آمِنَه رضی الله عنها
7	اور وہ خلق خدا پر مہربان ہیں۔	وَهُوَ رَءُوْفٌ وَرَحِيْمٌ بِخَلْقِ اللهِ

درس (۲۸)

مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ بِالْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ

(سَيِّدُنَا)مُحَمَّدُ نِ الْمُصْطَفٰى ﷺ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهٗ ،خُلُقُهٗ عَظِيْمٌ وَشَانُهٗ رَفِيْعٌ وَهُوَ خَيْرُ رَسُوْلٍ ،لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ فِي خَلْقِ اللهِ • مَوْلِدُهٗ مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ وَهِيَ بَلْدَةٌ

طَيِّبَةٌ• مُهَاجَرُهُ مَدِيْنَةٌ مُنَوَّرَةٌ وَهِيَ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ أَيْضًا • هَوَاءُهَا مُعْتَدِلٌ لَا بَارِدٌ وَّلَا حَارٌّ ،وَهُنَاكَ مَسْجِدٌ ،مَسْجِدٌ عَظِيْمٌ وَ هُوَ مَشْهُوْرٌ بِمَسْجِدِ الرَّسُوْلِ وَهُوَ مُبَارَكٌ ، مُبَارَكٌ جِدًّا فِيْهِ مَزَارُ الرَّسُوْلِ ﷺ وَهُوَ مَرْجِعُ الْعَالَمِ •

مسجد نبوی شریف مدینہ منورہ میں

ترجمہ:۔ ہمارے آقا محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں ،ان کے اخلاق عظیم ہیں، ان کا رتبہ بلند ہے اور وہ بہترین رسول ہیں، اللہ کی مخلوق میں کوئی چیز ان کی طرح نہیں ہے۔ ان کی جائے پیدائش مکہ مکرمہ ہے اور وہ پاکیزہ شہر ہے۔ ان کی ہجرت گاہ مدینہ منورہ ہے اور وہ بھی پاکیزہ شہر ہے، اس کی ہوا معتدل (خوشگوار) ہے نہ ٹھنڈی ہے اور نہ گرم، اور وہاں ایک مسجد ہے بڑی مسجد اور وہ مسجد الرسول کے نام سے مشہور ہے اور وہ بابرکت ہے بہت بابرکت ، اس میں رسول کریم ﷺ کی قبرانور ہے اور وہ دنیا کی پناہ گاہ ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ نِعْمَةُ اللهِ ؟	نَعَمْ، رَسُوْلُ اللهِ ﷺ نِعْمَةُ اللهِ
2	أَهُوَ رَحِيْمٌ بِخَلْقِ اللهِ ؟	نَعَمْ، هُوَ رَحِيْمٌ بِخَلْقِ اللهِ
3	أَمَسْجِدُ الرَّسُوْلِ مُبَارَكٌ ؟	نَعَمْ، مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ مُبَارَكٌ
4	هَلِ الْبَيْتُ الْحَرَامُ بَيْتُ اللهِ ؟	نَعَمْ، اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ بَيْتُ اللهِ
5	هَلِ الْقُرْآنُ الْكَرِيْمُ خَيْرُ كِتَابٍ ؟	نَعَمْ، اَلْقُرْآنُ الْحَكِيْمُ خَيْرُ كِتَابٍ
6	أَهٰذِهِ الْحَدِيْقَةُ لِعَلِيٍّ ؟	نَعَمْ، هٰذِهِ الْحَدِيْقَةُ لِعَلِيٍّ
7	هَلِ الْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ ؟	نَعَمْ، اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ

عربی بناؤ

عربی	اردو	شمار
هٰذِهٖ بَلْدَتِی وَهِیَ بَلْدَةٌ كَبِيْرَةٌ	یہ میرا شہر ہے اور وہ بڑا شہر ہے۔	1
هٰهُنَا مَسْجِدٌ وَهُنَاكَ مَدْرَسَةٌ وَهِیَ جَمِيْلَةٌ	یہاں مسجد ہے اور وہاں مدرسہ ہے اور وہ خوب صورت ہے۔	2
اَلْمَسْجِدُ جَمِيْلٌ جِدًّا وَلَوْنُهٗ أَخْضَرُ	مسجد بہت خوب صورت ہے اور اس کا رنگ ہرا ہے۔	3
اَلمَدْرَسَةُ وَاسِعَةٌ جِدًّاوَهِیَ مَشْهُوْرَةٌ بِالْمَدْرَسَةِ الْعَرَبِيَّةِ	مدرسہ بہت کشادہ ہے اور یہ مدرسہ عربیہ کے نام سے مشہور ہے۔	4
هٰذَا لَوْحٌ مِنَ الْحَجَرِ وَلَوْنُهٗ أَسْوَدُ	یہ پتھر کی تختی ہے اور اس کا رنگ کالا ہے۔	5
اَلْمَسْجِدُ النَبَوِیُّ مَسْجِدٌ جَمِيْلٌ وَهُوَ فِی المَدِيْنَةِ المُنَوَّرَةِ	مسجد نبوی (ایک) خوب صورت مسجد ہے اور وہ مدینہ شریف میں ہے۔	6

درس (۲۹) تمرینی

(ا)

هٰذِهٖ مَدْرَسَتِيْ وَهِيَ وَاسِعَةٌ •هٰذَا بَابُهَا وَهُوَ رَائِعٌ وَذٰلِكَ مَكْتَبُهَا وَهُوَ عَصْرِيٌّ •وَالِدِيْ مُدِيْرُهَا وَمُؤَسِّسُهَا وَهُوَ اَدِيْبُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ •خُلُقُهٗ طَيِّبٌ وَعَمَلُهٗ صَالِحٌ وَ حَدِيْثُهٗ طَرِيْفٌ وَأَنَا طَالِبٌ فِيْهَا • دِرَاسَتُهَا جَيِّدَةٌ وَنِظَامُهَا بَدِيْعٌ •هٰذَا زَمِيْلِيْ وَهُوَ طَالِبٌ فِيْهَا أَيْضًا•هٰذَا أُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ الْجَدِيْدُ وَهُوَ حَرِيْصٌ عَلَى التَّدْرِيْسِ وَ رَءُوْفٌ بِكُلِّ تِلْمِيْذٍ وَالأُسْتَاذُ الْفَارِسِيَّةُ لَيْسَ بِحَاضِرٍ •

میری مشق(۱)

ترجمہ:-

یہ میرا مدرسہ ہے اور وہ کشادہ ہے۔یہ اس کا دروازہ ہے اور وہ خوشنما ہے وہ اس کا دفتر ہے اور وہ ماڈرن ہے۔میرے والد اس کے مینیجر اور اس کے بانی ہیں اور وہ عربی زبان کے ادیب ہیں،ان کے اخلاق اچھے ہیں،ان کا عمل نیک ہے،ان کی گفتگو انوکھی ہے اور میں بھی اس میں طالب علم ہوں،اس کی تعلیم اچھی ہے اور اس کا نظام انوکھا ہے،یہ میرا ہم سبق ساتھی ہے اور وہ بھی اس میں طالب علم ہے۔یہ عربی زبان کے نئے استاذ ہیں اور وہ پڑھانے کے گرویدہ ہیں،وہ ہر طالب علم پر مہربان ہیں اور فارسی کے استاذ موجود نہیں ہیں۔

(۲)

فِيْ مَدْرَسَتِيْ حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ وَفِي الْحَدِيْقَةِ كَثِيْرٌ مِنَ الشَّجَرِ اَي : مِنَ التُّفَّاحِ وَالرُّمَّانِ وَالْبُرْتَقَالِ وَالْمَوْزِ وَفِيْهَا نَخْلَةٌ أَيْضًا وَهِيَ شَجَرَةٌ طَوِيْلَةٌ وَلَهَا جِدَارٌ وَهُوَ مُحِيْطٌ بِهَا مِنْ كُلِّ جَانِبٍ وَلَهَا بَابٌ وَاسِعٌ وَهُوَ رَائِعٌ جِدًّا •

(۲)

ترجمہ: میرے مدرسے میں خوب صورت باغ ہے اور باغ میں سیب،انار،سنترہ اور کیلے کے بہت سے درخت ہیں اور اس میں ایک کھجور کا درخت بھی ہے،وہ لمبا درخت ہے اور مدرسہ کی ایک دیوار ہے وہ اسے ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے اور اس کا ایک کشادہ دروازہ ہے اور وہ بھی بہت انوکھا ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَا هٰذِهٖ؟	هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ
2	وَمَا فِيْهَا؟	فِيْهَا حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ

3	كَيْفَ مَدْرَسَتُكَ ؟	مَدْرَسَتِيْ جَمِيْلَةٌ
4	أَهِيَ وَاسِعَةٌ؟	نَعَمْ ،هِيَ وَاسِعَةٌ
5	كَيْفَ بَابُهَا أَهُوَ رَائِعٌ ؟	نَعَمْ، بَابُهَا رَائِعٌ
6	كَيْفَ مَكْتَبُهَا أَهُوَ عَصْرِيٌّ ؟	نَعَمْ مَكْتَبُهَا عَصْرِيٌّ
7	كَيْفَ دِرَاسَتُهَا أَهِيَ جَيِّدَةٌ؟	نَعَمْ دِرَاسَتُهَا جَيِّدَةٌ
8	كَيْفَ نِظَامُهَا أَهُوَ بَدِيْعٌ ؟	نَعَمْ نِظَامُهَا بَدِيْعٌ
9	مَنْ هٰذَا؟	هٰذَا طَالِبٌ
10	أَهُوَ زَمِيْلُكَ ؟	نَعَمْ هُوَ زَمِيْلِيْ
11	مَنْ هٰذَا؟	هٰذَا أُسْتَاذٌ
12	أَهُوَ أُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ ؟	نَعَمْ ،هُوَ أُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ
13	أَهُوَ حَرِيْصٌ عَلَى التَّدْرِيْسِ ؟	نَعَمْ هُوَ حَرِيْصٌ عَلَى التَّدْرِيْسِ
14	أَهُوَ رَءُوْفٌ بِكُلِّ تِلْمِيْذٍ ؟	نَعَمْ هُوَ رَؤُوْفٌ بِكُلِّ تِلْمِيْذٍ
15	أَيْنَ أُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْفَارِسِيَّةِ ؟	أُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْفَارِسِيَّةِ لَيْسَ بِحَاضِرٍ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ رسّی ہے اور وہ لمبی ہے اور اس کا رنگ پیلا ہے۔	هٰذَا حَبْلٌ وَهُوَ طَوِيْلٌ وَلَوْنُهَا أَصْفَرُ
2	یہ دھاگا ہے اور اس کا رنگ ہے سفید ہے۔	هٰذَا خَيْطٌ وَلَوْنُهٗ أَبْيَضُ
3	بالٹی میں پانی ہے اور وہ گرم ہے۔	فِي الدَّلْوِ مَاءٌ وَهُوَ حَارٌّ
4	سیب ہر موسم میں مفید ہے۔	اَلتُّفَّاحُ مُفِيْدٌ فِيْ كُلِّ فَصْلٍ

5	انار موسم گرما میں بہت مفید ہے۔	اَلرُّمَّانُ فِیْ فَصْلِ الصَّیْفِ مُفِیْدٌ جِدًّا
6	انجیر موسم سرما میں فائدہ مند ہے۔	اَلتِّیْنُ مُفِیْدٌ فِیْ فَصْلِ الشِّتَاءِ
7	اللہ کا ذکر بلند ہے اور بہترین کام ہے۔	ذِکْرُ اللهِ رَفِیْعٌ وَھُوَ خَیْرُ شُغْلٍ
8	رسول اللہ ﷺ اپنی امت پر بڑے مہربان ہیں۔	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ رَؤُوْفٌ رَحِیْمٌ بِأُمَّتِه
9	یہ استاذ اپنے ہر شاگرد پر مہربان ہے۔	ھٰذَ الْأُسْتَاذُ رَؤُوْفٌ بِکُلِّ تِلْمِیْذِہٖ
10	عربی زبان بہترین زبان ہے۔	اَللُّغَةُ الْعَرَبِیَّةُ خَیْرُ اللُّغَةِ
11	اس باغیچے میں بہت سے پھول ہیں۔	فِیْ ھٰذِہِ الْحَدِیْقَةِ کَثِیْرٌ مِنَ الْأَزْھَار

درس (۳۰)

مِنَ الْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ • وَھُوَ رَبُّ کُلِّ شَیْءٍ •وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ •مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ •لِکُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ •لِکُلِّ أَجَلٍ کِتَابٌ •کُلٌّ فِيْ کِتَابٍ مُبِیْنٍ • مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ • أَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ • ذٰلِکَ الْفَضْلُ مِنَ اللهِ •ھٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ • فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ •وَاللهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ • وَاللهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ• وَاللهُ عَلِیْمٌ حَلِیْمٌ • اَللهُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَھُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ •ذٰلِکَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ •أَلَیْسَ ھٰذَا بِالْحَقِّ •بَلْ ھُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ • لَهٗ الْحَمْدُ فِي الأُوْلٰی وَالاٰخِرَةِ •

ترجمہ

تمام تعریف اللہ رب العزت کے لیے ہے۔ اور وہ ہر چیز کا رب ہے، عرش اعظم کا رب ہے۔ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ ہر امت کے لیے ایک وعدہ ہے، ہر وعدہ کے لیے کتاب ہے۔ ہر چیز روشن کتاب میں ہے۔ دنیا کا سامان تھوڑا ہے۔ کیا صبح قریب نہیں ہے۔ وہ اللہ کے فضل سے ہے۔ یہ میرے رب کے فضل سے ہے۔ تو اللہ ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں۔ اور ضرور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اللہ سننے اور جاننے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ جاننے والا اور قابل حلم ہے۔ اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ اکیلا غالب ہے۔ وہ ظاہر و باطن کو جاننے والا ہے۔ کیا یہ حق نہیں ہے؟ بلکہ وہ تمھارے رب کی طرف سے حق ہے۔ اسی کے لیے دنیا اور آخرت میں تعریف ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	لِمَن الْحَمْدُ؟	اَلْحَمْدُ لِلہِ
2	أَھُوَ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ ؟	نَعَمْ:ھُوَ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ
3	أَلِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ؟	نَعَمْ:لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ
4	ھَل اللہُ غَفُوْرٌ ؟	نَعَمْ:اَللہُ غَفُوْر
5	ھَل اللہُ رَحِیْمٌ ؟	نَعَمْ:اَللہُ رَحِیْمٌ
6	ھَل اللہُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ؟	نَعَمْ: اَللہُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ
7	مَنْ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ ؟	سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ رَسُوْلُ اللہِ
8	أَھُوَ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ؟	نَعَمْ: ھُوَ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اللہ سنتا جانتا ہے۔	وَاللہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ
2	اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔	وَاللہُ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ
3	اللہ علم والا حکمت والا ہے۔	وَاللہُ عَلِیْمٌ وَحَكِیْمٌ

4	بادشاہی کس کی ہے؟	لِمَنِ الْمُلْكُ ؟
5	اللہ واحد قہار کی۔	لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ
6	مشرق و مغرب اللہ کا ہے۔	اَلشَّرْقُ وَالْغَرْبُ لِلّٰهِ
7	اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔	وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَعَالِمٌ بِكُلِّ شَيْءٍ
8	یہ اللہ کی مخلوق ہے۔	هٰذَا خَلْقُ اللهِ
9	یہ عجیب چیز ہے۔	هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ
10	وہ بڑی کامیابی ہے۔	ذٰلِكَ فَوْزٌ عَظِيْمٌ
11	اسلام بہترین مذہب ہے۔	اَلْإِسْلَامُ خَيْرُ دِيْنٍ
12	قرآن بہترین کتاب ہے۔	اَلْقُرْآنُ خَيْرُ كِتَابٍ

صحیح اعراب لگاکر اور ترجمہ کرکے اپنے استاد کو دکھاؤ

تمرین (۱)

هٰذَا مَكْتَبُ الْمَدْرَسَةِ وَ هُوَ جَمِيْلٌ •فِيْهِ أَرِيْكَةٌ وَكُرْسِيٌّ وَطَاوِلَةٌ وَعَلٰى بَابِهٖ سِتْرٌ مُتَلَوِّنٌ •عَلَى الْأَرِيْكَةِ مُدِيْرُ الْمَدْرَسَةِ وَهُوَ مُؤَسِّسُهَا أَيْضًا وَفِيْ جَيْبِهٖ قَلَمُ الْحِبْرِ وَهُوَ ثَمِيْنٌ وَفِيْ يَدِهٖ هَاتِفٌ جَوَّالٌ وَ هُوَ رَائِعٌ وَعَلَى الْكُرْسِيِّ أُسْتَاذٌ جَدِيْدٌ اِسْمُهٗ سُلَيْمَانُ وَهُوَ اَدِيْبٌ وَعَلَى الطَّاوِلَةِ إِبْرِيْقٌ وَكَأْسٌ وَأَصِيْصٌ وَمِحْبَرٌ •فِي الْإِبْرِيْقِ مَاءٌ بَارِدٌ وَفِي الْكَأْسِ لَبَنٌ حَارٌّ وَفِي الْأَصِيْصِ غَرْسٌ وَعَلَى الْغَرْسِ زَهْرٌ وَالْغَرْسُ أَخْضَرُ وَالزَّهْرُ أَحْمَرُ كَالْوَرْدِ وَفِي الْمِحْبَرِ ،حِبْرٌ أَسْوَدُ وَالْحِبْرُ الْأَسْوَدُ رَخِيْصٌ •

ترجمہ:

یہ مدرسہ کا مکتب ہے اور وہ خوب صورت ہے۔اس میں صوفہ،کرسی اور میز ہے اور اس کے دروازہ پر ایک رنگین پردہ ہے۔صوفہ پر مدرسہ کا مینیجر ہے اور وہ اس کا بانی بھی ہے،اس کی جیب میں فونٹن پن ہے اور وہ قیمتی ہے،اس کے ہاتھ میں موبائیل فون ہے اور وہ خوشنما ہے ،کرسی پر نیے استاد ہیں ان کا نام سلیمان ہے اور وہ ادیب ہیں،میز پر جگ،گلاس،گملا اور دوات ہے۔جگ میں ٹھنڈا پانی ہے اور گلاس میں گرم دودھ ہے،گملے میں پودا ہے اور پودے پر پھول ہے،پودا ہرا ہے اور پھول گلاب کی طرح سرخ ہے،دوات میں کالی روشنائی ہے اور کالی روشنائی سستی ہے۔

تمرین (۲)

مَنْ هٰذَا ؟ هٰذَا طَالِبٌ وَهُوَ صَالِحٌ • كَيْفَ خُلُقُهٗ ؟خُلُقُهٗ طَيِّبٌ • مَا هِوَايَتُهٗ ؟ هِوَايَتُهٗ اَلْقِرَاءَةُ وَالْكِتَابَةُ • مَابِيدِهٖ ؟ بِيَدِهٖ " مِفْتَاحُ الْعَرَبِيَّةِ " وَ هُوَ كِتَابٌ مُفِيْدٌ لِكُلِّ طَالِبٍ مِنَ الذَكِيِّ وَالْغَبِيِّ وَكُلُّ دَرْسٍ مِنْهُ سَهْلٌ لَا صَعْبٌ وَهُوَ فِى اللُّغَةِ الْعَرَ بِيَّةِ •اَللُّغَةُ الْعَرَبِيَّةُ خَيْرُ لُغَةٍ وَتَعْلِيْمُهَا ضَرُوْرِيٌّ لِكُلِّ مُسْلِمٍ وَمُسْلِمَةٍ •

ترجمہ: یہ کون ہے ؟یہ طالب علم ہے اور وہ نیک ہے۔اس کے اخلاق کیسے ہیں ؟اس کے اخلاق اچھے ہیں۔اس کا محبوب مشغلہ کیا ہے؟اس کا محبوب مشغلہ پڑھنا اور لکھنا ہے۔اس کے ہاتھ میں کیا ہے ؟اس کے ہاتھ میں "مفتاح العربیہ" ہے اور وہ ذہین اور کند ذہن ہر طالب علم کے لیے مفید کتاب ہے،اس کا ہر سبق آسان ہے مشکل نہیں ہے اور وہ عربی زبان میں ہے ،عربی زبان بہترین زبان ہے ،اس کی تعلیم ہر مسلمان مرد و عورت کے لیے ضروری ہے۔

مَنْ هٰذِهٖ؟ هٰذِهٖ بِنْتٌ وَهِىَ صَالِحَةٌ جِدًّا • مَااِسْمُهَا ؟اِسْمُهَا سَلْمٰى • كَيْفَ بَيْتُهَا ؟ بَيْتُهَا عَصْرِىٌّ جَمِيْلٌ •

ترجمہ:-

یہ کون ہے ؟ یہ لڑکی ہے اور وہ بہت نیک ہے۔اس کا نام کیا ہے ؟اس کا نام سلمی ہے ۔اس کا گھر کیسا ہے ؟اس کا گھر خوب صورت ماڈرن ہے۔

مَنْ أَنْتَ؟ يَاوَلَدُ ! أَنَا طَالِبٌ فِي الْمَدْرَسَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ •كَيْفَ مَدْرَسَتُكَ ؟ وَكَيْفَ دِرَاسَتُهَا؟ مَدْرَسَتِي جَمِيْلَةٌ وَدِرَاسَتُهَا جَيِّدَةٌ وَهِيَ مَشْهُوْرَةٌ فِي الْبَلَدِ ،مَشْهُوْرَةٌ جِدًّا •

مَنْ أَنْتِ يَا بِنْتُ ؟أَنَا طَالِبَةٌ • أَأَنْتَ مُسْلِمَةٌ ؟ نَعَمْ، أَنَا مُسْلِمَةٌ •مَا اِسْمُ وَالِدِكِ ؟اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ •

ترجمہ:-

توکون ہے اے لڑکے !؟میں مدرسہ اسلامیہ کا طالب علم ہوں۔تیرا مدرسہ کیسا ہے ؟اور اس کی تعلیم کیسی ہے ؟میرا مدرسہ خوب صورت ہے اس کی تعلیم اچھی ہے اور وہ شہر میں بہت مشہور ہے۔

توکون ہے اے لڑکی !؟میں طالبہ ہوں۔کیا تو مسلمان ہے ؟ہاں:میں مسلمان ہوں ۔تیرے والد کا نام کیا ہے ؟ان کا نام عبداللہ ہے۔

مَا هٰذَا ؟ وَمَا فِيْهِ ؟ هٰذَا بَيْتٌ وَفِيْهِ :جَمَلٌ وَبَقَرٌ وَجَامُوسٌ وَضَأْنٌ وَشَاةٌ وَفَرَسٌ وَحِمَارٌ وَكَلْبٌ وَقِطَّةٌ •أَيْنَ السِّلَّةُ ؟ هِيَ عَلَى الطَّاوِلَةِ • مَا فِيْهَا ؟ فِيْهَا :تِيْنٌ وَتُفَّاحٌ وَرُمَّانٌ وَبُرْتُقَالٌ وَمَوْزٌ وَبَصَلٌ وَثُوْمٌ وَفِلْفِلٌ •

مَاهٰذِهٖ ؟ وَمَا فِيْهَا ؟ هٰذِهٖ حَقِيْبَةٌ وَفِيْهَا :قُبَّعَةٌ وَقَلَنْسُوَةٌ وَقَمِيْصٌ وَ سَاعَةٌ وَفِيْهَا :قَلَمُ الْحِبْرِ وَقَلَمُ الرَّصَاصِ وَكَشَّافُ الضَوْءِ أَيْضًا •

ترجمہ:

یہ کیا ہے ؟اور اس میں کیا ہے ؟ یہ گھر ہے اور اس میں اونٹ، گائے، بھینس، بھیڑ ،بکری، گھوڑا، گدھا، کتا اور بلی ہے۔ٹوکری کہاں ہے ؟وہ میز پر ہے۔اس میں کیا ہے ؟اس میں انجیر، سیب، انار، سنترہ، کیلا، پیاز، لہسن اور مرچ ہے۔

یہ کیا ہے؟ اور اس میں کیا ہے؟ یہ بیگ ہے اور اس میں ٹوپ، ٹوپی، قمیص/کرتا اور گھڑی ہے۔ اور اس میں فونٹن پن، پنسل اور لائٹ بھی ہے۔

فهرس الفاظ الجزء الاول ومعانيها

درس(۱)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اِنَاءٌ:ج، آنِيَةٌ	برتن	بَصَلٌ	پیاز
ثُوْمٌ	لہسن	تُفَّاحٌ	سیب
جَبَلٌ:ج، جِبَالٌ	پہاڑ	حَبْلٌ:ج، حِبَالٌ	رسی
خَيْطٌ:جِ، خُيُوْطٌ	دھاگا	دَلْوٌ:ج، دِلَاءٌ	بالٹی
ذَهَبٌ	سونا	رُمَّانٌ	انار
زَهْرٌ	پھول	سَرْجٌ	زین
شَجَرٌ: ج، أَشْجَارٌ	درخت	صِدَارٌ	واسکٹ
ضَرْعٌ:ج، ضُرُوْعٌ	تھن	طُوْبٌ:ج، أَطْوَابٌ	اینٹ
ظَرْفٌ:ج، ظُرُوْفٌ	برتن	عِنَبٌ:ج، أَعْنَابٌ	انگور
غَرْسٌ:ج، أَغْرَاسٌ	پودا	قُفْلٌ:ج، أَقْفَالٌ	تالا
كُرْسِيٌّ:ج، كَرَاسِيُّ	کرسی	لَوْزٌ	بادام
مِفْتَاحٌ:ج، مَفَاتِيْحُ	چابی	نَجْمٌ:ج، نُجُوْمٌ	ستارا
وَرْدٌ	گلاب	هِلَالٌ:ج، أَهِلَّةٌ	چاند
يَرَاعٌ	قلم (نیزے کا)	فِلْفِلٌ	مرچ

درس(۲)

اَبٌ:ج،آبَاءُ	باپ	عَمٌّ:ج،أَعْمَامٌ	چچا
خَالٌ:ج،أَخْوَالٌ	ماموں	فَرَسٌ:ج،أَفْرَاسٌ	گھوڑا
اَخٌ:ج،اِخْوَانٌ	بھائی	حَارِسٌ:ج،حُرَّاسٌ	چوکیدار
لَحْمٌ:ج،لُحُوْمٌ	گوشت	جَرَسٌ:ج،أَجْرَاسٌ	گھنٹی
خَاتَمٌ:ج،خَوَاتِيْمُ	مہر	سِكِّيْنٌ:ج،سَكَاكِيْنُ	چھری،چاقو
قِطَارٌ:ج،قُطُرٌ	ریل	مِقْرَاضٌ:ج،مَقَارِيْضُ	قینچی
مَلِكٌ:ج،مُلُوْكٌ	بادشاہ	حَدِيْدٌ	لوہا،تیز
سُكَّرٌ	چینی/شکر	طِفْلٌ:ج،أَطْفَالٌ	بچہ
ضَيْفٌ:ج،ضُيُوْفٌ	مہمان	سَاعَةٌ:ج،سَاعَاتٌ	گھنٹا

درس(۳)

طَرِيٌّ	تازہ	طَعَامٌ:ج،أَطْعِمَةٌ	کھانا
بَائِتٌ(ن)	باسی	حُلْوٌ	میٹھا
حَامِضٌ(ک)	کٹھا	جَائِعٌ:ج،جِيَاعٌ(ن)	بھوکا
بَقْلٌ:ج،بُقُوْلٌ	سبزی	سُوَالٌ:ج،أَسْئِلَةٌ	سوال
سَهْلٌ:ج،سُهُوْلٌ	آسان	جَوَابٌ:ج،أَجْوِبَةٌ	جواب
صَعْبٌ	سخت	بُرْتُقَالٌ	سنترہ
مَوْزٌ	کیلا	طَوِيْلٌ	لمبا
مُبَارَكٌ	بابرکت	قَصِيْرٌ	پست قد،ناٹا

كَلْبٌ:ج،كِلَابٌ	کتا	مَاءٌ:ج،مِيَاهٌ	پانی
كَاتِبٌ:ج،كَتَبَةٌ	کلرک	عَاطِشٌ(س)	پیاسا
قَرْدٌ:ج،قُرُوْدٌ	بندر	مَهَنْدِسٌ	انجینئر
قَبِيْحٌ	بدصورت	جَمِيْلٌ	خوب صورت

درس(۴)

هٰذَا	یہ	قَفَصٌ:ج،أَقْفَاصٌ	پنجرہ
مِنْظَارٌ:ج،مَنَاظِيْرُ	دوربین	اَصِيْصٌ:ج،أُصُصٌ	گملا
مِصْبَاحٌ:ج،مَصَابِيْحُ	چراغ	ذٰلِكَ	وہ
إِبْرِيْقٌ:ج،أَبَارِيْقُ	لوٹا،جگ	لَوْحٌ:ج،أَلْوَاحٌ	تختی
درْسٌ:ج،دُرُوْسٌ	سبق	تَمْرِيْنٌ:ج،تَمْرِيْنَاتٌ	مشق

درس(۵)

أَرِيْكَةٌ:ج،أَرَائِكُ	صوفہ	طَاوِلَةٌ:ج،طَاوِلَاتٌ	میز
سَاعَةٌ:ج،سَاعَاتٌ	گھڑی	قَلَنْسُوَةٌ:ج،قَلَانِسُ	ٹوپی
دَرَّاجَةٌ:ج،دَرَّاجَاتٌ	سائیکل	أُسْطُوَانَةٌ:ج،أُسْطُوَانَاتٌ	ستون،سلنڈر
حَقِيْبَةٌ:ج،حَقَائِبُ	بیگ،سوٹ کیس	جَمَلٌ:ج،جِمَالٌ	اونٹ
نَاقَةٌ:ج،اَنْوُقٌ وَنُوْقٌ	اونٹنی	قُبَّعَةٌ:ج،قُبَّعَاتٌ	ٹوپ
مِحْفَظَةٌ:ج،مَحَافِظُ	بستہ	تِلْكَ	وہ(مؤنث)

درس(٦)

مَنْ	کون،جو،مفرد وجمع	وَلَدٌ:ج،أَوْلَادٌ	لڑکا

	ذوی العقول کے لیے	رَجُلٌ:ج،رِجَالٌ	آدمی
بِنْتٌ	لڑکی	غُرَابٌ:ج،غِرْبَانٌ	کوّا
اِمْرَأَةٌ:ج،نِسَاءٌ	عورت	يَقْطِيْنَةٌ:ج، يَقْطِيْنٌ	کدو(لوکی)
حِمَارٌ:ج،حَمِيْرٌ	گدھا	مَاذَا	کیا
خُبْزٌ:ج،اَخْبَازٌ	روٹی،چپاتی		

درس(۷)

كُرَّاسَةٌ:ج،كَرَّاسَاتٌ	کاپی	كَلْبَةٌ	کتیا
قِطٌّ:ج،قِطَطَةٌ	بلوٹا	قِطَّةٌ:ج،قِطَطٌ	بلی
فَرَسٌ:ج،أَفَرَاسٌ	گھوڑا	فِيْلٌ:ج،أَفْيَالٌ	ہاتھی
شَاةٌ:ج،شِيَاهٌ	بکری	ضَأنٌ	بھیڑ،بکری
أَثْلٌ:ج،آثَالٌ	جھاؤ	سِدْرٌ:ج،سِدَرٌ	بیری
بَقَرٌ	گائے(مذکر ومؤنث دونوں کے لیے)	عِجْلٌ:ج،عُجُوْلٌ	بچھڑا

درس(۸)

أَنَا	میں	أَنْتَ	تو
اِبْنٌ:ج،اَبْنَاءُ	بیٹا	جَدٌّ:ج،أَجْدَادٌ	دادا
حَفِيْدٌ:ج،حَفَدَاءُ	پوتا،نواسا	أُمٌّ:ج،أُمَّهَاتٌ	ماں
جَدَّةٌ:ج،جَدَّاتٌ	دادی	لَاعِبٌ	کھلاڑی

درس(۹)

مِنْ	سے	بَيْتٌ:ج،بُيُوْتٌ	گھر
فِيْ	میں	حَدِيْقَةٌ:ج،حَدَائِقُ	باغ
أَرْضٌ:ج،أَرَاضٍ	زمین	سَمَاءٌ:ج،سَمَاوَاتٌ	آسمان
طَاوِلَةٌ:ج،طَاوِلَاتٌ	میز	قِدْرٌ:ج،قُدُوْرٌ	دیگچی

لَبَنٌ:ج،أَلْبَانٌ	دودھ	جَيْبٌ:ج،جُيُوْبٌ	جیب
اَسَدٌ:ج،أُسُوْدٌ	شیر	قَمَرٌ:ج،اَقْمَارٌ	چاند
عَسْكَرِيٌّ	فوجی،سپاہی	كَأْسٌ:ج،أَكْوَاسٌ	گلاس
جِدَارٌ:ج،جُدُرٌ	دیوار	حَمَامٌ:ج،حَمَائِمُ	کبوتر
سَقْفٌ:ج،سُقُوْفٌ	چھت	بَبْغَاءُ:ج،بَبْغَاوَاتٌ	طوطا
قَفَصٌ:ج،اَقفَاصٌ	پنجرہ	طَائِرٌ:ج،طُيُوْرٌ	پرندہ
فَوْزٌ	کامیابی	مُجْتَهِدٌ	محنتی

درس(۱۰)

اَيْنَ	کہاں	مِشْكٰوةٌ	طاق
سَمَكٌ:ج،أَسْمَاكٌ	مچھلی	عَلىٰ	پر
كَيْفَ	کیسا	وَاسِعٌ	کشادہ
لِ	لیے	سَلَّةٌ:ج،سِلَالٌ	ٹوکری
قَرَاحٌ	صاف	جَمِيْلٌ	خوب صورت

درس(۱۱)

أُسْتَاذٌ:ج،أَسَاتِذَةٌ	استاذ،پروفیسر	هَلْ	کیا
نَعَمْ	ہاں	مَا	کیا

درس(۱۲)

جَالِسٌ(ض)	بیٹھنے والا (اسم فاعل)	تِلْمِيْذٌ:ج،تَلَامِيْذُ	شاگرد
قَائِمٌ(ن)	کھڑا ہونے والا(اسم فاعل)	شَارِعٌ:ج،شَوَارِعُ	سڑک
حَافِلَةٌ:ج،حَافِلَاتٌ	بس	وَاقِفٌ(ض)	کھڑا ہونے والا،اسم فاعل
مُعَلِّمَةٌ:ج،مُعَلِّمَاتٌ	استانی	مُشْتَغِلٌ(افتعال)	مشغول ومصروف
قِرَاءَةٌ	پڑھنا(مصدر،ض)	كِتَابَةٌ	لکھائی،تحریر
لَعِبٌ:ج،اَلْعَابٌ	کھیل	بَحْرٌ:ج،بِحَارٌ	سمندر

عَمِيْقٌ	گہرا	عَالَمٌ	دنیا

درس (۱۳)

قَمِيْصٌ	کرتا	أَبْيَضُ	سفید
أَسْوَدُ	کالا	أَصْفَرُ	پیلا
رَخِيْصٌ	سستا	أَحْمَرُ	سرخ
ثَمِيْنٌ	قیمتی	حَجَرٌ:ج،أَحْجَارٌ	پتھر

درس (۱۴)

رَسْمٌ:ج،رُسُوْمٌ	تصویر	جَمِيْلٌ	خوب صورت
حَيَوَانٌ:ج،حَيَوَانَاتٌ	جاندار (جانور)	بَغْلٌ:ج،بِغَالٌ	خچر
مِحْبَرٌ:ج،مَحَابِرُ	دوات	حِبْرٌ	روشنائی

درس (۱۵)

كَشَّافُ الضَّوْءِ	لائٹ	صَوْتٌ:ج،أَصْوَاتٌ	آواز
خُرْطَوْمٌ:ج،خَرَاطِيْمُ	سونڈ	عُنُقٌ:ج،أَعْنَاقٌ	گردن
ذَكِيٌّ:ج،أَذْكِيَاءُ	ذہین، ہوشیار	نَظِيْفٌ	ستھرا
طَالِبَةٌ:ج،طَالِبَاتٌ	متعلمہ، شاگردہ	كُتَّابٌ:ج،كَتَاتِيْبُ	مکتب
لَوْنٌ:ج،أَلْوَانٌ	رنگ	قَصِيْرٌ	چھوٹا، پست قد
صَهِيْلٌ	ہنہنانا	قَلَمُ الْحِبْرِ	فونٹن پن
قَلَمُ الرَّصَاصِ	پنسل	كُرَةُ الْقَدَمِ	فٹبال
مُتَلَوِّنٌ	رنگین	أُسْطَوَانَةُ الْغَازِ	گیس سلنڈر

درس (۱۶)

أُخْتٌ:ج،أَخَوَاتٌ	بہن	اِسْمٌ:ج،أَسْمَاءُ	نام
عَبْدٌ:ج،عِبَادٌ	غلام، بندہ	رَسُوْلٌ:ج،رُسُلٌ	پیغام رساں
خَيْرٌ:ج،أَخْيَارٌوَخُيُوْرٌ	بھلائی، بہتر	هِوَايَةٌ:ج،هِوَايَاتٌ	شوق

درس(۱۷)

مِنْقَارٌ:ج،مَنَاقِيْرُ	چونچ	بَبْغَاءُ:ج،بَبْغَاوَاتٌ	طوطا(مذکر و مؤنث)
سِتَارٌ:ج،سَتَائِرُ	پردہ،غلاف	بَابٌ:ج،أَبْوَابٌ	دروازہ
ثَوْرٌ:ج،ثِيْرَانٌ	بیل	قَصِيْرٌ	ناٹا،پست قد

درس(۱۸)

أَحَدٌ:ج،آحَادٌ	ایک،کوئی	مَتَاعٌ:ج،أَمْتِعَةٌ	سامان
كَثِيْرٌ	زیادہ	طَاهِرٌ	پاک
عَذْبٌ	میٹھا	قِطَارٌ:ج،قُطُرٌ	ریل،ٹرین
سَرِيْعٌ	تیز،فاسٹ	شَامِخٌ	بلند/اونچا
طِفْلٌ:ج،أَطْفَالٌ	بچہ	عَاطِشٌ(س)	پیاسا
خَبِيْرٌ	خبر رکھنے والا،جاننے والا	نَجِسٌ	ناپاک
مِلْحٌ	نمکین،کھاری	قَلِيْلٌ	کم

درس(۱۹)

اَیٌّ	کون سا(کیا)	شَيْءٌ:ج،أَشْيَاءُ	چیز
كُلٌّ	ہر،سب	شُغْلٌ:ج،أَشْغَالٌ	کام
فَصْلٌ:ج،فُصُوْلٌ	موسم	مُعْتَدِلٌ	خوش گوار،درمیانہ
فَصْلُ الرَّبِيْعِ	موسم بہار	حَارٌّ	گرم
فَصْلُ الصَّيْفِ	موسم گرما	بَارِدٌ	ٹھنڈا
فَصْلُ الشِّتَاءِ	موسم سرما	مُفِيْدٌ	فائدہ مند(کارآمد)
شَاغِلٌ	مشغول	نَابِحٌ	بھونکنے والا
صَاهِلٌ	ہنہنانے والا	نَاهِقٌ	رینکنے والا

درس(۲۰)

هَزِيْلٌ:ج،هُزَلَاءُ	دبلا	سَمِيْنٌ:ج،سُمَنَاءُ	موٹا
وَفِيٌّ:ج،أَوْفِيَاءُ	وفادار	دَرْسٌ:ج،دُرُوْسٌ	سبق
طَالِبٌ:ج،طُلَّابٌ	شاگرد	أَنُوْفٌ	خوددار، غیرت مند

درس(۲۱)

أَيْضًا	بھی	إِلٰى	تک
ذَاهِبٌ	جانے والا	مَسْجِدٌ:ج،مَسَاجِدُ	مسجد
لِمَاذَا	کیوں	يَدٌ:ج،أَيْدِيْ	ہاتھ

درس(۲۲)

لَبُوْنٌ:ج،لَبُوْنٌ	دودھ والا جانور	مَطَارٌ:ج،مَطَارَاتٌ	ہوائی اڈہ،ایر پورٹ
رَائِعٌ	خوشنما	سِتْرٌ	پردہ،آڑ،رکاوٹ
جَامُوْسٌ:ج،جَوَامِيْسُ	بھینس	دَارِسٌ	ریسرچ اسکالر
هُدْهُدٌ	ایک پرندہ	قَوْمِيٌّ	عوامی،نیشنل
مَحْبُوْبٌ	پیارا	نَاجِحٌ	کامیاب
كَسْلَانُ	سست	سَاقِطٌ	فیل

درس(۲۳)

حَدِيْثٌ:ج،أَحَادِيْثُ	بات/گفتگو	صَوَابٌ	درست
سَيْفٌ:ج،سُيُوْفٌ	تلوار	حَدِيْدٌ	لوہا،تیز
صَالِحٌ	نیک	صَانِعٌ:ج،صُنَّاعٌ	کاریگر
تِيْنٌ	انجیر	لَذِيْذٌ	اچھا،ذائقہ دار

درس(۲۴)

لِقَاءٌ	ملاقات	مَحَطَّةٌ:ج،مَحَطَّاتٌ	ریلوے اسٹیشن
شَابٌّ:ج،شُبَّانٌ	جوان	قَادِمٌ	آنے والا
لُغَةٌ:ج،لُغَاتٌ	زبان	حَيٌّ:ج،أَحْيَاءُ	محلہ،زندہ

قِلْعَةٌ:ج،قِلَاعٌ	قلعہ	مَعْرُوْفٌ	مشہور
اَلْمَعْبَدُ الْهِنْدُوْكِيُّ	مندر	اَلْجَامِعُ:ج، جَوَامِعُ	جامع مسجد
مُسَافِرٌ	جانے والا، روانہ ہونے والا	هُوَ	وہ

درس (۲۵)

أ	کیا	لَيْسَ	نہیں
بَلىٰ	کیوں نہیں	عَصِيْرٌ	جوس
مُهَذَّبٌ	باادب، باتہذیب	شَهِيٌّ	مرغوب

درس (۲۶)

عَتِيْقٌ	پرانا، بزرگ، قدیم	أَوَّلُ	پہلا
اَفْضَلُ	بہترین	مِثْلُ	طرح
عَالَمٌ	دنیا	حَجَرٌ:ج، أَحْجَارٌ	پتھر
مَنْزِلَةٌ	درجہ، مقام	رَفِيْعٌ	بلند
مُحِبٌّ	محبت کرنے والا	زَائِرٌ	زیارت کرنے والا
يَوْمٌ:ج، أَيَّامٌ	دن	جَزَاءٌ	بدلہ

درس (۲۷)

رَبٌّ:ج، أَرْبَابٌ	پالنے والا، مالک	خَالِقٌ	پیدا کرنے والا
مُلْكٌ	بادشاہی	حَمْدٌ	تعریف، خوبی
شَرِيْكٌ:ج، شُرَكَاءُ	ساجھی	سَمِيْعٌ	سننے والا
بَصِيْرٌ	دیکھنے والا	غَنِيٌّ	بے نیاز
حَمِيْدٌ	خوبیوں والا	إِلٰهٌ:ج، آلِهَةٌ	معبود
مُلْحِقٌ	ملنے والا	مُحِيْطٌ	گھیرنے والا
مَحْرُوْمٌ	بدنصیب، محروم	هُوَ	وہ

درس (۲۸)

سَیِّدٌ:ج،سَادَۃٌ	سردار، آقا	خُلُقُ؛ج،أَخلَاق	آداب
شَأنٌ:ج،شُئُوْنٌ	مرتبہ	خَیْرٌ	بہتر، بھلائی
خَلْقٌ	مخلوق	مَوْلِدٌ	جائے پیدائش
مُھَاجَرٌ	جائے ہجرت	بَلْدَۃٌ	شہر
طَیِّبَۃٌ	پاکیزہ	ھُنَاکَ	وہاں
جِدًّا	بہت	مَرْجِعٌ	رجوع گاہ (جائے پناہ)

درس (۲۹)

مَدْرَسۃٌ:ج،مَدَارِسُ	مدرسہ	وَاسِعٌ	کشادہ
مَکْتَبٌ:ج،مَکَاتِبُ	دفتر	عَصْرِیٌّ	ماڈرن
مُؤَسِّسٌ	بانی	مُدِیْرٌ	مینیجر
طَرِیْفٌ	انوکھا	دِرَاسَۃٌ	تعلیم
جَیِّدٌ	عمدہ	بَدِیْعٌ	انوکھا
حَرِیْصٌ	بہت گرویدہ، شائق	رَءُوْفٌ	مہربان
نَخْلَۃٌ	کھجور کا درخت	جِدَارٌ:ج،جُدُرٌ	دیوار

درس (۳۰)

أُمَّۃٌ:ج،أُمَمٌ	قوم، عوام	أَجَلٌ:ج،آجَالٌ	وعدہ، موت
مُبِیْنٌ	روشن	قَلِیْلٌ	کم
غَفُوْرٌ	بخشنے والا	حِلْمٌ	حلم والا
قَھَّارٌ	غالب	غَیْبٌ:ج،غُیُوْبٌ	پوشیدہ
شَھَادَۃٌ	ظاہر	أُوْلیٰ	دنیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مشکوٰۃ العربیہ

شرح

مفتاح العربیہ

دوم

شارح

محمد گل ریز رضا مصباحی

مدناپوری، بہیڑی، بریلی شریف

ناشر

مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف

نام کتاب	:	مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم
مصنف	:	حضرت علامہ مولانا محمد توفیق احمد نعیمی شیش گڑھ
شارح	:	محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف
تقریظ	:	حضرت مولانا حبیب اللہ بیگ ازہری مصباحی استاذ جامعہ اشرفیہ
نظر ثانی	:	مولانا اصل رضا مصباحی رائچور، مولانا محمد رضوان خان مصباحی بریلی
کمپوزنگ	:	افضال احمد عطاری مرادآباد
ناشر	:	قادری کتاب گھر، نو محلہ بریلی شریف
صفحات	:	99
تعداد	:	گیارہ سو
رابطہ نمبر	:	8057889427

ملنے کے پتے

- قادری بکڈپو، نو محلہ مسجد بریلی شریف
- مکتبہ نعیمیہ جامعہ نعیمیہ دیوان بازار مرادآباد
- مکتبہ نعیمیہ ۴۲۳ مٹیا محل جامع مسجد دہلی
- مجلس اسلامی بلاسپور بس اسٹینڈ شیش گڑھ بریلی یوپی
- مکتبہ رحمانیہ درگاہ اعلیٰ حضرت محلہ سوداگران بریلی

پیش لفظ

دین اسلام کا اہم ماخذ قرآن کریم اور حدیث پاک ہے ،قرآن کریم کی تفسیر اور اس سے ماخوذ و مستنبط عقائدواحکام احادیث کریمہ کی شرحیں وغیرہ عربی زبان میں ہیں اور عربی زبان سے ناواقف لوگ اس اہم ماخذ سے اخذ و استفادہ کیسے کریں یہ ایک اہم مسئلہ تھا اس دشواری کو زائل کرنے اور اس اہم ماخذ سے اخذ و استفادہ کو آسان کرنے کے لیے گوناگوں کوششیں عمل میں آئیں ،اسی سلسلۃ الذہب کی ایک اہم کڑی علم صرف ونحو کی تدوین اور انشا پردازی کی تسہیل وغیرہ ہیں۔

اسلامی مدارس میں علم صرف ونحو اور انشا پردازی کا داخل نصاب ہونا اسی تسہیل کے پیش نظر ہے ،بحمدہ تبارک وتعالیٰ ارباب علم ودانش کی اس پیہم کوشش سے ایسے گراں قدر افراد پیدا ہوئے جنھیں عربی زبان وادب میں حیرت انگیز مہارت حاصل ہوئی اور اخذ و استفادہ کا حسین سلسلہ روز افزوں ترقی کرتا رہا اور ان شاء اللہ الرحمن ترقی کرتا رہے گا عربی زبان وادب کی گراں قدر خدمت دینے والوں کا ایک عظیم کارواں ہے جو روز و شب اس خدمت کی انجام دہی میں مسلسل مصروف عمل ہے جنھیں ارباب علم ودانش اور اصحاب فکر و نظر اچھی طرح جانتے ہیں۔

عربی زبان وادب کو فروغ دینے میں اور اس کی تسہیل کو آسان کرنے کے لیے جو کتابیں معرض وجود میں آئیں ان میں سے ایک کتاب **"مفتاح العربیہ" حضرت علامہ مولانا توفیق احمد نعیمی صاحب** کی ہے جس کے تین حصے ہیں اسلوب اور انداز بیان بہت ہی نرالا ہے، بعض مدارس میں یہ کتاب داخل نصاب اور داخل درس ہے ،دیگر کتابوں کی طرح اس کتاب سے بھی عربی زبان وادب سے واقفیت میں کافی مدد ملتی ہے جس کا بخوبی اندازہ ان طالبان علوم نبویہ کو ہے جنھوں نے اس کتاب سے حظِّ وافر حاصل کیا ہے ،چونکہ زمانہ تیزی سے گزر رہا ہے اور اذہان کمزور ہوتے جا رہے ہیں ،طلبہ پڑھائی سے جی چرا رہے ہیں اور وہ جلد سے جلد کسی چیز کو حاصل کرنے کے عادی ہوتے جا رہے ہیں اس لیے میں نے چاہا کہ کیوں نہ " مفتاح العربیہ دوم "کی

آسان ترجمہ اور عربی جملوں کی اردو کے ساتھ شرح کردی جائے چنانچہ میں نے اللہ کا نام لے کر قدم اٹھایااور بفضلہ تعالیٰ یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے کسی بھی طرح سے اس کتاب کی نشر و اشاعت میں میری مدد فرمائی بالخصوص شعبۂ عربی ادب کے ہونہار میرے دو ساتھی **مولانا محمد واصل رضا مصباحی کرناٹک، مولانا محمد رضوان خان مصباحی بریلی** کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے بڑی لگن اور غور و فکر سے اس کتاب کی نظر ثانی فرمائی اور مفید مشوروں سے نوازا۔ ۔۔۔۔بڑی ناسپاسی ہوگی اگر بھول جاؤں اپنے استاذ گرامی "**حضرت مولانا حبیب اللہ بیگ ازہری مصباحی**" استاذ جامعہ اشرفیہ کو جنھوں نے کثیر مصروفیات کے باوجود اس کتاب کا مطالعہ کیا اور تقریظ لکھ کر اس کے حسن کو دوبالا کردیا اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو بہترین بدلہ عطا فرمائے۔

انسان خطا سے مرکب ہے " مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم "میں بہت حد تک اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ اغلاط سے پاک وصاف شرح پیش کی جائے لیکن پھر بھی شرح میں کسی طرح کی کوئی کمی پائیں توکتاب کوہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ مطلع فرمائیں ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے گی۔

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بہیڑی بریلی شریف یوپی
۲۳؍ جمادی الاخری ۱۴۳۶ھ

تقریظ جلیل

حضرت مولانا محمد حبیب اللہ بیگ مصباحی ازہری، استاذ شعبہ ادب جامعہ اشرفیہ مبارک پور

کوئی دوماہ پرانی بات ہے کہ میں نے اپنا مجموعہ مقالات "**قطوف دانية**" شائع کیا لیکن کسی کو تقریظ یا تقدیم لکھنے کی زحمت نہیں دی اور "**الجزاء من جنس العمل**" کے تحت پُر امید تھا کہ آئندہ نہ مجھے بھی تقریظ لکھنے کی ضرورت پیش آئے گی نہ ہی تقدیم کی لیکن میرا قیاس غلط نکلا اس لیے کہ عزیز گرامی مولانا گل ریز احمد مصباحی اپنی کتاب "مشکوٰۃ العربیۃ" شرح "مفتاح العربیۃ دوم" پہ تقریظ لکھوانے کے لیے حاضر ہوگئے۔ میں نے مولانا سے اپنی ناتجربہ کاری، بے بضاعتی اور عدیم الفرصتی کا شکوہ کیا لیکن انھوں نے میری ایک نہ سنی اور مسلسل اصرار کرتے رہے آخر کار ان کے اصرار پیہم کے آگے میری ناتواں معذرت نے ہتھیار ڈال دیے اور یوں مولانا صاحب ایک تقریظ مخالف انسان سے کسی عام کتاب پر نہیں بلکہ شرح پر تقریظ لکھوانے میں کامیاب ہوگئے۔

مجھے یاد آتا ہے کہ میں نے اپنی زندگی میں شرح بارہا دیکھی لیکن کسی شارح کو دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ مولانا کو دیکھ کر کچھ اندازہ ہوا کہ شارح کیسے ہوتے ہیں، ان کا مزاج کیسا ہوتا ہے اور ان کی مصروفیات کیا ہوتی ہیں اگر شارح پر تبصرہ مطلوب ہوتا تو دو کے بجائے چار صفحات سیاہ کر دیتا، لیکن:

ع صدائے لن ترانی سن کے اے اقبال میں چپ ہوں

بہر کیف میں نے کبھی شرح نہیں پڑھی البتہ شروحات سے شغف رکھنے والوں سے سنا کہ عام شارحین کا مزاج یہ ہوتا ہے کہ جب مشکل اور پیچیدہ مقامات سے گزرتے ہیں تو بالکل ایسے ہی خاموش ہوجاتے ہیں جیسے انھیں سانپ سونگھ گیا ہو۔ اور جب آسان اور واضح مقامات سے گزرتے ہیں تو ایسی زبردست تشریح کرتے ہیں کہ بقراط وسقراط انگشت بدنداں نظر آتے ہیں اور زیر زمین مصنف کو بھی یہ وہم ہونے لگتا ہے کہ شارح کے دماغ میں افلاطون کا بھیجا سما گیا ہے۔

آنکھ والے تیرے جوبن کا تماشا دیکھے
دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

واضح رہے کہ شارحین کے یہاں ہمیشہ یہی ایک صورت حال نہیں رہتی بلکہ جب کبھی ان پہ انسانیت طاری ہوتی ہے مقتضائے حال کی رعایت کرتے ہیں جس کے بعد عام قارئین اور طلبہ کو بجا طور پر یہ محسوس ہوتا ہے کہ ہم وراء الوراء کی سیر سے فارغ ہوکر کتاب کی دنیا میں آ گئے ہیں۔

شروحات کے حوالے سے میرا تصور یہی تھا لیکن مولانا کی شرح دیکھ کر اندازہ ہوا کہ یا تو میرا تصور غلط تھا یا پھر مولانا نے ایسی شرح نگاری کی بناڈالی ہے جس میں ایجاز مُخِل اور اطناب مُمِل کی کوئی گنجائش نہیں ہے کیوں کہ مولانا نے ایجاز واطناب کے ساتھ مساواۃ کا بھی درس دیا ہے اور مقتضائے حال کی رعایت کو اپنے لیے موروثی حق سے کم نہیں سمجھتے ہیں۔

مولانا نے مختصر مگر جامع انداز میں اصطلاحات کی تعریف وتوضیح کی ہے ان کے اقسام بھی بیان کیے ہیں، مثالوں کے ذریعہ ہر بات سمجھانے کی کوشش کی ہے تاکہ تھوڑی توجہ سے قاری آسانی کے ساتھ مطلوب تک پہنچ سکے۔

مولانا نے اصطلاحات کی تعریف کے ساتھ ساتھ عربی عبارات کا ترجمہ کیا ہے اور اردو جملوں کی عربی بنائی ہے، عربی سوالات کے عربی میں جوابات بتائے ہیں، مولانا کی شرح دیکھنے کے بعد ہر شخص کے اندر اتنی لیاقت ضرور پیدا ہوجاتی ہے کہ سیب میٹھا ہے اور انگور کھٹا ہے کی عربی "اَلتُّفَّاحُ حُلْوٌ وَالْعِنَبُ حَامِضٌ" ہے، جبکہ "هٰذا ثُوْمٌ وَ ذٰلِکَ بَصَلٌ" کا ترجمہ ہے یہ لہسن ہے اور وہ پیاز ہے۔

"مشکوٰۃ العربیۃ شرح مفتاح العربیۃ دوم" کے مطالعہ سے پہلے مولانا گل ریز صاحب کو محض ایک شارح یا ترجمہ نگار سمجھتا تھا لیکن شرح کا مطالعہ کے بعد یہ محسوس ہوا کہ وہ صرف ایک شارح نہیں بلکہ طلبہ کے فریاد رس حاجت روا بھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل میں اور جذبۂ خدمت خلق میں روز افزوں ترقی عطا فرمائے۔

محمد حبیب اللہ بیگ مصباحی ازہری اے۔پی

استاذ جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

۲۱/ رجب ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۱/ مئی ۲۰۱۵

نوٹ:

اصل کتاب مفتاح العربیہ دوم میں جو سوالات مذکور ہیں شرح میں ان کے جوابات عربی میں دیے گیے ہیں اور بعض جگہوں پر ھٰکذا لکھا ہے وہاں اور سوالات بناکر ان کے جوابات دینے تھے شرح میں ان سوالات کو لکھ دیا گیا ہے اور ان کے جوابات بھی لکھ دیے گیے ہیں۔اور بعض مقامات پر درس سے پہلے کچھ مفید باتیں بھی لکھ دی گئی ہیں جن سے آنے والے سبق کو سمجھنے میں طلبہ کو آسانی ہوگی۔

مبتدا: وہ اسم صریح، یامؤول ہے جو لفظی عوامل سے خالی اور مسند الیہ ہو۔ جیسے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔وَأَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ۔ پہلی مثال میں اسم صریح مُحَمَّدٌ مبتدا ہے اور دوسری مثال میں اسم مؤول أَنْ تَصُوْمُوْا بمعنی صِیَامُکُمْ مبتدا ہے۔

خبر: وہ اسم ہے جو لفظی عوامل سے خالی اور مسند ہو۔ جیسے اَلْحَقُّ مَنْصُوْرٌ میں مَنْصُوْرٌ مسند اور خبر ہے۔

مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں اور ان کا عامل معنوی ہوتا ہے جو کہ ابتدا ہے ۔جیسے اَللّٰہُ خَالِقٌ۔ مبتدا میں اصل یہ ہے کہ وہ معرفہ ہو اور خبر سے پہلے آئے۔اور خبر میں اصل یہ ہے کہ نکرہ ہو اور مبتدا کے بعد آئے۔جیسے اَلْفِیْلُ حَیَوَانٌ۔ اگر جملہ اسمیہ میں ایک اسم معرفہ ہو اور دوسرا نکرہ ہو تو معرفہ مبتدا ہوگا اور نکرہ خبر۔جیسے اَلْحَجَرُ جَمَادٌ۔ اور اگر دونوں معرفہ ہوں تو کوئی بھی مبتدا ہو سکتا ہے۔جیسے اَلْإِسْلَامُ دِیْنُنَا • زَیْدٌ اَخُوْنَا•

درس(۱) مبتدا/خبر

اَلْمَهْدُ جَمِیْلٌ • اَلأَنْبَجُ نَاضِجٌ •اَلْمُسَدَّسُ یَابَانِيٌّ •اَلسَّیَّارَةُ جَمِیْلَةٌ • اَلطَّائِرَةُ کَبِیْرَةٌ• اَلْحَافِلَةُ طَوِیْلَةٌ •اَلشَّاحِنَةُ قَصِیْرَةٌ •اَلأَرِیْکَةُ جَمِیْلَةٌ •اَلْمِنْضَدَةُ مُسْتَدِیْرَةٌ•

اَلْإِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ •اَلْإِسْلَامُ نُوْرٌ وَالْکُفْرُ ظُلْمَةٌ • اَلْوَلَدُ سَرِیْعٌ وَالْبِنْتُ بَطِیْئَةٌ •اَلْمُعَلِّمَةُ جَالِسَةٌ وَالْمُتَعَلِّمَةُ قَائِمَةٌ •اَلذَّهَبُ غَالٍ وَّالْفِضَّةُ رَخِیْصَةٌ •اَلْعِلْمُ نَافِعٌ وَّالْجَهْلُ ضَارٌّ •اَلْمُسْلِمُ حَيٌّ وَالْکَافِرُ مَیِّتٌ • اَلْمَرْءُ حَسَنٌ وَالْمَرْأَةُ قَبِیْحَةٌ •

اَلْمَلِکُ ظَالِمٌ لَا عَادِلٌ •اَلْمُؤْمِنُ اَمِیْنٌ لَا خَائِنٌ •اَلْخُبْزُ طَرِيٌّ لَا بَائِتٌ • اَلشَّايُ حَارٌّ لَا بَارِدٌ •اَلسِّکِیْنُ حَدِیْدٌ لَا فَلِیْلٌ •اَلْعِلْمُ نَافِعٌ لَا ضَارٌّ •

اَلطَّرِیْقُ وَاسِعٌ لَا ضَیِّقٌ • اَلثَّوْبُ طَاهِرٌ لَانَجِسٌ •اَلْمِشْطُ نَظِیْفٌ لَا وَسِخٌ •

ترجمہ:-

جھولا خوب صورت ہے۔آم پکا ہوا ہے۔ ریوالور/ پستول جاپانی ہے۔ موٹر کار خوب صورت ہے۔ ہوائی جہاز بڑا ہے۔بس لمبی ہے۔ ٹرک چھوٹا ہے۔ صوفہ خوب صورت ہے۔ ٹیبل گول ہے۔

اسلام حق ہے اور کفر باطل ہے۔ اسلام ایک نور ہے اور کفر تاریکی ہے۔ لڑکا تیز چال ہے اور لڑکی سست چال ہے۔ استانی بیٹھی ہے اور طالبہ کھڑی ہے۔ سونا مہنگا ہے اور چاندی سستی ہے۔ علم فائدہ مند ہے اور جہالت نقصان دہ ہے۔ مسلمان زندہ ہے اور کافر مردہ ہے۔ مرد خوب صورت ہے اور عورت بدصورت ہے۔

بادشاہ ظلم کرنے والا ہے انصاف کرنے والا نہیں۔ مومن امانت دار ہے خیانت دار نہیں۔ روٹی تازی ہے باسی نہیں۔ چائے گرم ہے ٹھنڈی نہیں۔ چھری تیز ہے کند نہیں۔ علم فائدہ مند ہے نقصان دہ نہیں۔ راستہ کشادہ ہے تنگ نہیں۔ کپڑا پاک ہے ناپاک نہیں۔ کنگھی صاف ہے میلی نہیں۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ الْمَهْدُ؟	اَلْمَهْدُ جَمِيْلٌ
2	أَيُّ شَيْءٍ وَاسِعٌ ؟	اَلطَّرِيْقُ وَاسِعٌ
3	هَلِ الْمُسَدَّسُ يَابَانِيٌّ ؟	نَعَمْ اَلْمُسَدَّسُ يَابَانِيٌّ

عربی بناؤ:

شمار	اردو	عربی
1	پانی تازہ ہے اور روٹی باسی ہے۔	اَلْمَاءُ طَرِيٌّ وَالْخُبْزُ بَائِتٌ
2	سیب میٹھا ہے اور انگور کھٹا ہے۔	اَلتُّفَّاحُ حُلْوٌ وَالْعِنَبُ حَامِضٌ
3	بھینس بھوکی ہے اور کتّا پیاسا ہے۔	اَلْجَامُوسُ جَائِعٌ وَالْكَلْبُ عَاطِشٌ
4	عورت لمبی ہے اور مرد ناٹا ہے۔	اَلْمَرْءَةُ طَوِيْلَةٌ وَالْمَرْءُ قَصِيْرٌ
5	علم آسان ہے اور عمل سخت ہے۔	اَلْعِلْمُ سَهْلٌ وَالْعَمَلُ صَعْبٌ
6	ٹوپ مہنگا ہے اور ٹوپی سستی ہے۔	اَلْقُبَّعَةُ غَالِيَةٌ وَالْقَلَنْسُوَةُ رَخِيْصَةٌ

7	گھوڑا سفید ہے اور بھینس کالی ہے۔	اَلْفَرَسُ أَبْيَضُ وَالْجَامُوْسُ أَسْوَدُ
8	لڑکا بڑا ہے اور لڑکی چھوٹی ہے۔	اَلْوَلَدُ كَبِيْرٌ وَالْبِنْتُ صَغِيْرَةٌ
9	مرد دُبلا ہے اور عورت موٹی ہے۔	اَلرَّجُلُ هَزِيْلٌ وَالْمَرْءَةُ سَمِيْنَةٌ
10	چوکی، ماڈرن ہے۔	اَلْأَرِيْكَةُ / اَلْمِنْضَدَةُ عَصَرِيَّةٌ
11	تلوار تیز ہے اور چھری کند ہے۔	اَلسَّيْفُ حَدِيْدٌ وَالسِّكِّيْنُ فَلِيْلٌ
12	پالنا گول ہے لمبا نہیں۔	اَلْمَهْدُ مُسْتَدِيْرٌ لَا طَوِيْلٌ
13	لڑکا تیز ہے ڈھیلا نہیں۔	اَلْوَلَدُ سَرِيْعٌ لَا بَطِيْئٌ
14	پانی ٹھنڈا ہے نہ کہ گرم۔	اَلْمَاءُ بَارِدٌ لَا حَارٌّ

جمع مذکر سالم:۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ۔ اس سے مراد ہر وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے اس سبب سے کہ مفرد کے آخر میں واوَ ماقبل مضموم۔ یا یاے ماقبل مکسور اور نون مفتوح لگایا گیا ہے۔ یاد رہے کہ تثنیہ کا نون ہمیشہ مکسور ہوتا ہے اور جمع مذکر سالم کا نون مفتوح ، اور اضافت کے وقت دونوں گر جاتے ہیں۔ جیسے جَاءَنِىْ غُلَامَا زَيْدٍ وَ مُسْلِمُوْا مِصْرَ ۔

جمع مؤنث سالم۔ جیسے مُسْلِمَاتٌ۔ اس جمع سے مراد وہ جمع ہے جو واحد کے آخر میں الف اور لمبی تا کے اضافہ کرکے بنائی گئی ہو، خواہ اس کا واحد مؤنث ہو۔ جیسے مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ، یا مذکر ہو۔ جیسے مَرْفُوْعٌ سے مَرْفُوْعَاتٌ۔

جمع عاقل: اس سے مراد وہ جمع ہے جو مرد و عورت ذوی العقول افراد پر دلالت کرے اس جمع میں دونوں طرح کی جمع ہیں جمع مکسر اور جمع سالم اور اس درس میں جمع مکسر اور جمع سالم دونوں کا استعمال کیا گیا ہے۔

جمع مکسر: وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت نہ رہے بلکہ متغیّر ہو جائے جیسے ذَكِيٌّ سے اَذْكِيَاءُ.

جمع سالم: وہ جمع ہے جس میں واحد کاوزن سلامت ہو یہ مذکر بھی ہوتی ہے جیسے صَالِحُوْنَ اور مؤنث بھی ہوتی ہے جیسے صَالِحَاتٌ.

درس(۲) جمع عاقل (الف)

اَلْقَاضِي عَاقِلٌ • اَلْقُضَاةُ عَادِلُوْنَ •اَلْوَلَدُ صَالِحٌ •اَلأَوْلَادُ صَالِحُوْنَ• اَلْبِنْتُ صَالِحَةٌ •اَلْبَنَاتُ صَالِحَاتٌ •اَلرَّجُلُ فَرِحٌ•اَلرِّجَالُ فَرِحُوْنَ• اَلْمَرْأَةُ عَابِدَةٌ•اَلنِّسَاءُ عَابِدَاتٌ• اَلْمُسْلِمُ بَرِيْئٌ •اَلْمُسْلِمُوْنَ بَرِيْئُوْنَ• اَلْكَافِرُ غَافِلٌ• اَلْكُفَّارُ غَافِلُوْنَ• اَلْمُنَافِقُ مُفْسِدٌ • اَلْمُنَافِقُوْنَ مُفْسِدُوْنَ •اَلأُمُّ صَابِرَةٌ• اَلأُمَّهَاتُ صَابِرَاتٌ • اَلْخَالَةُ صَادِقَةٌ• اَلْخَالَاتُ صَادِقَاتٌ•اَلأَبْرَارُ مُكْرَمُوْنَ•اَلْفُجَّارُسَاقِطُوْنَ•اَلصَّحَابَةُ عَادِلُوْنَ• اَلْعَادِلُوْنَ مُفْلِحُوْنَ•اَلْكُفَّارُ ظَالِمُوْنَ•اَلظَّالِمُوْنَ مُفْسِدُوْنَ•اَلْعَمَّاتُ مُعَلِّمَاتٌ• اَلْمُعَلِّمَاتُ عَالِمَاتٌ• اَلْبَنَاتُ عَابِدَاتٌ• اَلْعَابِدَاتُ عَفِيْفَاتٌ•

ترجمہ:- قاضی عقل مند ہے۔ سارے قاضی انصاف ور ہیں۔ لڑکا نیک ہے۔ لڑکے نیک ہیں۔ لڑکی نیک ہے۔ لڑکیاں نیک ہیں۔ مرد خوش ہے۔ سب مرد خوش ہیں۔ عورت عبادت گزار ہے۔ عورتیں عبادت گزار ہیں۔ مسلمان بے قصور ہے۔ سارے مسلمان بے قصور ہیں۔ کافر غافل ہے۔ کفار غافل ہیں۔ منافق فسادی ہے۔ سارے منافقین فسادی ہیں۔ ماں صبر کرنے والی ہے۔ مائیں صبر کرنے والی ہیں۔ خالہ سچی ہے۔ خالائیں سچی ہیں۔ نیک لوگ شریف ہیں۔ بد کار لوگ کمینے ہیں۔ صحابۂ کرام (رضی اللہ عنہم) انصاف ور ہیں۔ انصاف کرنے والے لوگ کامیاب ہیں۔ کفار ظالم ہیں۔

ظالم لوگ فسادی ہیں۔ پھوپھیاں استانیاں (معلمہ) ہیں۔ استانیاں عالمہ ہیں۔ لڑکیاں عبادت گزار ہیں۔ عبادت گزار عورتیں پاک دامن ہیں۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب

1	کَیفَ الْقَاضِی ؟	اَلْقَاضِیْ عَاقِلٌ
2	هَل الْقُضَاةُ عَادِلُوْنَ ؟	نَعَمْ،اَلْقُضَاةُعَادِلُوْنَ
3	هَل الْوَلَدُ صَالِحٌ ؟	نَعَمْ، اَلْوَلَدُ صَالِحٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	لڑکے خوش ہیں۔	اَلْأَوْلَادُ فَرِحُوْنَ
2	لڑکیاں تیز ہیں۔	اَلْبَنَاتُ سَرِیْعَاتٌ
3	جج عقل مند ہیں۔	اَلْقُضَاةُعَاقِلُوْنَ
4	منافق فسادی ہیں۔	اَلْمُنَافِقُوْنَ مُفْسِدُوْنَ
5	مرد آرہے ہیں۔	اَلرِّجَالُ قَادِمُوْنَ
6	عورتیں ڈھیلی ہیں۔	اَلنِّسَاءُ بَطِیْئَاتٌ
7	علماء نیک ہیں۔	اَلْعُلَمَاءُ صَالِحُوْنَ
8	مائیں نیک ہیں۔	اَلْأُمَّهَاتُ صَالِحَاتٌ
9	خالائیں عبادت گزار ہیں۔	اَلْخَالَاتُ عَابِدَاتٌ
10	عورتیں پاکدامن ہیں۔	اَلنِّسَاءُعَفِیْفَاتٌ
11	مسلمان کامیاب ہیں۔	اَلْمُسْلِمُوْنَ مُفْلِحُوْنَ
12	عورتیں سچی ہیں۔	اَلنِّسَاءُ صَادِقَاتٌ

اسم اشارہ: وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی محسوس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے۔اور جس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اس کو **مُشارٌ الیہ** کہتے ہیں۔اسمائے اشارہ یہ ہیں:

ذَا• ذَانِ• ذَیْنِ• تَا• تِیْ•ذِیْ •تِهْ •ذِهْ• تِهِیْ• ذِهِیْ •تَانِ• تَیْنِ •أُوْلَاءِ •أُوْلٰی •

ذَا **واحد مذکر** کے لیے۔ذَانِ• ذَیْنِ• **تثنیہ مذکر** کے لیے۔

تَا• تِیْ• ذِیْ• تِہْ • ذِہْ•تِہِیْ•ذِہِیْ• واحد مؤنث کے لیے۔تَانِ •تَیْنِ •تثنیہ مؤنث کے لیے۔أُوْلَاءِ (الف ممدودہ کے ساتھ)اور أُوْلیٰ (الف مقصورہ کے ساتھ)جمع مذکرو مؤنث کے لیے۔

عام طور پر اسم اشارہ کے شروع میں مخاطب کو متوجہ کرنے لے لیے حرف تنبیہ ''ھَا''لگادیتے ہیں۔جیسے ھٰذَا • ھٰذَانِ •ھٰؤُلَاءِ وغیرہ۔کبھی اسم اشارہ کے آخر میں حرف خطاب لگادیتے ہیں۔جیسے ذَاکَ •ذَاکُمَا • ذَاکُمْ • ذَاکِ • ذَاکُمَا • ذَاکُنَّ۔اس سے مخاطب کا مذکر و مؤنث اور واحد، تثنیہ و جمع ہونا معلوم ہوتا ہے۔اور کبھی حرف خطاب سے پہلے لام بھی لگا دیتے ہیں جیسے ذٰلِکَ •تِلْکَ۔

ذَا۔یاھٰذَا کا استعمال مُشَارٌ اِلَیہ قریب کے لیے ہوتا ہے۔ذٰلِکَ کا بعید کے لیے اور ذَاکَ کا متوسط کے لیے۔اسم اشارہ،مُشَارٌ اِلَیہ ترکیب میں موصوف صفت بنتے ہیں۔

درس(۳)واحد اسمائے اشارہ

ھٰذَا بَیْتٌ وَّ ذٰلِکَ مُسْتَشْفیً • ھٰذَا ثُومٌ وَّ ذٰلِکَ بَصَلٌ •ھٰذَا خُبْزٌ وَّ ذٰلِکَ اَرُزٌّ• ھٰذِہٖ شَاۃٌ وَّ تِلْکَ بَقَرَۃٌ• ھٰذَافَتیً وَّ تِلْکَ فَتَاۃٌ •ھٰذَا اَبٌ وَّ تِلْکَ أُمٌّ • ھٰذَا کَلْبٌ وَّ ذٰلِکَ قِرْدٌ •

ھٰذَا الثَّوْبُ نَاعِمٌ وَّ ذٰلِکَ الثَّوْبُ خَشِنٌ •ھٰذِہِ الْفَتَاۃُ نَظِیْفَۃٌ وَتِلْکَ الْفَتَاۃُ وَسِخَۃٌ • ھٰذَا الْوَلَدُ طَوِیْلٌ وَتِلْکَ الْبِنْتُ قَصِیْرَۃٌ •ھٰذِہِ الْمَرْأَۃُ نَاعِمَۃٌ وَّ ذٰلِکَ الرَّجُلُ مُعْسِرٌ•

ترجمہ:۔ یہ گھر ہے اور وہ ہسپتال ہے۔یہ لہسن ہے اور وہ پیاز ہے۔یہ روٹی ہے اور وہ چاول ہے۔یہ بکری ہے اور وہ گائے ہے۔یہ جوان مرد ہے اور وہ جوان عورت ہے۔یہ باپ ہے اور وہ ماں ہے۔یہ کتا ہے اور وہ بندر ہے۔

یہ کپڑا نرم ہے اور وہ کپڑا کھردرا ہے ۔ یہ جوان عورت پاکیزہ ہے اور وہ جوان عورت گندی ہے ۔ یہ لڑکا لمبا ہے اور وہ لڑکی چھوٹی ہے ۔ یہ عورت خوش حال ہے اور وہ آدمی تنگ دست ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ تالا ہے اور وہ چابی ہے۔	هٰذَا قُفْلٌ وَذٰلِکَ مِفْتَاحٌ
2	یہ پودا ہے اور وہ درخت ہے۔	هٰذَا غَرْسٌ وَتِلْکَ شَجَرَةٌ
3	یہ گدھا ہے اور وہ گھوڑا ہے۔	هٰذَا حِمَارٌ وَذٰلِکَ فَرَسٌ
4	یہ جوس ہے اور وہ چائے ہے۔	هٰذَا عَصِیْرٌ وَذٰلِکَ شَایٌ
5	یہ بیری ہے اور وہ جھاؤ ہے۔	هٰذَا سِدْرٌ وَذٰلِکَ أَثْلٌ
6	یہ کتّا ہے اور وہ خنزیر ہے۔	هٰذَا کَلْبٌ وَذٰلِکَ خِنْزِیْرٌ
7	یہ ٹوپی ہے اور وہ ٹوپ ہے۔	هٰذِهٖ قَلَنْسُوَةٌ وَ تِلْکَ قُبَّعَةٌ
8	یہ کرتا ہے اور وہ پردہ ہے۔	هٰذَا قَمِیْصٌ وَذٰلِکَ سِتَارٌ
9	یہ کپڑا قیمتی ہے اور وہ کپڑا سستا ہے۔	هٰذَا الثَّوْبُ ثَمِیْنٌ وَذٰلِکَ الثَّوْبُ رَخِیْصٌ
10	یہ بس لمبی ہے اور وہ بس چھوٹی ہے۔	هٰذِهٖ الْحَافِلَةُ طَوِیْلَةٌ وَتِلْکَ الْحَافِلَةُ قَصِیْرَةٌ
11	یہ بالٹی چھوٹی ہے اور وہ بالٹی بڑی ہے۔	هٰذَا الدَّلْوُ صَغِیْرٌ وَذٰلِکَ الدَّلْوُ کَبِیْرٌ
12	یہ دھاگا لال ہے اور وہ دھاگا پیلا ہے۔	هٰذَا الْخَیْطُ أَحْمَرُ وَذٰلِکَ الْخَیْطُ أَصْفَرُ
13	یہ برتن کشادہ ہے اور وہ برتن تنگ	هٰذَا الظَّرْفُ وَاسِعٌ وَذٰلِکَ الظَّرْفُ

	ہے۔	ضَيِّقٌ

جمع غیر عاقل: اس سے مراد وہ جمع ہے جو انسان کے علاوہ چیزوں پر دلالت کرے جیسے کُتُبٌ•رُسُوْمٌ•أَشْجَارٌ۔ یہ جمع، واحد مؤنث کے حکم میں ہوتی ہے اس جمع سے پہلے اگر فعل یا اسم اشارہ آئے تو مؤنث استعمال ہوں گے نیز اس کی صفت اور عموما خبر واحد مؤنث آتی ہے۔ جیسے ھٰذِہِ الْکُتُبُ•تِلْکَ الدَّکَاکِیْنُ تَأکُلُ الْکِلَابُ•تَتَغَرَّدُالطُّیُوْرُ•۔

درس(۴)جمع غیر عاقل

اَلْکِتَابُ جَدِیْدٌ • اَلْکُتُبُ جَدِیْدَةٌ • ھٰذِہِ الْکُتُبُ جَدِیْدَةٌ لَا قَدِیْمَةٌ• اَلرَّسْمُ جَمِیْلٌ • اَلرُّسُوْمُ جَمِیْلَةٌ• تِلْکَ الرُّسُوْمُ لَیْسَتْ بِجَمِیلَةٍ •اَلشَّجَرُ مُثْمِرٌ •اَلأَشْجَارُ مُثْمِرَةٌ •ھٰذِہِ الأَشْیَاءُ ثَمِیْنَةٌ لَا رَخِیْصَةٌ • تِلْکَ الدَّکَاکِیْنُ وَاسِعَةٌ لَا ضَیِّقَةٌ • ھٰذِہِ السُّیُوْفُ حَدِیْدَةٌ لَا فَلِیْلَةٌ • ھٰذِہِ الْکِلَابُ أَلِیْفَةٌ• وَّ تِلْکَ الْکِلَابُ وَحْشِیَّةٌ •ھٰذِہِ الْجَوَائِزُ ثَمِیْنَةٌ وَّ تِلْکَ الْجَوَائِزُ رَخِیْصَةٌ ھٰذِہِ الْمَدَارِسُ عَرَبِیَّةٌ وَّ تِلْکَ الْمَدَارِسُ اِنْجِیْلِیْزِیَّةٌ •

ترجمہ:

کتاب نئی ہے۔ کتابیں نئی ہیں۔ یہ کتابیں نئی ہیں پرانی نہیں۔ تصویر خوب صورت ہے۔ تصویریں خوب صورت ہیں۔ وہ تصویریں خوب صورت نہیں ہیں۔ درخت پھل دار ہے۔ درخت پھل دار ہیں۔ یہ چیزیں قیمتی ہیں سستی نہیں۔ وہ دکانیں کشادہ ہیں تنگ نہیں۔ یہ تلواریں تیز ہیں کند نہیں۔ یہ کتے پالتو ہیں اور وہ کتے جنگلی ہیں۔ یہ انعامات قیمتی ہیں اور وہ انعامات سستے ہیں۔ یہ مدرسے عربی ہیں اور وہ مدرسے انگریزی ہیں۔

واحد کی جمع اور جمع کی واحد بتاؤ

مَدَارِسٌ مدرسے	رُسُوْمٌ تصویریں	كُتُبٌ کتابیں	كَلْبٌ کتا	مَدْرَسَةٌ مدرسہ	رَسْمٌ تصویر
جَوَائِزُ انعامات	أَشْجَارٌ درخت	كِلَابٌ کتے	كِتَابٌ کتاب	شَجَرٌ درخت	جَائِزَةٌ انعام

تکملہ (جملہ پورا کرو)

هٰذِهِ الْكُتُبُ جَدِيْدَةٌ یہ کتابیں نئی ہیں۔	اَلأَشْيَاءُ رَخِيْصَةٌ لَا ثَمِيْنَةٌ چیزیں سستی ہیں مہنگی نہیں۔	اَلْبُيُوْتُ لَيْسَتْ بِجَمِيْلَةٍ گھر خوب صورت نہیں۔

عربی بناؤ:

شمار	اردو	عربی
1	انگور میٹھے ہیں۔	اَلْأَعْنَابُ حُلْوَةٌ
2	پھل کھٹے ہیں۔	اَلْأَثْمَارُ حَامِضَةٌ
3	گھر ماڈرن ہے۔	اَلْبُيُوْتُ عَصَرِيَّةٌ
4	چیزیں سستی ہیں۔	اَلْأَشْيَاءُ رَخِيْصَةٌ
5	کتابیں مفید ہیں۔	اَلْكُتُبُ مُفِيْدَةٌ
6	درخت لمبے ہیں۔	اَلْأَشْجَارُ طَوِيْلَةٌ
7	مدرسے خوب صورت ہیں۔	اَلْمَدَارِسُ جَمِيْلَةٌ
8	مسجدیں پاکیزہ ہیں۔	اَلْمَسَاجِدُ نَظِيْفَةٌ
9	سبق آسان ہیں۔	اَلدُّرُوْسُ سَهْلَةٌ
10	سبق آسان ہے مشکل نہیں۔	اَلدَّرْسُ سَهْلٌ لَا صَعْبٌ

11	انگور میٹھے ہیں کھٹے نہیں۔	اَلْأَعْنَابُ حُلْوَةٌ لَا حَامِضَةٌ
12	یہ کتابیں نئی نہیں (ہیں)۔	هٰذِهِ الْكُتُبُ لَيْسَتْ بِجَدِيْدَةٍ
13	وہ کتے پالتو نہیں (ہیں)۔	تِلْكَ الْكِلَابُ لَيْسَتْ بِأَلِيْفَةٍ
14	یہ پھول خوب صورت ہیں۔	هٰذِهِ الْأَزْهَارُ جَمِيْلَةٌ
15	اور وہ پھول خوب صورت نہیں۔	وَتِلْكَ الْأَزْهَارُ لَيْسَتْ بِجَمِيْلَةٍ
16	کاپیاں چھوٹی ہیں بڑی نہیں۔	اَلْكُرَّاسَاتُ صَغِيْرَةٌ لَا كَبِيْرَةٌ
17	یہ تخت بہت قیمتی ہے۔	هٰذِهِ الْأَرِيكَةُ ثَمِيْنَةٌ جِدًّا

مرکب اضافی: اس مرکب کو کہتے ہیں جو مضاف اور مضاف الیہ سے مل کر بنے ۔جیسے خَلِيْفَةُ الرَّسُوْلِ • حَدِيْثُ مُوْسیٰ • ذُوْ قُوَّةٍ ۔اس کے پہلے جز کو **مضاف** اور دوسرے جز کو **مضاف الیہ** کہا جاتا ہے۔اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔مرکب غیر مفید کی چار قسمیں ہیں (۱) مرکب توصیفی (۲) مرکب بنائی (۳) مرکب منع صرف (۴) مرکب اضافی بھی انھیں میں سے ہے۔

درس (۵)
مضاف/مضاف الیہ (مرکب اضافی)

مضاف مذکر	مضاف مؤنث
بَيْتُ اللهِ	سُنَّةُ الرَّسُوْلِ
مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ	جَرِيْدَةُ الْهِنْدِ
يَوْمُ الْجُمُعَةِ	لَيْلَةُ الْهِجْرَةِ
مَقَامُ اِبْرَاهِيْمَ	بِئْرُ زَمْزَمَ
شَارِعُ الْمَطَارِ	اَرْضُ فِلَسْطِيْنَ

جَامِعُ قُرْطُبَةَ	سَاعَةُ الْجِدَارِ
شَجَرُ التِّيْنِ	اَشْجَارُ التُّفَّاحِ
دَرْسُ الْقُرْآنِ	دُرُوْسُ الْكِتَابِ
غَسْلُ الثِّيَابِ	أَيَّامُ اللهِ

هٰذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ• يَوْمُ الْجُمُعَةِ مُبَارَكٌ • هٰذَا جَامِعُ قَرْطَبَة• جَامِعُ قُرْطَبَةَ جَمِيْلٌ • هٰذَا شَارِعُ الْمَطَارِ • شَارِعُ الْمَطَارِ وَاسِعٌ • هٰذَا مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ •مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ رَائِعٌ • هٰذَا مَقَامُ اِبْرَاهِيْمَ • مَقَامُ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى • هٰذِهِ سَاعَةُ الْجِدَارِ • سَاعَةُ الْجِدَارِ جَمِيْلَةٌ • هٰذِهِ بِئْرُ زَمْزَمَ • بِئْرُ زَمْزَمَ مُبَارَكَةٌ • لَحْمُ الدَّجَاجِ ثَقِيْلٌ • وَّ لَحْمُ الشَّاةِ خَفِيْفٌ • هٰذِهِ لَيْلَةُ الْهِجْرَةِ • تِلْكَ سُنَّةُ الرَّسُوْلِ • هٰذِهِ جَرِيْدَةُ الْهِنْدِ • تِلْكَ خَرِيْطَةُ بَاكِسْتَانَ •

هٰذِهِ مَصْنُوْعَاتِ الْهِنْدِ• مَصْنُوْعَاتُ الْهِنْدِ بَدِيْعَةٌ • هٰذِهِ اَوْرَاقُ الأَشْجَارِ • اَوْرَاقُ هٰذِهِ الأَشْجَارِ كَثِيْرَةٌ • تِلْكَ رُسُوْمُ الْبُيُوْتِ• رُسُوْمُ الْبُيُوْتِ مُتَلَوِّنَةٌ• هٰذِهِ الدُّرُوْسُ سَهْلَةٌ لَا صَعْبَةٌ • تِلْكَ الْكُرَّاسَاتُ رَدِيْئَةٌ لَا جَيِّدَةٌ • هٰذِهِ الأَشْجَارُ مُثْمِرَةٌ •هٰذِهِ الأَشْيَاءُ لَيْسَتْ بِمُفِيْدَةٍ •

ترجمہ:۔مضاف مذکر: اللہ تعالیٰ کا گھر۔رسول ﷺ کی مسجد۔جمعہ کا دن۔ابراہیم علیہ السلام کا مقام۔ایرپورٹ کی سڑک۔قرطبہ کی جامع مسجد۔انجیر کا درخت۔قرآن کا سبق۔کپڑوں کا دھونا۔

مضاف مؤنث: رسول ﷺ کی سنت۔ہندوستان کا اخبار۔ہجرت کی رات۔زمزم کا کنوآں۔فلسطین کی زمین۔دیوار کی گھڑی۔سیب کے درخت۔کتاب کے اسباق۔اللہ کے دن۔

یہ جمعہ کا دن ہے،جمعہ کا دن بابرکت ہے۔یہ قرطبہ کی جامع مسجد ہے،قرطبہ کی جامع مسجد خوبصورت ہے۔یہ ایرپوٹ کی سڑک ہے،ایرپوٹ کی سڑک کشادہ ہے۔یہ رسول ﷺ کی مسجد ہے،رسول ﷺ کی مسجد شاندار ہے۔یہ مقام ابراہیم ہے،مقام ابراہیم جائے

نماز ہے۔ یہ دیوار کی گھڑی ہے، دیوار کی گھڑی خوبصورت ہے۔ یہ زمزم کا کنواں ہے، زمزم کا کنواں بابرکت ہے۔ مرغی کا گوشت بھاری ہے، اور بکری کا گوشت ہلکا ہے۔ یہ ہجرت کی رات ہے۔ وہ رسول ﷺ کی سنت ہے۔ یہ ہندوستان کا اخبار ہے۔ وہ پاکستان کا نقشہ ہے۔ جا بجا یہ ہندوستان کی بنی ہوئی چیزیں ہیں۔ ہندوستان کی بنی ہوئی چیزیں انوکھی ہیں۔ یہ درختوں کے پتے ہیں۔ ان درختوں کے پتے زیادہ ہیں۔ وہ گھروں کی تصویریں ہیں۔ گھروں کی تصویریں رنگ برنگی ہیں۔ یہ اسباق آسان ہیں، مشکل نہیں۔ وہ کاپیاں بے کار ہیں، عمدہ نہیں۔ یہ درخت پھل دار ہیں۔ یہ چیزیں مفید نہیں ہیں۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَيَوْمُ الْجُمُعَةِ مُبَارَكٌ ؟	نَعَمْ: يَوْمُ الْجُمُعَةِ مُبَارَكٌ
2	أَجَامِعُ قُرْطُبَةَ جَمِيْلٌ ؟	نَعَمْ: جَامِعُ قُرْطُبَةَ جَمِيْلٌ
3	كَيْفَ شَارِعُ الْمَطَارِ ؟	شَارِعُ الْمَطَارِ وَاسِعٌ
4	كَيْفَ مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ ؟	مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ رَائِعٌ
5	كَيْفَ سَاعَةُ الْجِدَارِ ؟	سَاعَةُ الْجِدَارِ جَمِيْلَةٌ
6	كَيْفَ بِئْرُ زَمْزَمَ ؟	بِئْرُ زَمْزَمَ مُبَارَكَةٌ
7	أَمَصْنُوْعَاتُ الْهِنْدِ بَدِيْعَةٌ ؟	نَعَمْ: مَصْنُوْعَاتُ الْهِنْدِ بَدِيْعَةٌ
8	أَهٰذِهِ الْأَشْجَارُ مُثْمِرَةٌ ؟	نَعَمْ: هٰذِهِ الْأَشْجَارُ مُثْمِرَةٌ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	ان درختوں کے پتے کم ہیں۔	أَوْرَاقُ تِلْكَ الْأَشْجَارِ قَلِيْلَةٌ
2	ان اخبارات کا کاغذ بے کار ہے۔	وَرَقُ هٰذِهِ الْجَرَائِدِ رَدِئٌ

سَاعَاتُ الْجِدَارِ قَدِيْمَةٌ	دیوار کی گھڑیاں پرانی ہیں۔	3
رُسُوْمُ هٰذَا الْكِتَابِ جَدِيْدَةٌ	اس کتاب کی تصویریں نئی ہیں۔	4
هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ ثَمِيْنَةٌ	یہ چیزیں قیمتی ہیں۔	5
أَسْبَاقُ هٰذَا الْكِتَابِ لَيْسَتْ بِسَهْلَةٍ	اس کتاب کے اسباق آسان نہیں ہیں۔	6
شَوَارِعُ الْبَلَدِ وَاسِعَةٌ	شہر کے راستے کشادہ ہیں۔	7
أَيَّامُ اللهِ مُبَارَكٌ	اللہ تعالی کے دن مبارک ہیں۔	8
أَشْجَارُ التُّفَّاحِ جَمِيْلَةٌ	سیب کے درخت خوب صورت ہیں۔	9
جَرَائِدُ بَاكِسْتَانَ مَشْهُوْرَةٌ	پاکستان کے اخبارات مشہور ہیں۔	10
اَلْمَسَاجِدُ بُيُوْتُ اللهِ	مسجدیں اللہ کا گھر ہیں۔	11
لَوْنُ هٰذِهِ الْكُرَّاسَاتِ أَحْمَرُ	ان کاپیوں کا رنگ لال ہے۔	12

ضمیر: وہ اسم ہے جس کی وضع متکلّم، یا مخاطب، یا ایسے غائب پر دلالت کرنے کے لیے ہوئی ہے جس کا ذکر حقیقۃً یا حکماً پہلے ہو چکا ہو۔ اسے **مُضمَر** بھی کہتے ہیں۔ اور ضمیر غائب جس کی طرف لوٹتی ہے اس کو **مَرجِع** کہتے ہیں۔

ضمیر کی پانچ قسمیں ہیں (۱) مرفوع متّصل (۲) مرفوع منفصل (۳) منصوب متّصل (۴) منصوب منفصل (۵) مجرور متّصل۔

ضمیر مرفوع متّصل: وہ ضمیر ہے جو محل رفع میں واقع ہو اور اپنے عامل سے ملی ہوئی ہو۔ یہ کل چودہ ہیں۔ جیسے ضَرَبْتُ • ضَرَبْنَا • ضَرَبْتَ • ضَرَبْتُمَا • ضَرَبْتُمْ • ضَرَبْتِ • ضَرَبْتُمَا • ضَرَبْتُنَّ • ضَرَبَ • ضَرَبَا • ضَرَبُوْا • ضَرَبَتْ • ضَرَبَتَا • ضَرَبْنَ •

ضمیر مرفوع منفصل: وہ ضمیر ہے جو محل رفع میں ہو اور اپنے عامل سے ملی ہوئی نہ ہو۔ یہ بھی چودہ ہیں۔ جیسے أَنَا • نَحْنُ • أَنْتَ • أَنْتُمَا • أَنْتُمْ • أَنْتِ • أَنْتُمَا • أَنْتُنَّ • هُوَ • هُمَا • هُمْ • هِيَ

•هُمَا•هُنَّ•

ضمیر منصوب متّصل: وہ ضمیر ہے جو محل نصب میں واقع ہو اور اپنے عامل سے ملی ہوئی ہو۔ یہ کل چودہ ہیں۔ضَرَبَنِي•ضَرَبَنَا•ضَرَبَکَ•ضَرَبَکُمَا•ضَرَبَکُمْ•ضَرَبَکِ•ضَرَبَکُمَا • ضَرَبَکُنَّ•ضَرَبَهٗ•ضَرَبَهُمَا•ضَرَبَهُم •ضَرَبَهَا•ضَرَبَهُمَا•ضَرَبَهُنَّ •

ضمیر منصوب منفصل: وہ ضمیر ہے جو محل نصب میں واقع ہو اور اپنے عامل سے ملی ہوئی نہ ہو ۔یہ بھی چودہ ہیں۔جیسے:إِيَّایَ• إِيَّانَا• إِيَّاکَ• إِيَّاکُمَا• إِيَّاکُمْ• إِيَّاکِ• إِيَّاکُمَا• إِيَّاکُنَّ• إِيَّاهٗ•إِيَّاهُمَا• إِيَّاهُمْ•إِيَّاهَا•إِيَّاهُمَا•إِيَّاهُنَّ• ۔

ضمیر مجرور متّصل: وہ ضمیر ہے جو محل جر میں واقع ہو اور اپنے عامل سے ملی ہوئی ہو۔یہ بھی چودہ ہیں۔جیسے لِيْ•لَنَا•لَکَ•لَکُمَا•لَکُمْ•لَکِ•لَکُمَا•لَکُنَّ•لَهٗ•لَهُمَا لَهُمْ•لَهَا•لَهُمَا•لَهُنَّ۔

ضمیر مرفوع متّصل کی دو قسمیں ہیں:(۱)بارز(۲)مستتر۔

ضمیر بارز: وہ ضمیر ہے جو ظاہر ہو اور بولنے میں آئے۔جیسے ضَرَبْتُ میں "تُ"

ضمیر مستتر: وہ ضمیر ہے جو عامل میں پوشیدہ ہو اور بولنے میں نہ آئے ۔جیسے ضَرَبَ میں "هُوَ"۔

درس(۲)ضمائر مرفوعہ(واحد غائب)

أَهٰذَا تُفَّاحٌ ؟ لَا،بَلْ هُوَ بَصَلٌ • لِمَنْ هٰذَا الْمِنْظَارُ ؟ هُوَ لِصَدِيقِ صِدِّيْقٍ • كَيْفَ هٰذِهِ النَّظَّارَةُ ؟ هِيَ جَمِيْلَةٌ جِدًّا • أَهٰذِهِ السَّجَّادَةُ جَدِيْدَةٌ ؟ نَعَمْ: هِيَ جَدِيْدَةٌ • مَاهِيَ ؟ أَهِيَ وِسَادَةٌ ؟نَعَمْ هِيَ وِسَادَةٌ •

ترجمہ: کیا یہ سیب ہے ؟نہیں ،بلکہ وہ پیاز ہے ۔یہ دور بین کس کی ہے ؟ وہ صِدّیق کے دوست کی ہے ۔یہ چشمہ کیسا ہے ؟ یہ بہت خوب صورت ہے ۔کیا یہ جانماز نیا ہے ؟ ہاں، یہ نیا ہے ۔یہ کیا ہے ؟کیا یہ تکیہ ہے ۔ہاں، یہ تکیہ ہے ۔

حروف جر: وہ حروف ہیں جو فعل ،یا شبہ فعل کا معنی اسم تک پہنچاتے ہیں اور اس اسم کو جر دیتے ہیں ۔یہ سترہ حروف ہیں اور وہ یہ ہیں ۔بَاو تَا کَاف ولام و واو و مُنْذُ و مُذْ خَلَا رُب، حَاشَا ،مِنْ، عَدَا ،فِيْ، عَنْ، عَلٰی ، حَتّٰی ، إِلٰی ۔

(١)زَاهِدٌ قَادِمٌ مِنْ لَكْنَاءُو وَهُوَ رَاكِبٌ عَلَى الْفَرَسِ (٢)اَلْفَلَّاحُوْنَ ذَاهِبُوْنَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ لِبَيْعِ الْخَضْرَاوَاتِ ،وَالنَّاسُ ذَاهِبُوْنَ إِلَى السُّوْقِ لِشِرَاءِ الْمَاكُوْلَاتِ وَالْمَشْرُوْبَاتِ ـ(٣)اَلْأَسَاتِذَةُ مَشْغُوْلُوْنَ فِيْ الْفُصُوْلِ بِمُطَالَعَةِ الْكُتُبِ ـوَالتَّلَامِيْذُ مَشْغُوْلُوْنَ بِاللَّعِبِ فِي الْمَلْعَبِ ـ(٤)هٰذَا الْعَبْدُ سَابِقٌ فِي الْخَيْرِ وَكَالْأَسَدِ فِي الشَّجَاعَةِ ـ(٥)عَلِيٌّ مُتَبَرِّعٌ فِي الْأَدَبِ وَالْإِنْشَاءِ وَنَقِيٌّ نَابِغٌ فِي النَّحْوِ وَالصَّرْفِ ـ(٦)اَلْعُلَمَاءُ فِي الْأَرْضِ كَالنُّجُوْمِ فِي السَّمَاءِ وَالزُّعَمَاءُ كَالثَّعْلَبِ فِي الْمَكْرِ وَالْخَدِيْعَةِ ـ(٧)عَقِيْلٌ قَادِمٌ مِّنَ الْيَمَنِ اَوِالْعِرَاقِ وَنَبِيْلٌ مُسَافِرٌ إِلىٰ دِهْلِيْ ـ(٨)شَاهِدٌ مَعْرُوْفٌ بِالْعِلْمِ وَالْعَمَلِ ـ (٩)اَلْمُشْرِكُ نَجِسٌ وَهُوَ غَافِلٌ عَنِ الإِسْلَامِ ـ(١٠)اَنْوَاعُ الأَسْمَاكِ فِي الْخَلْجِ كَثِيْرَةٌ وَالْغَابَاتُ فِي السُّوْدَانِ كَثِيْرَةٌ ـ(١١)حَفْصَةُ ذَاهِبَةٌ بِالْعَرَبَةِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَهِيَ طَالِبَةٌ ـ (١٢)هٰذَا مِنْظَارٌ وَ هُوَ لِعَلِيٍّ ـذٰلِكَ مِجْهَرٌ وَهُوَ لِعَبْدِ الْكَرِيْمِ ـ

حروف جارہ کا استعمال

(۱) زاہد لکھنؤ سے آرہاہے اور وہ گھوڑے پر سوار ہے۔**(۲)** کسان سبزیاں بیچنے کے لیے شہر جارہے ہیں اور لوگ کھانے اور پینے کی چیزیں خریدنے کے لیے بازار جارہے ہیں۔**(۳)** اساتذہ درسگاہوں میں کتابوں کے مطالعہ میں مشغول ہیں اور طلبہ میدان میں کھیل میں مشغول ہیں ۔**(۴)** یہ بندہ(غلام) بھلائی میں آگے بڑھنے والا اور بہادری میں شیر کی طرح ہے۔**(۵)** علی ادب وانشا میں ماہر ہے اور نقی نحو وصرف میں فائق ہے۔**(۶)** زمین پر رہنے والے علما آسمان کے ستاروں کی مانند ہیں اور لیڈر مکروفریب میں لومڑی کی طرح ہیں۔**(۷)** عقیل یمن یا عراق سے آرہاہے اور نبیل دہلی جا رہاہے ۔(۸) شاہد علم وعمل میں مشہور ہے۔**(۹)** مشرک ناپاک ہے اور وہ اسلام سے غافل ہے۔ **(۱۰)** کھاڑی میں قسم قسم کی مچھلیوں کی کثرت ہے اور سوڈان میں بہت زیادہ جنگل ہیں ۔**(۱۱)** حفصہ گاڑی سے مدرسہ جاتی ہے اور وہ ایک طالبہ ہے۔**(۱۲)** یہ دوربین ہے اور وہ علی کی ہے ۔وہ خوردبین ہے اور وہ عبدالکریم کی ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب

1	مَنْ قَادِمٌ؟ مِنْ أَيِّ مَكَانٍ؟	عَقِيْلٌ قَادِمٌ مِنَ الْيَمَنِ أَوِ الْعِرَاقِ
2	مَنْ رَّاكِبٌ عَلَى الْفَرَسِ؟	زَاهِدٌ رَاكِبٌ عَلَى الْفَرَسِ
3	مَنْ ذَاهِبُوْنَ؟ إِلٰى أَيْنَ ذَاهِبُوْنَ؟ لِمَاذَا ذَاهِبُوْنَ؟	اَلْفَلَّاحُوْنَ ذَاهِبُوْنَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ لِبَيْعِ الْخَضْرَاوَاتِ
4	مَا مَكَانَةُ عَلِيٍّ فِي الأَدَبِ وَالإِنْشَاءِ؟	عَلِيٌّ مُتَبَرِّعٌ فِى الْأَدَبِ وَالْإِنْشَاءِ
5	مَنْ ذَاهِبَةٌ؟ بِأَيِّ مَرْكَبَةٍ؟	حَفْصَةُ ذَاهِبَةٌ بِالْعَرَبَةِ
6	مَا هٰذَا وَلِمَنْ؟	هٰذَا مِنْظَارٌ وَهُوَ لِعَلِيٍّ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	مزدور سائیکل سے کارخانے جارہا ہے۔	اَلْعَامِلُ ذَاهِبٌ بِالدَّرَّاجَةِ إِلَى الْمَصْنَعِ
2	گائیں بھوکی ہیں اور وہ کھڑی ہیں۔	اَلْبَقَرَاتُ جَائِعَةٌ وَهِيَ قَائِمَةٌ
3	بھینسیں پیاسی ہیں اور وہ بیٹھی ہیں۔	اَلْجَوَامِيْسُ عَاطِشَةٌ وَهِيَ جَالِسَة
4	لڑکیاں پڑھنے میں مشغول ہیں۔	اَلْبَنَاتُ مَشْغُوْلَاتٌ بِالْقِرَاءَةِ
5	استانیاں گاڑی سے مدرسہ جارہی ہیں۔	اَلْمُعَلِّمَاتُ ذَاهِبَاتٌ بِالْعَرَبَةِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ
6	مشرکین اسلام سے غافل ہیں۔	اَلْمُشْرِكُوْنَ غَافِلُوْنَ عَنِ الْإِسْلَامِ
7	اونٹ پر کون سوار ہے؟	مَنْ رَاكِبٌ عَلَى الْجَمَلِ؟
8	کون بہادری میں شیر کی طرح ہے؟	مَنْ كَالْأَسَدِ فِى الشَّجَاعَةِ؟
9	کیا عاقل بستی (نام شہر) کی جانب روانہ ہورہا ہے؟	أَعَاقِلٌ مُسَافِرٌ إِلٰى بَسْتِيْ؟

10	گورکھپور سے کون آرہا ہے؟	مَنْ قَادِمٌ مِنْ گورکھپور؟
11	یہ سبزیاں ہیں اور وہ ہری ہیں۔	هٰذِهٖ خَضْرَاوَاتٌ وَ هِيَ خَضْرَاءُ
12	یہ کھانے پینے کی چیزیں ہیں اور وہ کثیر ہیں۔	هٰذِهٖ مَاكُوْلَاتُ وَمَشْرُوْبَاتُ وَهِيَ كَثِيْرَةٌ

اضافت منیہ: وہ اضافت ہے جو "مِنْ" کی تقدیر پر ہو۔ یہ اضافت اس وقت ہوتی ہے جب کہ مضاف مضاف الیہ کی جنس سے ہو۔ جیسے هٰذَا بَابُ خَشَبٍ •ذَاكَ خَاتَمُ فِضَّةٍ •هٰذِهٖ أَثْوَابُ حَرِيْرٍ۔

اضافت ظرفیہ: وہ اضافت ہے جو "فِيْ" کی تقدیر پر ہو۔ یہ اضافت اس وقت ہوتی ہے جب کہ مضاف الیہ مضاف کا ظرف ہو۔ جیسے سَهْرُ اللَّيْلِ مُضْنٍ (رات میں جاگنا کمزور کر دیتا ہے)•قُعُوْدُ الدَّارِ مُخْمِلٌ (گھر میں بیٹھنا گمنام کر دیتا ہے)۔

اضافت لامیہ: وہ اضافت ہے جو "لام" کی تقدیر پر ہو۔ یہ اضافت ملک، یا اختصاص کا فائدہ دیتی ہے۔ جیسے هٰذَا فَرَسُ خَالِدٍ •هٰذَا لِجَامُ الْفَرَسِ۔

درس (۷)

اضافت منیہ، ظرفیہ، لامیہ

جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ • شُعْبَةٌ مِنَ الإِيْمَانِ•قِطْعَةٌ مِّنَ الْخُبْزِ• جِدَارٌ مِّنَ الْحَجَرِ• خَاتَمٌ مِّنَ الْفِضَّةِ • كَرَمٌ مِّنَ الْعِنَبِ • لَوْحٌ مِّنَ الْخَشَبِ• ظِلٌّ مِّنَ الشَّجَرِ•اَخٌ مِّنَ الرَّضَاعَةِ• قُرْصٌ مِّنَ الدَّوَاءِ• رَفِيْقٌ فِي الدَّرْسِ• آنِيَةٌ مِّنَ الدَّوَاءِ•زَمِيْلٌ لِشَاهِدٍ •خَرِيْطَةٌ لِّلْمَدِيْنَةِ •

سِوَارٌ مِّنَ الذَّهَبِ• اَلسِّوَارُ مِنَ الذَّهَبِ •حَدِيْقَةٌ لِأَحْمَدَ • اَلْخَاتَمُ لِعَائِشَةَ •خَلْخَالٌ مِّنَ الْفِضَّةِ • اَلْخَلْخَالُ مِنَ الْفِضَّةِ• خَاتَمٌ مِّنَ الْفِضَّةِ رَخِيْصٌ • سِوَارٌ مِّنَ الذَّهَبِ غَالٍ • كَرَمٌ مِّنَ الْعِنَبِ طَوِيْلٌ • لَوْحٌ مِّنَ الْخَشَبِ أَسْوَدُ •

هٰذَا الرَّجُلُ مُعَلِّمٌ فِي الْكُتَّابِ • تِلْكَ مَدْرَسَةٌ لِأَهْلِ السُّنَّةِ • اَلدَّرَّاجَةُ مَرْكَبَةٌ مِّنَ الْحَدِيْدِ • اَلسِّوَارُ حِلْيَةٌ مِّنَ الذَّهَبِ • حِلْيَةٌ مِّنَ الذَّهَبِ جَمِيْلَةٌ • فَاطِمَةُ طَالِبَةٌ فِي الْجَامِعَةِ •

ترجمہ:۔ قرآن کا پارہ ۔ایمان کا حصہ۔روٹی کا ٹکڑا ۔پتھر کی دیوار۔چاندی کی انگوٹھی۔انگور کی بیل۔لکڑی کی تختی۔درخت کا سایہ۔دودھ شریک بھائی۔دوا کی گولی (ٹیبلیٹ) ۔ہم سبق،کلاس فیلو(ہم سبق)۔دوا کا برتن۔شاہد کا ساتھی۔شہر کا نقشہ۔

سونے کا کنگن۔کنگن سونے کا ہے ۔احمد کا باغ ۔انگوٹھی عائشہ کی ہے ۔چاندی کا پازیب۔پازیب چاندی کا ہے ۔چاندی کی انگوٹھی سستی ہے ۔سونے کا کنگن مہنگا ہے ۔انگور کی بیل لمبی ہے۔لکڑی کی تختی کالی ہے۔

یہ آدمی مکتب کا استاد ہے۔وہ اہل سنت کا مدرسہ ہے۔سائیکل لوہے کی سواری ہے ۔کنگن سونے کا زیور ہے۔سونے کا کنگن خوب صورت ہے۔فاطمہ یونیورسٹی کی طالبہ ہے۔

عربی بناؤ

عربی	اردو	شمار
حِلْيَةٌ مِنَ الْفِضَّةِ	چاندی کا زیور۔	1
حِلْيَةٌ مِنَ الْفِضَّةِ رَخِيْصَةٌ	چاندی کا زیور سستا ہے۔	2
اَلْخَلْخَالُ حِلْيَةٌ مِنَ الْفِضَّةِ	پازیب چاندی کا زیور ہے۔	3
بَابٌ مِنَ الْمَسْجِدِ	مسجد کا دروازہ۔	4
بَابٌ مِنَ الْمَسْجِدِ رَائِعٌ	مسجد کا دروازہ خوشنما ہے۔	5
هٰذَا جِدَارٌ مِنَ الْحَجَرِ	یہ پتھر کی دیوار ہے۔	6
ذٰلِكَ قُرْصٌ مِنَ الدَّوَاءِ	وہ ٹیبلیٹ ہے۔	7
خَرِيْطَةٌ لِلْهِنْدِ	بھارت کا نقشہ۔	8
خَرِيْطَةٌ لِلْهِنْدِ جَدِيْدَةٌ	بھارت کا نقشہ نیا ہے۔	9
هٰذِهِ مُعَلِّمَةٌ فِي الْكُتَّابِ	یہ مدرسے کی استانی ہے۔	10

11	مدرسے کی استانی فاضلہ ہے۔	مُعَلِّمَةٌ فِی الْمَدْرَسَةِ فَاضِلَةٌ
12	شاہد کا ساتھی حاضر ہے۔	زَمِيْلٌ لِشَاهِدٍ حَاضِرٌ
13	عائشہ کا دودھ شریک بھائی غائب ہے۔	اَخٌ مِنَ الرَّضَاعَةِ لِعَائِشَةَ غَائِبٌ
14	انگوٹھی چاندی کی ہے۔	اَلْخَاتَمُ مِنَ الْفِضَّةِ
15	سائیکل لوہے کی ہے۔	اَلدَّرَّاجَةُ مِنَ الْحَدِيْدِ
16	تختی اس لڑکے کی ہے۔	اَللَّوْحُ لِذٰلِكَ الْوَلَدِ

مرکب توصیفی: اس مرکب ناقص کو کہتے ہیں جو موصوف اور صفت سے مل کر بنے ۔ جیسے بُنْيَانٌ مَرْصُوْصٌ • اَلْاٰيَةُ الْكُبْرٰى ۔ اس کے پہلے جز کو **موصوف** اور دوسرے جز کو **صفت** کہا جاتا ہے۔ اور صفت کا اعراب موصوف کے مطابق ہوتا ہے۔

درس (۸)
موصوف/صفت (مرکب توصیفی بحالت معرفہ)

اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ • اَلْبَيْتُ الْمُقَدَّسُ • اَلسَّخَّانُ الْكَهْرَبَائِيُّ • اَلدَّرَّاجَةُ النَّارِيَّةُ • اَلْمِصْبَاحُ الْكَهْرَبَائِيُّ • اَلبَطَّارِيَّةُ السَّائِلَةُ • اَلْبَطَّارِيَّةُ الْجَافَّةُ •

اَلْمَدْرَسَةُ الإِبْتِدَائِيَّةُ • اَلْمَدْرَسَةُ الثَّانِوِيَّةُ • اَلْمُوَلِّدُ الْكَهْرَبَائِيُّ • اَلْمِكْوَاةُ الْكَهْرَبِيَّةُ • اَلسَّيَّارَةُ يَابَانِيَّةٌ • اَلسَّيَّارَةُ الْيَابَانِيَّةُ غَالِيَةٌ • اَلدَّرَّاجَةُ صَغِيْرَةٌ • اَلدَّرَّاجَةُ الصَّغِيْرَةُ رَخِيْصَةٌ • اَلتَّمْرُ الْمَدَنِيُّ لَذِيْذٌ • اَللَّحْمُ الْمَشْوِيُّ شَهِيٌّ • اَلسَّخَّانُ الْكَهْرَبَائِيُّ جَدِيْدٌ • اَلْمُوَلِّدُ الْكَهْرَبَائِيُّ قَدِيْمٌ •

ترجمہ:

کعبہ شریف ۔ بیت المقدس ۔ ہیٹر ۔ موٹر سائیکل ۔ بلب ۔ بیٹری ۔ سیل ۔ پرائمری اسکول ۔ ہائی اسکول ۔ جنریٹر ۔ استری ۔ موٹر کار جاپانی ہے ۔ جاپانی موٹر کار مہنگی ہے ۔ سائیکل

چھوٹی ہے۔ چھوٹی سائیکل سستی ہے۔ شہری کھجور ذائقہ دار ہے۔ بھنا ہوا گوشت لذیذ ہے۔ ہیٹر نیا ہے۔ جنریٹر پرانا ہے

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	گدلا پانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔	اَلْمَاءُ الْكَدِرُ مُضِرٌّ لِلصِّحَّةِ
2	افغانی مرد، بیمار ہے۔	اَلرَّجُلُ الْأَفْغَانِيُّ مَرِيْضٌ
3	کیا یہ پنکھا ہے؟	أَهٰذِهِ مِرْوَحَةٌ ؟
4	کیا یہ بجلی والا پنکھا ہے؟	أَهٰذِهِ مِرْوَحَةٌ كَهْرَبِيَّةٌ ؟
5	کیا جاپانی موٹر کار مہنگی ہے؟	أَاَلسَّيَّارَةُ الْيَابَانِيَّةُ غَالِيَةٌ ؟
6	کیا بیٹری بڑی ہے؟	أَاَلْبَطَّارِيَّةُ السَّائِلَةُ كَبِيْرَةٌ ؟
7	کیا سیل پرانا ہے؟	أَاَلْبَطَّارِيَّةُ الْجَافَّةُ قَدِيْمَةٌ ؟
8	بلب کیسا ہے؟	كَيْفَ الْمِصْبَاحُ الْكَهْرَبَائِيُّ ؟
9	خوب صورت ہے۔	هُوَ جَمِيْلٌ
10	جنریٹر کیسا ہے؟	كَيْفَ الْمُوَلِّدُ الْكَهْرَبَائِيُّ ؟
11	کیا یہ اسپتال ہے؟	أَهٰذِهِ مُسْتَشْفىً ؟
12	روٹی کیسی ہے؟	كَيْفَ الْخُبْزُ ؟
13	تازہ ہے۔	هُوَ طَرِيٌّ
14	یہ آدمی کیسا ہے؟	كَيْفَ هٰذَا الرَّجُلُ ؟
15	یہ آدمی خوش حال ہے۔	هٰذَا الرَّجُلُ مُتْرِفٌ
16	خالدہ، تنگ دست ہے۔	خَالِدَةُ مُعْسِرَةٌ
17	مسجد، اللہ کا گھر ہے۔	اَلْمَسْجِدُ بَيْتُ اللهِ
18	"المدینہ" عربی اخبار ہے۔	اَلْمَدِيْنَةُ جَرِيْدَةٌ عَرَبِيَّةٌ

19	لوہے کی تختی،خوب صورت ہے۔	لَوْحٌ مِنَ الْحَدِيْدِ جَمِيْلٌ
20	یہ سائیکل ہے۔وہ موٹر سائیکل ہے۔	هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ، تِلْكَ اَلدَّرَّاجَةُ النَّارِيَةُ

درس(۹)
موصوف/صفت(مرکب توصیفی بحالت نکرہ)

خَلِيْفَةٌ عَادِلٌ •قَائِدٌ شُجَاعٌ •بَلَدٌ اِسْلَامِيٌّ •مَكَانٌ نَظِيْفٌ •حَيٌّ مَعْرُوْفٌ • لَاعِبٌ مُمْتَازٌ •مَلْعَبٌ كَبِيْرٌ• مَسْبَحٌ صَغِيْرٌ• عَامِلٌ نَشِيْطٌ •لَحْمٌ طَرِيٌّ• شَاهِدٌ كَاذِبٌ • رَجُلٌ اَمِيْنٌ •بَيْتٌ جَمِيْلٌ •بُيُوْتٌ جَمِيْلَةٌ •

(سَيِّدُنَا)اَلصِّدِّيقُ الاَكْبَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِمَامٌ صَادِقٌ •(سَيِّدُنَا)عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَلِيْفَةٌ عَادِلٌ •(سَيِّدُنَا)عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلٌ كَرِيْمٌ•(سَيِّدُنَا)عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ رَجُلٌ شُجَاعٌ •مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ مَدِيْنَةٌ كَبِيْرَةٌ مُبَارَكَةٌ •اَلسَّمَكُ غِذَاءٌ مُفِيْدٌ لِّلْإِنْسَانِ• اَلدَّرَّاجَةُ النَّارِيَّةُ مَرْكَبَةٌ مُفِيْدَةٌ •اَلْمَعْبَدُ الْهِنْدُوْكِيُّ مَكَانُ الشِّرْكِ•

ترجمہ:۔ ایک انصاف ور خلیفہ۔ایک بہادر لیڈر۔کوئی اسلامی شہر۔ایک صاف وستھری جگہ ۔ کوئی مشہور محلہ ۔شاندار کھلاڑی ۔بڑا(کھیل کا)میدان۔ایک چھوٹا حوض ۔پھرتیلا مزدور ۔کچھ تازہ گوشت ۔ جھوٹا گواہ۔امانت دار آدمی۔ایک خوب صورت گھر۔کچھ خوب صورت گھر۔

ہمارے سردار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ایک سچے امام ہیں ۔ہمارے سردار حضرت عمر رضی اللہ عنہ انصاف ور خلیفہ ہیں ۔ہمارے سردار حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ایک سخی آدمی ہیں ۔ہمارے سردار حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک بہادر آدمی ہیں۔مکہ مکرمہ ایک بڑا بابرکت شہر ہے۔مچھلی انسان کے لیے مفید غذا ہے۔موٹر سائیکل ایک فائدہ مند سواری ہے ۔ہندوؤں کا عبادت خانہ شرک کی جگہ ہے.

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	ایک خوب صورت گھر	بَيْتٌ جَمِيْلٌ
2	خوب صورت گھر	اَلْبَيْتُ الْجَمِيْلُ
3	کچھ نیے گھر	بُيُوْتٌ جَدِيْدَةٌ
4	چند مفید اسباق	دُرُوْسٌ مُفِيْدَةٌ
5	انگریزی کالج	كُلِّيَةٌ إِنْكِلِيْزِيَّةٌ
6	کچھ نئی بلڈنگیں۔	أَبْنِيَةٌ جَدِيْدَةٌ
7	کچھ بھنا گوشت۔	لَحْمٌ مَشْوِىٌّ
8	ایک نئی گھڑی	سَاعَةٌ جَدِيْدَةٌ
9	نیک مرد	رَجُلٌ صَالِحٌ
10	کوئی نیک لڑکی	بِنْتٌ صَالِحَةٌ
11	کچھ برکت والے دن	أَيَّامٌ مُبَارَكَةٌ
12	بڑے صوفے	أَرَائِكُ كَبِيْرَةٌ
13	میٹھے انگور	أَعْنَابٌ حُلْوَةٌ
14	کچھ خوب صورت پھول	أَزْهَارٌ جَمِيْلَةٌ
15	ستھرے گھر	بُيُوْتٌ نَظِيْفَةٌ
16	خوب صورت تصویریں	رُسُوْمٌ جَمِيْلَةٌ
17	کچھ عمدہ کاپیاں	كُرَّاسَاتٌ جَيِّدَةٌ
18	پرانی چیزیں	أَشْيَاءُ قَدِيْمَةٌ
19	انوکھی مصنوعات	مَصْنُوْعَاتٌ بَدِيْعَةٌ

20	کچھ لمبے درخت	أَشْجَارٌ طَو يْلَةٌ
21	ہندی اخبارات	جَرَائِدُ هِنْدِيَّةٌ
22	چند کاغذات	أَوْرَاقٌ قَلِيْلَةٌ
23	کشادہ راستے	طُرُقٌ وَاسِعَةٌ
24	کچھ قیمتی گھڑیاں	سَاعَاتٌ ثَمِيْنَةٌ
25	بیٹری بے دم ہے۔	اَلْبَطَّارِ يَّةُ السَّائِلَةُ مَسْلُوْ بَةُ الْقُوَّةِ
26	بلب چھوٹا ہے، اور ہیٹر نیا ہے۔	اَلْمِصْبَاحُ الْكَهْرَ بَائِيُّ صَغِيْرٌ ،وَالسَّخَّانُ الْكَهْرَ بَائِيُّ جَدِيْدٌ
27	موٹر سائیکل ایک جدید سواری ہے۔	اَلدَّرَّاجَةُ النَّارِ يَةُ مَرْ كَبَةٌ جَدِيْدَةٌ
28	جنریٹر بہت کار آمد چیز ہے۔	اَلْمُوَلِّدُ الْكَهْرَ بَائِيُّ شَيْءٌ مُفِيْدٌ جِدًّا

درس(۱۰)

پہچانو

مضاف مضاف الیہ	موصوف صفت	مبتدا خبر
بِنَاءُ الْمَدْرَسَةِ	بِنَاءٌ عَظِيْمٌ	اَلْبِنَاءُ عَظِيْمٌ
سَائِقُ الْحَافِلَةِ	اَلْجَبَلُ الشَّامِخُ	اَلْجَبَلُ شَامِخٌ
عَامِلُ الْقَرْيَةِ	عَامِلٌ نَشِيْطٌ	عَامِلٌ نَشِيْطٌ
سَاعَةُ الْيَدِ	اَلسَّاعَةُ الثَّمِيْنَةُ	اَلسَّاعَةُ ثَمِيْنَةٌ
اِبْنُ الأُخْتِ	ثَوْبٌ نَاعِمٌ	اَلثَّوْبُ نَاعِمٌ
بِنْتُ الْخَالِ	اَلْحِصَّةُ الثَّانِيَةُ	اَلْعَامِلُ نَشِيْطٌ
فَصْلُ الصَّيْفِ	صَفٌّ ثَالِثٌ	اَلْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ
لَوْنُ الشَّاحِنَةِ	تَاجِرٌ اَمِيْنٌ	اَلتَّاجِرُ اَمِيْنٌ
حِصَّةُ الدَّرْسِ	اَلْحِصَّةُ الرَّابِعَةُ	اَلْحِصَّةُ طَوِيْلَةٌ
بَابُ الْمَسْجِدِ	بَابٌ رَائِعٌ	اَلْبَابُ رَائِعٌ

اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ عَظِيْمٌ •مَقَامُ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى•هٰذَا ثَوْبٌ نَاعِمٌ •هٰذَا الثَّوْبُ نَاعِمٌ •هٰذَا نَبَاتٌ نَاعِمٌ •تِلْكَ الْفَاكِهَةُ فِجَّةٌ •اَلرَّجُلُ الْقَرَوِيُّ اَكَّالٌ •اَلْمِكْوَاةُ آلَةٌ مُّفِيْدَةٌ•فَصْلُ الْخَرِيْفِ آتٍ •اَلْمِصْبَاحُ الْكَهْرَبَائِيُّ اَزْرَقُ •فِرْقَةُ الْبَلَدِ سَابِقَةٌ• مُبَارَاةُ الْيَوْمِ اَخِيْرَةٌ•

ترجمہ:

مضاف مضاف الیہ ______ **موصوف صفت** ______ **مبتدا خبر** ______

مدرسہ کی بلڈنگ	کوئی بڑی بلڈنگ	بلڈنگ بڑی ہے
بس کاڈرائیور	اونچا پہاڑ	پہاڑ اونچا ہے
گاؤں کا مزدور	کوئی پھرتیلا مزدور	کوئی مزدور پھرتیلا ہے
ہاتھ کی گھڑی	قیمتی گھڑی	گھڑی قیمتی ہے
بہن کا لڑکا	کوئی نرم کپڑا	کپڑا نرم ہے
ماموں کی لڑکی	دوسری گھنٹی	مزدور پھرتیلا ہے
گرمی کا موسم	کوئی تیسری جماعت	میوہ پکا ہے
ٹرک کا رنگ	ایک امانت دار تاجر	تاجر امانت دار ہے
سبق کی گھنٹی	چوتھی گھنٹی	گھنٹی لمبی ہے
مسجد کا دروازہ	ایک خوشنما دروازہ	دروازہ خوشنما ہے

قرآن ایک عظیم کتاب ہے۔مقام ابراہیم جائے نماز ہے۔ یہ ایک نرم کپڑا ہے۔یہ کپڑا ملائم ہے۔ یہ نرم گھاس ہے۔وہ میوہ کچا ہے۔دیہاتی آدمی بہت کھانے والا ہے۔استری ایک فائدہ مند آلہ ہے۔موسم خزاں آنے والا ہے۔بلب نیلا ہے۔شہر کی ٹیم آگے بڑھنے والی ہے۔ آج کا میچ آخری ہے۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	پانی صاف ہے۔	اَلْمَاءُ نَظِيْفٌ
2	صاف پانی	مَاءٌ نَظِيْفٌ
3	گدلا پانی	مَاءٌ كَدِرٌ
4	پانی گدلا ہے۔	اَلْمَاءُ كَدِرٌ
5	جگہ صاف ستھری ہے۔	اَلْمَكَانُ نَظِيْفٌ
6	عقلمند مزدور	اَلْعَامِلُ الْعَاقِلُ

7	مزدور عقلمند ہے۔	اَلْعَامِلُ عَاقِلٌ
8	کوئی عقل مند مزدور	عَامِلٌ عَاقِلٌ
9	سوداگر عقلمند ہے۔	اَلتَّاجِرُ عَاقِلٌ
10	ایک بہادر مرد	رَجُلٌ شُجَاعٌ
11	یہ تختی ہے	هٰذَا لَوْحٌ
12	یہ تختی	هٰذَا اللَّوْحُ
13	یہ میٹھا پانی ہے۔	هٰذَا مَاءٌ عَذْبٌ
14	یہ پانی میٹھا ہے۔	هٰذَا الْمَاءُ عَذْبٌ
15	ملائم کپڑا قیمتی ہے۔	اَلثَّوْبُ النَّاعِمُ ثَمِيْنٌ
16	کعبہ شریف کا غلاف کالا ہے۔	سِتَارُ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ أَسْوَدُ
17	گائے دودھ والا جانور ہے۔	اَلْبَقَرُ حَيَوَانٌ لَبُوْنٌ
18	یہ گھر خوب صورت ہیں۔	هٰذِهِ الْبُيُوتُ جَمِيْلَةٌ
19	وہ تصویریں پرانی ہیں۔	تِلْكَ الرُّسُوْمُ قَدِيْمَةٌ
20	وہ چھوٹی مچھلیاں ہیں۔	تِلْكَ اَسْمَاكٌ صَغِيْرَةٌ
21	مدینہ منورہ کی کھجور بہت میٹھی ہے۔	تَمَرُ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ حُلْوٌ جِدًّا
22	جنریٹر بہت کام کا سامان ہے۔	اَلْمُوَلَّدُ الْكَهْرَبَائِيُّ مَتَاعٌ مُفِيْدٌ جِدًّا
23	لوہے کی تختی بڑی ہے۔	لَوْحٌ مِنَ الْحَدِيْدِ كَبِيْرٌ
24	دیوار کا سایہ دراز ہے۔	ظِلُّ الْجِدَارِ وَسِيْعٌ
25	پتھر کی دیوار مضبوط ہے۔	جِدَارُ الْحَجَرِ مَتِيْنٌ
26	حیا ایمان کی شاخ ہے۔	اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ
27	شہر کا نقشہ پرانا ہے۔	خَرِيْطَةُ الْبَلَدِ قَدِيْمَةٌ
28	یہ سونے کا کنگن ہے۔	هٰذَا سِوَارُ الذَّهَبِ

اَلْكَعْبَةُ الشَّرِيْفَةُ بَيْتُ اللهِ	کعبہ شریف اللہ کا گھر ہے۔	29
أَرْضُ فَلَسْطِيْنَ مُبَارَكٌ	فلسطین کی سرزمین بابرکت ہے۔	30
أَثْمَارُ هٰذَاالشَّجَرِ لَيْسَتْ بِحُلْوَةٍ	اس درخت کے پھل میٹھے نہیں ہیں۔	31

درس (۱۱)
ضمائر مجرورہ (واحد غائب)

حَسَّان : مَاهٰذَا وَمَافِيْهِ ؟

نُعْمَان : هٰذَا مَطْعَمٌ وَفِيْهِ كُلُّ نَوْعٍ مِّنْ اَنْوَاعِ الْمَاكُوْلَاتِ مِثْلُ اللَّحْمِ وَالبَيْضِ وَالسَّمَكِ، وَذٰلِکَ دُكَّانُ الْبَدَّالِ وَفِيْهِ دَقِيْقٌ وَّ رُزٌّ وَمِلْحٌ وَّ سُكَّرٌ وَّ صَابُوْنٌ وَغَيْرُ ذٰلِکَ •هٰذَا فِنْجَانٌ جَمِيْلٌ وَفِيْهِ شَايٌ لَذِيْذٌ وَهُوَ حَارٌّ وَتِلْکَ زُجَاجَةٌ وَفِيْهَا مَاءٌ بَارِدٌ •

حَسَّان : مَنْ هٰذَا وَمَنْ مَّعَهٗ ؟

نُعْمَان : هٰذَا مُعَلِّمٌ وَّ مَعَهٗ تِلْمِيْذُهٗ وَهُوَ اَعْظَمِيٌّ •

حَسَّان : مَا بِيَدِهٖ ؟أَهُوَ كِتَابُ اللهِ ؟

نُعْمَان : نَعَمْ هُوَ كِتَابُ اللهِ ،فِيْهِ تِبْيَانٌ لِّكُلِّ شَيْءٍ مِّنْ رَطْبٍ وَّ يَابِسٍ •

حَسَّان : مَنْ هٰذِهٖ ؟وَمَنْ مَعَهَا ؟

نُعْمَان : هٰذِهٖ مُعَلِّمَةٌ وَمَعَهَا تِلْمِيْذَتُهَا اِسْمُهَا خَدِيْجَةُ •

حَسَّان : مَا بِيَدِهَا؟ أَهُوَ "فيْض الادبِ"؟

نُعْمَان : لَا،بَلْ هُوَ "مفتاح العربية "وَهُوَ فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ اَسَالِيْبُهٗ جَيِّدَةٌ وَّ دُرُوْسُهٗ نَافِعَةٌ •

ترجمہ:

حسّان : یہ کیا ہے اور اس میں کیا ہے ؟

نُعمان　:　یہ ہوٹل ہے اور اس میں کھانے کی مختلف چیزیں ہیں جیسے گوشت ، انڈا اور مچھلی ہے۔اور وہ پنساری کی دکان ہے ،اس میں آٹا ، چاول ، نمک ، چینی ، صابون اور ان کے علاوہ چیزیں ہیں۔یہ خوب صورت کپ ہے اس میں ذائقہ دار چائے ہے اور وہ گرم ہے۔وہ بوتل ہے اور اس میں ٹھنڈا پانی ہے۔

حسّان　:یہ کون ہے اور اس کے ساتھ کون ہے ؟

نعمان　:　یہ استاد ہے اور اس کے ساتھ اس کا شاگرد ہے اور وہ اعظمی (یعنی اعظم گڑھ کا) ہے۔

حسّان　:اس کے ہاتھ میں کیا ہے ؟ کیا وہ اللہ کی کتاب ہے ؟

نعمان　:　ہاں،وہ اللہ کی کتاب ہے،اس میں خشک وتر ہر چیز کا روشن بیان ہے۔

حسان　:یہ کون ہے اور اس کے ساتھ کون ہے ؟

نعمان　:یہ استانی ہے اور اس کے ساتھ اس کی شاگردہ ہے،اس کا نام خدیجہ ہے۔

حسّان　:اس کے ہاتھ میں کیا ہے ؟ کیا وہ ''فیض الادب'' ہے ؟

نعمان　:نہیں،بلکہ وہ ''مفتاح العربیۃ'' ہے اور وہ عربی زبان میں ہے،اس کے اسلوب عمدہ ہیں اور اس کے اسباق نفع بخش ہیں۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ کیا ہے ؟اور اس میں کیا ہے ؟	مَاھٰذَا ؟ وَمَا فِیْہِ ؟
2	یہ گلاس ہے اور اس میں دودھ ہے۔	ھٰذَا کَأسٌ وَفِیْہِ لَبَنٌ
3	یہ لڑکا پڑھنے میں کیسا ہے ؟	کَیْفَ ھٰذَاالْوَلَدُ فِی الْقِرَاءَۃِ ؟
4	یہ لڑکا پڑھنے میں محنتی ہے اور اس کی گھر اور مدرسے میں عزت ہے۔	ھٰذَاالْوَلَدُ مُجْتَھِدٌ فِی الْقِرَاءَۃِ وَلَہٗ عِزَّۃٌ فِی الْبَیْتِ وَفِی الْمَدْرَسَۃِ
5	یہ کیا ہے ؟	مَاھٰذِہٖ؟
6	یہ مدرسے کی بس ہے اور اس سے طلبہ مدرسے جا رہے ہیں۔	ھٰذِہٖ حَافِلَۃُ الْمَدْرَسَۃِ وَبِھَا الطُّلَّابُ ذَاھِبُوْنَ إِلَی الْمَدْرَسَۃِ

7	یہ استاد ہے اور اس کے ہاتھ میں (نیزے کا) قلم ہے۔	هٰذَا أُسْتَاذٌ وَبِيَدِهِ يَرَاعٌ
8	یہ استانی ہے اس کے ساتھ میں اس کی خادمہ ہے۔	هٰذِهِ مُعَلِّمَةٌ وَمَعَهَا خَادِمَتُهَا
9	کیا چشمہ خوب صورت نہیں؟	هَلِ النَّظَّارَةُ لَيْسَتْ بِجَمِيْلَةٍ ؟
10	کیوں نہیں! وہ بہت خوب صورت ہے۔	بَلٰى، هِيَ جَمِيْلَةٌ جِدًّا
11	وہ گھر کیسے ہیں؟	كَيْفَ تِلْكَ الْبُيُوْتُ ؟
12	وہ گھر خوب صورت ماڈرن ہیں۔	تِلْكَ الْبُيُوْتُ جَمِيْلَةٌ عَصْرِيَّةٌ
13	کیا مؤمن کی نیت عمل سے بہتر ہے؟	أَنِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِهِ ؟
14	جی ہاں! اس کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے۔	نَعَمْ، نِيَّتُهٗ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِهِ
15	کتّے کہاں بھونک رہے ہیں؟	أَيْنَ تَنْبَحُ الْكِلَابُ ؟
16	وہ چھت پر بھونک رہے ہیں اور وہ بھوکے ہیں۔	تَنْبَحُ عَلَى السَّقْفِ وَهِيَ جَائِعَةٌ
17	انگور کی بیل لمبی ہے اور اس میں پھل ہیں۔	اَلْكَرْمُ طَوِيْلٌ وَفِيْهِ أَثْمَارٌ

اسم تفضیل: وہ اسم ہے جو فعل سے مشتق ہو اور ایسی ذات پر دلالت کرے جسے کسی کی نسبت معنیٔ مصدری میں زیادتی حاصل ہو۔ اس کا صیغہ مذکر کے لیے أَفْعَلُ اور مؤنث کے لیے فُعْلٰی آتا ہے۔ اس صیغے کے لیے دو شرطیں ہیں: (۱) فعل ثلاثی مجرد ہو۔ (۲) رنگ اور عیب کے معنی سے خالی ہو۔

اسم تفضیل عموماً ضمیر میں عمل کرتا ہے جو اس میں پوشیدہ اور فاعل ہوتی ہے۔اس کے عمل کے لیے تین چیزوں میں سے کسی ایک پر اعتماد شرط ہے۔یا تو مبتدا پر ہو۔جیسے زَیْدٌ أَفْضَلُ مِنْ بَکْرٍ۔یا موصوف پر ہو۔جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ الْأَفْضَلُ ۔یا ذوالحال پر ہو۔جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ أَسْرَعَ مِنْ عَمْرٍو۔

اسم تفضیل کا استعمال

اسم تفضیل کا استعمال چار طریقوں میں سے کسی ایک طریقے پر ہوتا ہے ۔وہ چار طریقے یہ ہیں:**(۱)** مِنْ کے ساتھ۔اس صورت میں اسم تفضیل ہمیشہ واحد اور مذکر ہوگا۔جیسے خَالِدٌ أَفْضَلُ مِنْ سَعِیْدٍ •فَاطِمَةُ أَعْلَمُ مِنْ خَالِدٍ ۔**(۲)** نکرہ کی طرف مضاف ہو۔اس صورت میں بھی اسم تفضیل ہمیشہ واحد اور مذکر ہی ہوگا،جیسے خَالِدٌ أَفْضَلُ رَجُلٍ •فَاطِمَةُ أَفْضَلُ اِمْرَأَةٍ۔**(۳)** معرفہ کی طرف مضاف ہو۔اس صورت میں اسم تفضیل کا ہر حال میں واحد اور مذکر لانا ۔یا موصوف کے مطابق لانا دونوں صحیح ہے ۔جیسے عَلِیٌّ أَفْضَلُ الْقَوْمِ •فَاطِمَةُ أَفْضَلُ النِّسَاءِ •فَاطِمَةُ فُضْلٰی النِّسَاءِ •**(۴)** الف لام کے ساتھ۔اس صورت میں اسم تفضیل واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث ہونے میں اپنے سے پہلے والے اسم کے مطابق ہوگا۔جیسے هُوَ الأَفْضَلُ •هِیَ الْفُضْلٰی •هُمَا الْأَفْضَلَانِ•اَلْفَاطِمَتَانِ هُمَا الْفُضْلَیَانِ.

درس (۱۲)
اسم تفضیل

اَللّٰہُ اَکبر

اَلْفِیْلُ کَبِیْرٌ •اَلْفِیْلُ اَکْبَرُ مِنَ الْجَمَلِ •اَلْحِمَارُ صَغِیْرٌ •اَلْحِمَارُ اَصْغَرُ مِنَ الْفَرَسِ •اَلْبَقَرَةُ جَمِیْلَةٌ •اَلْبَقَرَةُ اَجْمَلُ مِنَ الْجَامُوْسِ •اَلْفِضَّةُ رَخِیْصَةٌ ۔اَلْفِضَّةُ اَرْخَصُ مِنَ الذَّهَبِ •

اَلأُمُّ اَرْحَمُ مِنَ الأَبِ وَالأَبُ اَرْحَمُ مِنَ الْعَمِّ • اَلْقِثَّاءُ اَطْوَلُ مِنَ الْخَيَارِ ،وَالْخَيَارُ اَطْوَلُ مِنَ الْبَامِيَةِ •اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ وَالنَّوْمُ خَيْرٌ مِنَ الْفِتْنَةِ •اَلْكَلْبُ شَرِيْرٌ وَّالْقِرْدُ شَرٌّ مِّنْهُ •سَلْمَانُ خَالُ عَلِيٍّ وَهُوَ اَعْلَمُ الْقَوْمِ• سَلْمٰى اُخْتُ مَحْمُوْدٍ وَهِيَ اَمْثَلُ مُعَلِّمَةٍ • خَالِدٌ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَفْضَلُ قَائِدٍ -عَمَّارٌ اَكْبَرُ وَلَدٍ فِي الْعَائِلَةِ • اَلْمُتَعَلِّمَاتُ اَفْضَلُ مِنَ الْجَاهِلَاتِ ۔

اللہ بہت بڑا ہے

ترجمہ:۔ہاتھی بڑا ہے۔ہاتھی اونٹ سے بڑا ہے۔گدھا چھوٹا ہے۔گدھا گھوڑے سے چھوٹا ہے۔گائے خوب صورت ہے۔گائے بھینس سے زیادہ خوبصورت ہے۔چاندی سستی ہے۔چاندی سونے سے (زیادہ) سستی ہے۔

ماں، باپ سے زیادہ مہربان ہے اور باپ، چچا سے زیادہ مہربان ہے۔ککڑی کھیرے سے لمبی ہے اور کھیرا بھنڈی سے لمبا ہے۔نماز نیند سے بہتر ہے اور نیند فتنہ سے بہتر ہے۔کتا برا ہے اور بندر اس سے برا ہے۔سلمان علی کا ماموں ہے اور وہ قوم سے زیادہ جاننے والا ہے۔سلمٰی محمود کی بہن ہے اور وہ بہترین معلمہ ہے۔خالد رضی اللہ عنہ بہترین سپہ سالار ہیں۔عمار، فیملی میں بڑا لڑکا ہے۔طالبات ناخواندہ لڑکیوں سے بہتر ہیں۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَيُّ شَيْءٍ كَبِيْرٌ؟	اَلْفِيْلُ كَبِيْرٌ
2	أَيُّ حَيَوَانٍ أَكْبَرُ :اَلْفِيْلُ أَمِ الْجَمَلُ ؟	اَلْفِيْلُ أَكْبَرُ مِنَ الْجَمَلِ
3	هَلِ الْحِمَارُ أَصْغَرُ مِنَ الْفَرَسِ ؟	نَعَمْ،اَلْحِمَارُ أَصْغَرُ مِنَ الْفَرَسِ
4	أَيُّ شَيْءٍ أَرْخَصُ :اَلْفِضَّةُ أَمِ	اَلْفِضَّةُ أَرْخَصُ مِنَ الذَّهَبِ

	الذَّھَبُ ؟	
5	أَیُّ شَیْءٍ أَطْوَلُ : اَلْخِیَارُ أَاَلْبَامِیَۃُ ؟	اَلْخِیَارُ أَطْوَلُ مِنَ الْبَامِیَۃِ

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	رسول اللہ ﷺ کا طریقہ بہتر ہے۔	سُنَّۃُ رَسُوْلِ اللہِ ﷺ خَیْرُ سُنَّۃٍ
2	کوّا کبوتر سے لمبا ہے۔	اَلْغُرَابُ أَطْوَلُ مِنَ الْحَمَامِ
3	بھائی بہن سے بڑا ہے۔	اَلْأَخُ أَکْبَرُ مِنَ الْأُخْتِ
4	بہن بھائی سے بڑی ہے۔	اَلْأُخْتُ أَکْبَرُ مِنَ الْأَخِ
5	سیب آم سے (زیادہ) خوب صورت ہے۔	اَلتُّفَّاحُ أَجْمَلُ مِنَ الْأَنْبَجِ
6	اساتذہ، طلبہ سے زیادہ علم والے ہیں۔	اَلْأَسَاتِذَۃُ أَعْلَمُ مِنَ الطُّلَّابِ
7	عابدہ، بہترین عورت ہے۔	عَابِدَۃُ أَمْثَلُ اِمْرَأَۃٍ
8	عثمان، بہترین مرد ہے۔	عُثْمَانُ أَفْضَلُ رَجُلٍ
9	عمر قوم میں سب سے خوب صورت ہے۔	عُمَرُ أَجْمَلُ الْقَوْمِ
10	علم، کھیل سے بہتر ہے۔	اَلْعِلْمُ خَیْرٌ مِنَ اللَّعِبِ
11	کونسی چیز بہتر ہے: نماز یا نیند؟	أَیُّ شَیْءٍ خَیْرٌ : اَلصَّلٰوۃُ اَمِ النَّوْمُ ؟
12	کیا طلبہ جہلا سے بہتر ہیں؟	ھَلِ الطُّلَّابُ أَفْضَلُ مِنَ الْجُھَّالِ ؟
13	بھنڈی پیاز سے سستی ہے۔	اَلْبَامِیَۃُ أَرْخَصُ مِنَ الْبَصَلِ

14	انار سیب سے زیادہ نافع ہے۔	اَلرُّمَّانُ أَنْفَعُ مِنَ التُّفَّاحِ
15	خنزیر ناپاک جانور ہے وہ کتے سے برا ہے۔	اَلْخِنْزِيْرُ حَيَوَانٌ نَجِسٌ وَهُوَ شَرٌّ مِنَ الْكَلْبِ

اسم ظرف: وہ اسم ہے جس سے فعل کے واقع ہونے کی جگہ، یا وقت معلوم ہو۔ اس کی دو قسمیں ہیں: (۱) وہ اسم ظرف جس سے کسی خاص فعل کی جگہ، یا وقت معلوم ہو۔ جیسے مَضْرَبٌ مارنے کی وجہ، یا وقت۔ یہ قسم معرب کی ہے۔ (۲) وہ اسم ظرف جس سے کسی خاص فعل کی جگہ، یا وقت معلوم نہ ہو بلکہ مطلق فعل کی جگہ، یا وقت معلوم ہو۔ ظروف مبنیہ یہ ہیں: قَبْلُ • بَعْدُ • تَحْتُ • فَوْقُ • قُدَّامُ • خَلْفُ • أَمَامُ • حَيْثُ • إِذَا • إِذ • أَيْنَ • أَنىّٰ • مَتىٰ • كَيْفَ • أَيَّانَ • مُذْ • مُنْذُ • لَدىٰ • لَدُنْ • قَطُّ • عَوْضُ • أَمْسِ • قَبْلُ • بَعْدُ • تَحْتُ • فَوْقُ • قُدَّامُ • أَمَامُ • خَلْفُ۔ یہ سب مبنی بر ضم ہوتے ہیں جب کہ ان کا مضاف الیہ محذوف ہو اور دل میں معتبر ہو۔ جیسے لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ ۔ اور اگر ان کا مضاف الیہ لفظ میں موجود ہو، یا محذوف ہو اور نیت میں بھی معتبر نہ ہو تو معرب ہوں گے۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ • ان ظروف کو نحویوں کی اصطلاح میں غایات کہتے ہیں۔

درس (۱۴)
اسمائے ظروف

ترجمہ:

قَبْلُ (پہلے)	بَعْدُ (بعد)	فَوْقُ (اوپر)	تَحْتُ (نیچے)
اَمَامُ (سامنے)	خَلْفُ (پیچھے)	قُدَّامُ (آگے)	وَرَاءُ (پیچھے)

اَلسَّاعَةُ تَحْتَ الْوِسَادَةِ • وَالْوِسَادَةُ فَوْقَ الْأَرِيْكَةِ • اَلتِّلْمِيْذُ أَمَامَ الْأُسْتَاذِ • وَالْخَادِمُ خَلْفَ السَّيِّدِ • اَلسَّيِّدُ قُدَّامَ الْخَادِمِ • وَالْخَادِمُ وَرَاءَ الْجِدَارِ • اَلْحَافِلَةُ وَاقِفَةٌ أَمَامَ الْمَكْتَبِ وَسَائِقُهَا وَاقِفٌ وَرَائَهَا • اَلسَّيِّدُ جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ وَخَادِمُهُ قَائِمٌ أَمَامَهُ

•اَلصَّيْدَلِيَّةُ قَبْلَ مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ • وَمَوْقِفُ السَّيَّارَاتِ بَعْدَهٗ •مَوْقِفُ السَّيَّارَاتِ الْقَدِيْمُ دَاخِلَ الْمَدِيْنَةِ • مَصْنَعُ الدَّرَّاجَاتِ خَارِجَ الْمَدِيْنَةِ• اَلْمَكْتَبَةُ الإِسْلَامِيَّةُ جَانِبَ الْكُلِّيَةِ •

گھڑی تکیہ کے نیچے ہے۔ تکیہ صوفہ کے اوپر ہے۔ شاگرد استاد کے سامنے ہے۔خادم آقا کے پیچھے ہے۔آقا خادم کے آگے ہے۔خادم دیوار کے پیچھے ہے۔بس مدرسہ کے سامنے کھڑی ہے اوراس کاڈرائیوراس کے پیچھے کھڑا ہے۔

17	کیا تو اکیلا مدرسہ جاتا ہے؟	أَتَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَاحِدًا؟
18	جی ہاں! میں اکیلا مدرسہ جاتا ہوں۔	نَعَمْ! أَذْهَبُ إِلَى المَدْرَسَةِ وَاحِدًا.

درس(۹)مضارع(جمع)حاضر و متکلم

عُمَّالٌ : إِلٰى أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ أَيُّهَا النَّاسُ ؟

زُوَّارٌ : نَحْنُ نَذْهَبُ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدَسِ.

عُمَّالٌ : لِمَاذَا تَذْهَبُوْنَ إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدَسِ ؟

زُوَّارٌ : نَحْنُ نَذْهَبُ لِزِيَارَةِ الْمَسْجِدِ الْأَقْصٰى وَ أَنْتُمْ ؟

عُمَّالٌ : نَحْنُ نَذْهَبُ إِلٰى مَصْنَعِ الطُّوْبِ.

زُوَّارٌ : مَاذَا تَعْمَلُوْنَ هُنَاكَ ؟

عُمَّالٌ : نَصْنَعُ الطُّوْبَ.

مَاذَا تَعْمَلْنَ أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ ؟ نَحْنُ نَدْرُسُ فِيْ إِسْلَام آبَادَ وَنَذْهَبُ إِلَى الْجَامِعَةِ بِحَافِلَتِهَا. عِنْدَ مَا نَنْزِلُ مِنْهَا نَدْخُلُ الصَّفَّ وَنَدْرُسُ ثُمَّ نَرْجِعُ إِلَى الْبُيُوْتِ. مَاذَا تَدْرُسْنَ ؟ نَدْرُسُ التَّارِيْخَ وَالْجُغْرَافِيَا.

مَاذَا تَعْمَلْنَ عِنْدَ مَا تَرْجِعْنَ مِنَ الْجَامِعَةِ إِلٰى بُيُوْتِهِنَّ ؟ نَأْكُلُ الْغَدَاء وَنَغْسِلُ الثِّيَابَ ثُمَّ نَرْقُدُ قَلِيْلًا وَ عِنْدَ مَا نَسْمَعُ أَذَانَ الظُّهْرِ نَنْهَضُ نَذْكُرُ اللهَ (تعالٰی) ثُمَّ نَعْبُدُهُ بِالْخُشُوْعِ وَالْخُضوْعِ وَ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الصَّلٰوةِ نَقْرَأُ جُزْءً مِنَ الْقُرْآنِ وَ نَكْتُبُ الْوَاجِبَ الْمَنْزِلِيَّ فِي الْكُرَّاسَةِ.

ترجمہ:

عمال:　اے لوگوں تم کہاں جا رہے ہو؟
زوار:　ہم بیت المقدس جا رہے ہیں۔
عمال:　تم بیت المقدس کیوں جا رہے ہو؟
زوار:　ہم مسجد اقصیٰ کی زیارت کے لیے جا رہے ہیں۔ اور آپ؟
عمال:　ہم اینٹ کے بھٹہ تک جا رہے ہیں۔
زوار:　تم وہاں کیا کرتے ہو؟
عمال:　ہم وہاں اینٹ بناتے ہیں۔

اے لڑکیوں تم کیا کرتی ہو؟ ہم اسلام آباد میں پڑھتے ہیں اور ہم جامعہ جاتے ہیں اس کی بس سے۔ جس وقت ہم اس سے اترتے ہیں ہم کلاس میں داخل ہوتے ہیں اور ہم سبق پڑھتے ہیں۔ پھر گھروں کو واپس آتے ہیں۔ تم کیا پڑھتی ہو؟ ہم تاریخ اور جغرافی پڑھتے ہیں۔

تم کیا کرتی ہو جس وقت جامعہ سے اپنے گھروں کو واپس آتی ہو؟ ہم کھانا کھاتے ہیں اور کپڑے دھوتے ہیں پھر کچھ دیر آرام کرتے ہیں اور جس وقت ہم اذان ظہر سنتے ہیں اٹھ کر اللہ کا ذکر کرتے ہیں پھر خشوع خضوع کے ساتھ اس کی عبادت کرتے ہیں اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد قرآن کا کچھ حصہ پڑھتے ہیں اور ہوم ورک کاپی میں لکھتے ہیں۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَتَذْهَبُوْنَ أَيُّهَا النَّاسُ إِلَى الْبَيْتِ الْمُقَدَّسِ ؟ لِمَاذَا ؟	نَحْنُ نَذْهَبُ إِلىٰ بَيْتِ الْمَقْدِسِ لِزِيَارَةِ الْمَسْجِدِ الأَقْصىٰ .
2	أَلَا تَذْهَبُوْنَ أَيُّهَا الْعُمَّالُ إِلىٰ مَصْنَعِ الطُّوْبِ ؟	بَلىٰ : نَحْنُ نَذْهَبُ إِلىٰ مَصْنَعِ الطُّوْبِ .

3	لِمَاذَا تَذْهَبُوْنَ ؟	نَحْنُ نَصْنَعُ الطُّوْبَ .
4	أَتَدْرُسْنَ أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ ؟	نَعَمْ : نَحْنُ نَدْرُسُ .
5	أَيْنَ تَدْرُسْنَ ؟	نَحْنُ نَدْرُسُ فِي إِسْلَام آباد
6	مَاذَا تَدْرُسْنَ ؟	نَدْرُسُ التَّارِيْخَ وَالْجُغْرَافِيَا .

حل لغات: مَصْنَعٌ: کارخانہ،اسم ظرف صیغہ واحد،جمع مَصَانِعُ۔طُوْبٌ: اینٹ،جمع مکسر اَطْوَابٌ۔اَلصَّفُّ: درجہ،کلاس،جمع صُفُوْفٌ۔خُشُوْعٌ: خوف کرنا،گریازاری کرنا۔خُضُوْعٌ: ڈرنا۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اے لوگو!تم کیا کرتے ہو؟	أَيُّهَا النَّاسُ ! مَاذَا تَفْعَلُوْنَ؟
2	ہم سائکلوں کے کارخانے میں کام کرتے ہیں۔	نَعْمَلُ فِيْ مَصْنَعِ الدَّرَّاجَةِ.
3	کیا روزانہ کام کرتے ہو؟	هَلْ تَعْمَلُوْنَ كُلَّ يَوْمٍ ؟
4	جی ہاں!ہم روزانہ کام کرتے ہیں۔	نَعَمْ ! نَعْمَلُ كُلَّ يَوْمٍ.
5	کیا کچھ دیر آرام نہیں کرتے ہو؟	أَلَا تَرْقُدُوْنَ قَلِيْلًا ؟
6	جی ہاں!ہم کچھ دیر آرام بھی کرتے ہیں۔	نَعَمْ! نَرْقُدُ قَلِيْلًا أَيْضًا .
7	اپنے گھروں کو کب واپس ہوتے ہو؟	مَتٰى تَرْجِعُوْنَ إِلٰى بُيُوْتِكُمْ ؟
8	ہم شام چار بجے واپس ہوتے ہیں۔	نَرْجِعُ إِلٰى بُيُوْتِنَا فِي السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ عِشَاءًا.
9	کیا تم بازار جاتے ہو؟	هَلْ تَذْهَبُوْنَ إِلَى السُّوْقِ ؟

لَا، لَا نَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ.	نہیں،ہم بازار نہیں جاتے۔	10
مَاذَا تَفْعَلُوْنَ فِيْ وَقْتِ الْفَرَاغِ؟	خالی وقت میں کیا کرتے ہو؟	11
نَخْرُجُ إِلَى الصَّحْرَاءِ فِيْ وَقْتِ الْفَرَاغِ أَحْيَانًا،	خالی وقت میں کبھی ہم جنگل کی طرف نکلتے ہیں،	12
وَأَحْيَانًا إِلَى أَصْدِقَائِنَا.	اور کبھی اپنے دوستوں کی طرف۔	13
أَيَّتُهَا النِّسَاءُ! مَاذَا تَفْعَلْنَ صَبَاحًا.	اے عورتو!صبح میں تم کیا کرتی ہو؟	14
نَحْنُ نَصنَعُ الشَّايَ وَالْخُبْزَ صَبَاحًا.	صبح میں ہم چائے اور روٹی بناتے ہیں۔	15
مَاذَا تَفْعَلْنَ ظُهْرًا؟	دوپہر میں کیا کرتی ہو؟	16
نَطْبَخُ الرُّزَّ وَالْإِدَامَ ظُهْرًا.	دوپہر میں ہم چاول اور سالن پکاتے ہیں۔	17
ثُمَّ نَغْسِلُ ثِيَابَ الدَّارِ.	پھر گھر کے کپڑے دھوتے ہیں۔	18
أَلَا تَرْقُدْنَ ظُهْرًا؟	کیا تم دوپہر میں سوتی نہیں ہو؟	19
لَا، لَا نَرْقُدُ ظُهْرًا.	نہیں،ہم دوپہر میں نہیں سوتی ہیں۔	20
مَاذَا تَفْعَلْنَ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الطَّعَامِ؟	رات میں کھانے سے فارغ ہونے کے بعد تم کیا کرتی ہو؟	21
نَنَامُ إِلَى الْفَجْرِ بَعْدَ فَرَاغِ الطَّعَامِ عِشَاءً.	رات میں کھانے سے فارغ ہونے کے بعد فجر تک ہم سوتے ہیں۔	22

درس(۱۰)مضارع کی مختلف صورتیں

(۱). إِنَّ الْكَاتِبَ لَيَكْتُبُ (۲) سَيَذْهَبُ الدَّارِسُ إِلَى الْمَكْتَبَةِ

(۳) لَمْ يَفْتَحْ عَلِيٌّ الْبَابَ (٤) لَنْ يَّذْهَبَ تَقِيٌّ إِلَى حَمَّادٍ

(٥) شَاهِدٌ أَمَرَ الْعَامِلَ بِأَنْ يَّذْهَبُ إِلَى الْحَقْلِ .
(٦) ذَهَبَ الْفَلَّاحُ إِلَى الْحَقْلِ لِيَحْصُدَ الْقَمْحَ .

....

شَاهِدٌ أَمَرَ ابْنَهٗ عَابِدًا بِأَنْ يَّذْهَبَ إِلَى الْحَقْلِ لِيَحْصُدَ الْقَمْحَ . فَخَرَجَ عَابِدٌ بَعْدَ أَنْ يَّأْكُلَ بِيَدِهٖ مِنْجَلٌ وَ بَعْدَ سَاعَةٍ خَرَجَ شَاهِدٌ أَيْضًا وَ بِيَدِهٖ مِنْجَلٌ أَيْضًا . عِنْدَمَا وَصَلَ شَاهِدٌ إِلَى الْحَقْلِ ، وَجَدَ عَابِدًا يَحْصُدُ الْقَمْحَ .

ترجمہ:
(۱)بیشک کاتب لکھتا ہے۔ (۲)عنقریب طالب علم مکتب جائے گا۔
(۳)علی نے دروازہ نہیں کھولا۔　　(۴)نقی ہر گز حماد کے پاس نہیں جائے گا۔
(۵)شاہد نے مزدور کو کھیت تک جانے کا حکم دیا۔
(٦)کسان کھیت میں گیا تاکہ وہ گیہوں کاٹے۔

شاہد نے اپنے بیٹے عابد کو حکم دیا کہ وہ کھیت جا کر گیہوں کاٹے۔ تو عابد کھانا کھانے کے بعد نکلا اور اس کے ہاتھ میں درانتی تھی اور کچھ دیر بعد شاہد بھی نکلا اور اس کے بعد میں بھی درانتی تھی، اس نے عابد کو کاٹتے ہوئے پایا۔

حل لغات: مَكْتَبَةٌ: کتاب گھر، جمع مَكَاتِبُ ۔ حَقْلٌ :کھیت ، میدان ، فیلڈ جمع حُقُوْلٌ ۔ قَمْحٌ: گیہوں، جمع اَقْمَاحٌ ۔ يَحْصُدُ: فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ن)(مادہ حصد، صحیح)۔ مِنْجَلٌ: درانتی، جمع مَنَاجِلُ ۔ فَلَّاحٌ :کسان، کاشتکار، جمع فَلَّاحُوْنَ ۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَاذَا يَفْعَلُ الْكَاتِبُ ؟	إِنَّ الْكَاتِبَ لَيَكْتُبُ .
2	هَلْ سَيَذْهَبُ الدَّارِسُ إِلَى الْمَكْتَبَةِ ؟	نَعَمْ: سَيَذْهَبُ الدَّارِسُ إِلَى الْمَكْتَبَةِ .
3	أَلَمْ يَفْتَحْ عَلِيٌّ الْبَابَ ؟	نَعَمْ: لَمْ يَفْتَحْ عَلِيٌّ الْبَابَ .
4	هَلْ سَيَذْهَبُ تَقِيٌّ إِلٰى حَمَّادٍ ؟	لَا ، لَنْ يَّذْهَبَ تَقِيٌّ إِلٰى حَمَّادٍ .
5	مَنْ أَمَرَ ؟	
6	بِأَيِّ شَيْءٍ أَمَرَ ؟	شَاهِدٌ أَمَرَ الْعَامِلَ بِأَنْ يَّذْهَبَ إِلَى الْحَقْلِ .
7	مَنْ وَجَدَ عَابِدًا يَحْصُدُ الْقَمْحَ ؟	شَاهِدٌ وَجَدَ عَابِدًا يَحْصُدُ الْقَمْحَ .

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	بے شک لڑکا پڑھتا ہے۔	إِنَّ الْوَلَدَ يَقْرَأُ.
2	بے شک لڑکی پڑھتی ہے۔	إِنَّ الْبِنْتَ تَقْرَأُ.
3	بے شک مہمان کھاتا ہے۔	إِنَّ الضَّيْفَ يَأْكُلُ.
4	بے شک مزدور کام کرتا ہے۔	إِنَّ الْعَامِلَ يَعْمَلُ.
5	لڑکا مدرسہ جائے گا۔	يَذْهَبُ الْوَلَدُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ.
6	لڑکی مدرسہ جائے گی۔	تَذْهَبُ الْبِنْتُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ.
7	لڑکا دوپہر میں گھر لوٹے گا۔	يَرْجِعُ الْوَلَدُ إِلَى الْبَيْتِ ظُهْرًا.

8	لڑکی دوپہر میں گھر لوٹے گی۔	تَرْجِعُ الْبِنْتُ إِلَى الْبَيْتِ ظُهْرًا.
9	استاذ نے طالب علم کو سبق پڑھنے کا حکم دیا۔	أَمَرَ الْأُسْتَاذُ الْمُتَعَلِّمَ بِأَنْ يَّقْرَأَ الدَّرْسَ.
10	استانی نے طالبہ کو کتاب پڑھنے کا حکم دیا۔	أَمَرَتِ الْمُعَلِّمَةُ الْمُتَعَلِّمَةَ بِأَنْ تَقْرَأَ الْكِتَابَ.
11	میں کھانا کھانے سے پہلے پڑھتا ہوں۔	أَنَا أَقْرَأُ قَبْلَ أَكْلِ الطَّعَامِ.
12	اور کھانا کھانے کے بعد سوتا ہوں۔	وَأَنَامُ بَعْدَ الطَّعَامِ.
13	میں نے خالد کو پڑھتے ہوئے پایا۔	وَجَدْتُ خَالِدًا وَهُوَ يَقْرَأُ.
14	خالد بیٹھ کر پڑھتا ہے۔	يَقْرَأُ خَالِدٌ جَالِسًا.
15	اور خالدہ کھڑے ہو کر پڑھتی ہے۔	وَتَقْرَأُ خَالِدَةٌ قَائِمَةً.
16	میں گھر سے جنگل کی طرف نکلا جبکہ میرے ہاتھ میں درانتی تھی۔	خَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ إِلَى الصَّحْرَاءِ وَبِيَدِيْ مِنْجَلٌ.
17	میں گھر سے مدرسے کی طرف نکلی اور میرے ہاتھ میں کتاب تھی۔	خَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَبِيَدِيْ كِتَابٌ.
18	وہ مسجد گیا اس حال میں کہ اس کے ہاتھ میں قرآن مجید تھا۔	ذَهَبَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَبِيَدِهٖ قُرْآنٌ مَجِيْدٌ.
19	اس لڑکے نے کھانا نہیں کھایا۔	مَا أَكَلَ وَلَدُهٗ الطَّعَامَ.
20	وہ آدمی ہرگز شہر نہیں جائے گا۔	ذٰلِكَ الرَّجُلُ لَنْ يَّذْهَبَ إِلَى الْبَلَدِ.
21	انگریز کرسی پر بیٹھا تاکہ کھانا کھائے۔	جَلَسَ الْفَرَنْجِيُّ عَلَى الْكُرْسِيِّ لِيَأْكُلَ الطَّعَامَ.
22	لڑکی کلاس میں داخل ہوئی تاکہ کتاب پڑھے۔	دَخَلَتِ الْبِنْتُ الصَّفَّ لِتَقْرَأَ الْكِتَابَ.

درس(۱۱) تثنیہ (اسم)

أَلْجَبَلَانِ شَامِخَانِ. أَلْأَ رِ يْكَتَانِ جَدِيْدَتَانِ.
أَلْأَخُ وَالْأُخْتُ جَمِيْلَانِ. سَعِيْدَةُ وَ حَمِيْدَةُ صَالِحَتَانِ.

....

طَعَامُ الرَّجُلَيْنِ جَاهِزٌ. أَالضَّيْفُ أَكَلَ الْخُبْزَيْنِ.

....

هٰذَانِ الْوَلَدَانِ ذَكِيَّانِ. هَاتَانِ إِمْرَأَتَانِ.
ذَانِكَ جَمَلَانِ جَمِيْلَانِ. ذَانِكَ كَلْبَا أَمِيْرٍ كَا.

....

مَنْ هٰذَانِ ؟ هٰذَانِ أَخَانَقِيٍّ وَ هُمَا كَاتِبَانِ .
أَذَانِكَ سَائِقَانِ ؟ نَعَمْ ! هُمَا سَائِقَا الْحَافِلَةِ.
مَنْ هَاتَانِ ؟ هُمَا بِنْتَا نَبِيْلٍ الْقَادِرِيِّ.
أَتَانِكَ غَبِيَّتَانِ؟ لَا ! بَلْ هُمَا ذَكِيَّتَانِ.
أَأَنْتُمَا مُعَلِّمَانِ ؟ نَعَمْ ! نَحْنُ مُعَلِّمَانِ .
أَأَنْتُمَا مُعَلِّمَتَانِ؟ لَا ! نَحْنُ مُعَلِّمَتَانِ.

ترجمہ:

دو پہاڑ بلند ہیں۔ دو صوفے نئے ہیں۔
بھائی بہن خوبصورت ہیں۔ سعیدہ حمیدہ نیک ہیں۔
دو آدمیوں کا کھانا تیار ہے۔ مہمان نے دو روٹیاں کھائیں۔
یہ دونوں لڑکے ہوشیار ہیں۔ یہ دو عورتیں ہیں۔

وہ دو خوبصورت اونٹ ہیں۔	وہ دو امیریکا کے کتے ہیں۔
یہ دو کون ہیں ؟	یہ دو نقی کے بھائی ہیں اور دونوں کاتب ہیں۔
کیا وہ دونوں ڈرائیور ہیں ؟	جی ہاں !وہ دونوں بس کے ڈرائیور ہیں۔
یہ دو کون ہیں ؟	وہ دو نبیل قادری کی بیٹی ہیں۔
کیا وہ دو کند ذہن ہیں ؟	نہیں !بلکہ وہ دونوں ہوشیار ہیں۔
کیا تم دو معلم ہو؟	جی ہاں !ہم معلم ہیں۔
کیا تم دونوں استانی ہو؟	نہیں !ہم دونوں طالبہ ہیں۔

حل لغات: جَبلَانِ: دو پہاڑ، جمع جِبَالٌ۔ شَامِخَانِ: بلند، شاندار، جمع شَامِخاتٌ۔ ذَکِيٌّ: ہوشیار، جمع اَذْکِیاءُ۔ أَخٌ: بھائی، جمع اِخْوَانٌ۔ جَاهِزٌ: تیار ۔غَبِيَّةٌ: کند ذہن، جمع اَغْبِیاءُ۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	دو انگوٹھی چاندی کی ہیں۔	أَلْخَاتَمَتَانِ فِضَّتَانِ.
2	دو کنگن سونے کے ہیں۔	أَلسِّوَارَانِ ذَهَبَانِ.
3	یہ دو پازیب چاندی کی ہیں۔	هٰذَانِ الْخَلْخَلَانِ فِضَّتَانِ
4	اور وہ دو پازیب لوہے کی ہیں۔	وَذٰنِكَ الْخَلْخَلَان حَدِيْدَانِ .
5	یہ دو گھر خوب صورت ہیں۔	هٰذَانِ الْبَيْتَانِ جَمِيْلَانِ .
6	وہ دو کمرے ستھرے ہیں۔	تَانِكَ الْغُرْفَتَانِ نَظِيْفَتَانِ .
7	یہ دو مرد کون ہیں ؟	مَنْ هٰذَانِ رَجُلَانِ ؟
8	وہ خالد کے بھائی ہیں۔	هُمَا اَخَا خَالِدٍ.
9	وہ دو لڑکیاں کون ہیں ؟	مَنْ تَانِكَ بِنْتَانِ؟
10	وہ سعد کی بہنیں ہیں۔	هُمَا اُخْتَا سَعْدٍ .

11	استاد اور استانی نیک ہیں۔	اَلْمُعَلِّمُ وَالْمُعَلِّمَةُ صَالِحَانِ .
12	اس مسجد کے دو دروازے ہیں۔	هٰذَا الْمَسْجِدِ بَابَانِ .
13	اور وہ بہت کشادہ خوبصورت ہیں۔	وَهُمَا وَسِيْعَانِ جَمِيْلَانِ .
14	اے لڑکیو! کیا تم (دونوں) کلرک ہو؟	أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ ! هَلْ اَنْتُمَا كَاتِبَتَانِ ؟
15	جی نہیں! ہم مدرّسہ ہیں۔	لَا ! نَحْنُ مُعَلِّمَتَانِ .
16	حامد اور زاہد کہاں ہیں؟	أَيْنَ حَامِدٌ وَزَاهِدٌ ؟
17	وہ اسپتال میں ہیں کیوں کہ وہ بیمار ہیں۔	هُمَا فِي الْمُسْتَشْفىٰ لِأَنَّهُمَا سَقِيْمَانِ .
18	رقیہ اور حفصہ کہاں ہیں؟	أَيْنَ رُقَيَّةُ وَحَفْصَةُ ؟
19	وہ گھر میں ہیں۔	هُمَا فِي الْبَيْتِ .
20	میں نے دو کتابیں پڑھیں۔	قَرَأْتُ كِتَابَيْنِ .
21	تاجر کا سامان دو گھوڑوں پر ہے۔	مَتَاعُ التَّاجِرُ عَلَى الْفَرَسَيْنِ .

درس (۱۲) جمع مذکر سالم

رَاكِعٌ ، رَاكِعُوْنَ رکوع کرنے والا، رکوع کرنے والے	طَالِبٌ ، طَالِبُوْنَ طلب کرنے والا ، طلب کرنے والے
مَسْرُوْرٌ ، مَسْرُوْرُوْنَ خوش ہونے والا، خوش ہونے والے	صَالِحٌ ، صَالِحُوْنَ صلح کرنے والا ، صلح کرنے والے
صَاحِبٌ ، صَاحِبُوْنَ صحبت اختیار کرنے والا، صحبت اختیار کرنے والے	خَاشِعٌ ، خَاشِعُوْنَ خشوع کرنے والا ، خشوع کرنے والے

سَاكِتٌ ، سَاكِتُوْنَ	مُصَلٍّ ، مُصَلُّوْنَ
خاموش رہنے والا ، خاموش رہنے والے	نماز پڑھنے والا ، نماز پڑھنے والے

رَكَعَ **الرَّاكِعُوْنَ** مَعَ **الرَّاكِعِيْنَ** * نَصَحَ **الْمُعَلِّمُوْنَ** جَمِيْعَ **الطَّالِبِيْنَ** * **أَلْعَالِمُوْنَ** يَنْصَحُوْنَ **الْمُسْلِمِيْنَ** * **أَلطَّالِبُوْنَ** يَخْدِمُوْنَ **الْمُعَلِّمِيْنَ** * إِنَّ **الْمُشْرِكِيْنَ** لَأَعْدَاءُ **الْمُسْلِمِيْنَ** * إِنَّ الدَّارَ الْأٰخِرَةَ **لِلْمُسْلِمِيْنَ** * وَلٰكِنَّ **الْكَافِرِيْنَ** لَا يَعْلَمُوْنَ *وَصَلَ **الطَّالِبُوْنَ مُتَأَخِّرِيْنَ** إِلَى الْمَدْرَسَةِ * **أَلْمُصَلُّوْنَ** سَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ*

هٰؤُلَاءِ طَالِبُوْ الْمَدَارِسِ ، يَذْهَبُوْنَ إِلٰى مَدَارِسِهِمْ كُلَّ يَوْمٍ مَسْرُوْرِيْنَ وَ يَرْجِعُوْنَ إِلٰى بُيُوْتِهِمْ مَسْرُوْرِيْنَ وَ يَعْمَلُوْنَ مَعَ اٰبَائِهِمْ فِيْ اَوْقَاتُ الْفَرَاغِ وَ هُمْ صالِحُوْنَ جِدًّا فِيْ صَفِّهِمْ ، يَصْحَبُوْنَ الصَّالِحِيْنَ وَ يَحْذَرُوْنَ الْفَاسِقِيْنَ (اَوْ مِنَ الْفَاسِقِيْنَ) وَ يَنْصَحُوْنَ صَاحِبَيْهِمْ (صَاحِبِيْنَ = هِمْ) وَ يَذْهَبُوْنَ إِلَى الْمَسْجِدِ لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَ هُنَاكَ يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ خَاشِعِيْنَ وَ يَرْكَعُوْنَ مَعَ الرَّاكِعِيْنَ وَ بَعْدَ الصَّلٰوةِ يَسْمَعُوْنَ نَصَائِحَ النَّاصِحِيْنَ سَاكِتِيْنَ وَ يَرْجِعُوْنَ إِلٰى بُيُوْتِهِمْ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ . فِيْ أَثْنَاءِ الطَّرِيْقِ لَا يَنْظُرُوْنَ يَمِيْنًا وَلَا شِمَالًا بَلْ يَنْظُرُوْنَ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ.

ترجمہ:

رکوع کرنے والوں نے رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کیا۔ اساتذہ نے تمام طلبہ کو نصیحت کی ۔ علماء مسلمانوں کو نصیحت کرتے ہیں۔ طلبہ اساتذہ کی خدمت کرتے ہیں ۔ بیشک مشرک مسلمانوں کے دشمن ہیں۔ یقیناً آخرت کا گھر مسلمانوں کے لیے ہے لیکن کافر جانتے نہیں ہیں۔ طلبہ مدرسہ تاخیر سے پہونچے۔ نمازی عنقریب جنت میں داخل ہونگے۔

یہ مدرسوں کے طلبہ ہیں ہر روز اپنے مدرسے خوشی خوشی جاتے ہیں اور پنے گھروں کو خوش ہوکر لوٹتے ہیں۔ اور خالی اوقات میں اپنے والد کے ساتھ کام کرتے ہیں ۔ اور وہ اپنے کلاس میں نیک ہیں۔ وہ نیکوں کی صحبت اختیار کرتے ہیں اور فاسقوں سے بچتے ہیں ۔ اور ہر نماز کے لیے

مسجد جاتے ہیں۔ اور وہاں خشوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں۔ اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرتے ہیں۔ اور نماز کے بعد نصیحت کرنے والوں کی نصیحتوں کو خاموشی سے سنتے ہیں۔ اور خدا کو یاد کرتے ہوئے اپنے گھروں کو واپس آتے ہیں۔ راستہ کے درمیان دائیں بائیں نہیں دیکھتے ہیں۔ بلکہ اپنے سامنے دیکھتے ہیں۔

حل لغات: رَكَعَ: رکوع کیا، فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ف)(مادہ رکع ،صحیح)۔سَكَتَ: خاموش ہوا، فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ن)(مادہ سکت ،صحیح)۔وَصَلَ: پہنچا، فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (مادہ وصل، مثال واوی) ۔يَحْذَرُ: وہ بچتا ہے، فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (س)(مادہ حذر، صحیح)۔أَثْنَاءَ :درمیان۔اَلطَّرِيْقُ: راستہ، جمع طُرُقٌ۔

جمع مذکر سالم کا اعراب درست کرو

شمار	کتاب کی عبارت	درست عبارت
1	لَعْنَةُ اللهِ عَلَى الْكٰذِبُوْنَ	لَعْنَةُ اللهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ. جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہے۔
2	أَللهُ رَبُّ الْعَالَمُوْنَ	أَللهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ. اللہ تمام عالم کا رب ہے۔
3	لِلْكَافِرُوْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ	لِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ. کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔
4	وَاللهُ خَيْرُ الرَّازِقُوْنَ	وَاللهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ. اللہ بہترین رزق دینے والا ہے۔
5	وَأُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ	وَأُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ. اور وہ لوگ گھاٹے میں ہیں۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔	إِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِ يْنَ .
2	نیک نیکوں کے ساتھ رہتے ہیں اور برے بروں کے ساتھ۔	يَصْحَبُ الصَّالِحُوْنَ الصَّالِحِيْنَ وَالْفَاسِقُوْنَ الْفَاسِقِيْنَ.
3	بے شک یہ مسلمان پرہیزگار ہیں۔	إِنَّ هٰؤُلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ مُتَّقُوْنَ .
4	نمازی جس وقت اذان سنتے ہیں خوشی خوشی مسجد میں جاتے ہیں۔	يَذْهَبُ الْمُصَلُّوْنَ مَسْرُوْرِ يْنَ إِلَى الْمَسْجِدِ عِنْدَمَا يَسْمَعُوْنَ الأَذَانَ.
5	باادب طلبہ مدرسے سے خاموش ہوکر نکلتے ہیں۔	يَخْرُجُ الْمُتَعَلِّمُوْنَ الْمُهَذَّبُوْنَ مِنَ الْمَدْرَسَةِ سَاكِتِيْنَ .
6	نیک طلبہ ہمیشہ استادوں کی خدمت کرتے ہیں۔	يَخْدِمُ الْمُتَعَلِّمُوْنَ الصَّالِحُوْنَ الْمُعَلِّمِيْنَ دَائِمًا.
7	محنتی طلبہ اپنے مدارس،اپنے اسباق یاد کرتے ہوئے جاتے ہیں۔	يَذْهَبُ الْمُتَعَلِّمُوْنَ الْمُجْتَهِدُوْنَ إِلىٰ مَدَارِسِهِمْ حَافِظِيْنَ دُرُوْسَهُمْ.
8	کچھ(بعض) مسافر ٹرین سے اتر رہے ہیں۔	يَنْزِلُ بَعْضُ الْمُسَافِرِ يْنَ عَنِ الْقِطَارِ.
9	اور وہ اپنے سوٹ کیس اٹھائے ہوئے ہیں۔	وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ حَقَائِبَهُمْ .

درس (۱۳) جمع مؤنث سالم

خَلَقَ اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ.
خَالِدٌ یُدَرِّسُ الْعُلُوْمَ وَ الرِّیَاضِیَّاتِ.
نَصَحَتِ الْمُعَلِّمَۃُ تِلْمِیْذَاتِہَا.
جَمَعَتِ الْأُمُّ بَنَاتِہَا وَ نَصَحَتْہُنَّ.
أَلْمُعَلِّمَاتُ نَصَحْنَ تِلْمِیْذَاتِہِنَّ.

أَلنِّسَاءُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ، یَعْمَلْنَ الصَّالِحَاتِ وَ یَصْحَبْنَ الصَّالِحَاتِ وَ یَحْذَرْنَ الْفَاسِقَاتِ وَ یَخْدِمْنَ أُمَّہَاتِہِنَّ وَ خَالَاتِہِنَّ وَ عَمَّاتِہِنَّ وَ یَسْمَعْنَ نَصَائِحَہُنَّ، لَا یَخْرُجْنَ مِنْ بُیُوْتِہِنَّ سَافِرَاتٍ وَ لَا یَجْلِسْنَ مَجَالِسَ الْفَاسِقَاتِ وَ لَا یَصْحَبْنَ الْفَاسِقَاتِ وَ لَا یَتْرُکْنَ الصَّلٰوۃَ أَبَدًا. إِنَّہُنَّ لَمُؤْمِنَاتٌ صَادِقَاتٌ عَابِدَاتٌ.
أَلْبَنَاتُ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ یَنْشَأْنَ فِیْ بُیُوْتِہِنَّ الشِّرْکَ وَ یَجْعَلْنَ لِلّٰہِ شُرَکَاءَ وَ یَعْبُدْنَ اللَّاتَ وَ الْعُزّٰی وَ یَکْفُرْنَ بِاٰیَاتِ اللّٰہِ وَ یَأْمُرْنَ صَاحِبَاتِہِنَّ بِالشِّرْکِ، وَ ہُنَّ لَا یَحْذَرْنَ الْفَوَاحِشَ وَ الْمُنْکَرَاتِ وَ لَا یَسْمَعْنَ اٰیَاتِ اللّٰہِ وَ لَا یَشْکُرْنَ لِلّٰہِ. أَلَا إِنَّ اللّٰہَ بَرِیْءٌ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَ الْمُشْرِکَاتِ وَ رَسُوْلُہٗ ﷺ.

ترجمہ:

اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا۔
خالد علوم اور ریاضیات پڑھاتا ہے۔
استانی نے اپنی طالبات کو نصیحت کی۔
ماں نے اپنی بیٹیوں کو جمع کیا اور ان کو نصیحت کی۔
استانیوں نے اپنی طالبات کو نصیحت کی۔

مومنہ عورتیں اچھے اعمال کرتی ہیں اور نیکوں کے ساتھ رہتی ہیں۔ اور فاسقہ عورتوں سے بچتی ہیں اور اپنی ماؤں، خالاؤں اور پھوپھیوں کی خدمت کرتی ہیں۔ کی اور ان کی نصیحت سنتی ہیں۔ وہ

اپنے گھروں سے بے پردہ نہیں نکلتی ہیں۔ اور نہ ہی وہ فاسقہ عورتوں کی مجالس میں بیٹھتی ہیں۔ اور نہ ہی فاسقہ کو دوست رکھتی ہیں۔ اور نہ ہی کبھی نماز چھوڑتی ہیں۔ بیشک وہ صادقہ، عابدہ، مؤمنہ ہیں۔

مشرکوں کی لڑکیاں گھروں میں شرک کرتی ہیں۔ اور اللہ کے لیے شرکاء بناتی ہیں اور لات، عزّیٰ کی عبادت کرتی ہیں اور اللہ تعالی کی آیتوں کے ساتھ کفر کرتی ہیں، اور وہ اپنی (ساتھیوں) کو شرک کا حکم دیتی ہیں۔ اور وہ (زنا) سے اور ناپسند چیزوں سے نہیں بچتی ہیں۔

خبر دار بیشک اللہ اور اس کے رسول مشرکوں اور مشرکہ عورتوں سے بری ہیں۔

حل لغات: اَللَّاتَ وَالْعُزّٰي: قریش کے دو بتوں کے نام۔ فَوَاحِشُ: زنا، قبیح گناہ، واحد فَاحِشٌ۔ بَرِيٌّ: خالص، پاک، دست بردار ہونا۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ ؟	خَلَقَ اللهُ السَّمٰوٰاتِ وَالأَرْضَ
2	مَاذَا يَدْرُسُ خَالِدٌ ؟	يَدْرُسُ خَالِدٌ الْعُلُوْمَ وَالرِّ يَاضِيَّاتِ.
3	مَنْ نَصَحَتِ التِّلْمِيْذَاتِ ؟	نَصَحَتِ الْمُعَلِّمَةُ تِلْمِيْذَاتِهَا .
4	لِمَاذَا جَمَعَتِ الْأُمُّ بَنَاتِهَا؟	جَمَعَتِ الأُمُّ بَنَاتِهَا لِنُصْحَةٍ.
5	كَيْفَ النِّسَاءُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ ؟	اَلنِّسَاءُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ يَعْمَلْنَ الصَّالِحَاتِ وَ يَصْحَبْنَ الصَّالِحَاتِ وَيَحْذَرْنَ الْفَاسِقَاتِ .
6	مَاذَا تَفْعَلُ الْبَنَاتُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ؟	اَلْبَنَاتُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يَنْشَأْنَ فِي بُيُوْتِ الشِّرْكَ وَيَجْعَلْنَ لِلّٰهِ شُرَكَاءَ.

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	یہ لڑکیاں نماز کی دلدادہ ہیں۔	هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ مُوْلِعَةٌ بِالصَّلَاةِ.
2	اسے کبھی نہیں چھوڑتی ہیں۔	لَا يَتْرُكْنَهَا أَبَدًا.
3	اور وہ کبھی مذاق نہیں کرتی ہیں۔	وَلَا يَمْزَحْنَ اَبَدًا.
4	بلکہ مذاق کرنے والوں کو نصیحت کرتی ہیں۔	بَلْ يَنْصَحْنَ الْمُزَّحَاتِ.
5	وہ لڑکیاں پاک دامن ہیں،	تِلْكَ الْبَنَاتُ صالِحَاتٌ.
6	فاحشہ (عورتوں) سے بچتی ہیں۔	يَحْذَرْنَ الْفَوَاحِشَاتِ.
7	اور عالماؤں کے ساتھ رہتی ہیں۔	وَ يَصْحَبْنَ الْعَالِمَاتِ.
8	دیہاتی عورتیں سبزیاں زیادہ کھاتی ہیں اور گوشت کم۔	اَلنِّسَاءُ مِنَ الْقَرْيَةِ يَأْكُلْنَ الْخَضْرَوَاتِ كَثِيْرَةً وَاللَّحْمَ قَلِيْلًا.
9	بے شک خالدہ کی بہنیں پھل کھاتی ہیں مگر چائے نہیں پیتیں۔	إِنَّ أَخَوَاتِ خَالِدةٍ يَأْكُلْنَ الثَّمَرَاتِ وَلٰكِنْ لَا يَشْرَبْنَ الشَّايَ.
10	مشرکہ (عورتیں) بے حیائیوں اور برائیوں سے نہیں بچتیں۔	اَلنِّسَاءُ مِنَ الْمُشْرِكَاتِ لَا يَحْذَرْنَ الْفَوَاحِشَ وَالْمُنْكِرَاتِ.
11	اور اللہ کی آیتوں کو نہیں سنتیں بلکہ ان کا انکار کرتی ہیں۔	وَلَا يَسْمَعْنَ آيَاتِ اللهِ بَلْ يَكْفُرْنَهَا.

درس (۱۴) فعل مجہول

أَكَلَ ، أُكِلَ اس نے کھایا، کھایا گیا	نَصَرَ ، نُصِرَ اس نے مدد کی، وہ مدد کیا گیا	كَتَبَ ، كُتِبَ اس نے لکھا ، لکھا گیا
يَأْكُلُ ، يُؤْكَلُ وہ کھاتا ہے ، وہ کھایا جاتا ہے	يَنْصُرُ ، يُنْصَرُ وہ مدد کرتا ہے، وہ مدد کیا جاتا ہے	يَكْتُبُ ، يُكْتَبُ وہ لکھتا ہے، وہ لکھا جاتا ہے

قَرَأَ الْوَلَدُ الْكِتَابَ. قُرِأَ الْكِتَابُ.

كَتَبَتِ الْبِنْتُ الدَّرْسَ. كُتِبَ الدَّرْسُ.

أَخَذَتْ فَاطِمَةُ الْكِتَابَيْنِ. أُخِذَ الْكِتَابَانِ.

يَنْصُرُ اللّٰهُ الْمُسْلِمَ. يُنْصَرُ الْمُسْلِمُ.

تَشْكُرُ الْمُعَلِّمَةُ الطَّالِبَتَيْنِ. تُشْكَرُ الطَّالِبَتَانِ.

يَنْصُرُ اللّٰهُ الْمُسْلِمِيْنَ. يُنْصَرُ الْمُسْلِمُوْنَ.

تَنْصَحُ الْعَالِمَةُ الْجَاهِلَاتِ. تُنْصَحُ الْجَاهِلَاتُ.

أَكَلَ الضَّيْفُ الْفَاكِهَةَ. أُكِلَتِ الْفَاكِهَةُ.

نَصَرَ الْكَرِيْمُ الْأَرْمَلَةَ. نُصِرَتِ الْأَرْمَلَةُ.

ترجمہ:

لڑکے نے کتاب پڑھی۔ کتاب پڑھی گئی۔

لڑکی نے سبق لکھا۔ سبق لکھا گیا۔

فاطمہ نے دو کتابیں لیں۔ دو کتابیں لی گئیں۔

اللہ مسلمان کی مدد کرتا ہے۔ مسلم مدد کیا جاتا ہے۔

استانی دو طالبہ کا شکر کرتی ہے دو طالبہ کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

اللہ مسلمانوں کی مدد کرتا ہے۔　　مسلمان مدد کئے جاتے ہیں۔

عالمہ جاہلہ کو نصیحت کرتی ہے　جاہلہ عورتیں نصیحت کی جاتی ہیں۔

مہمان نے میوہ کھایا۔　　میوہ کھایا گیا۔

کریم نے بیوہ کی مدد کی۔　　بیوہ کی مدد کی گئی۔

حل لغات:اَلضَّیْفُ:مہمان،جمع مکسر ضُیُوْفٌ ۔اَلْفَاکِہَۃُ:میوہ ،جمع مکسر فَوَاکِہُ ۔ اَلْکَرِیْمُ:شریف،سخی،(ک)۔اَلْأَرْمِلَۃُ:بیوہ۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ قَرَأَ ؟	قَرَأَ الْوَلَدُ .
2	مَاذَا قَرَأَ ؟	قَرَأَ الْكِتَابَ .
3	مَاذَا قُرِأَ ؟	قُرِءَ الْكِتَابُ .
4	مَنْ كَتَبَتْ ؟	كَتَبَتِ الْبِنْتُ .
5	مَاذَا كَتَبَتْ ؟	كَتَبَتِ الدَّرْسَ .
6	مَاذَا كُتِبَ ؟	كُتِبَ الدَّرْسُ
7	مَاذَا أَكَلَ الضَّيْفُ ؟	أَكَلَ الضَّيْفُ الْفَاكِهَةَ .

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	شاگرد نے سبق پڑھا۔	قَرَأَ التِّلْمِيْذُ الدَّرْسَ .
2	سبق پڑھا گیا۔	قُرِءَ الدَّرْسُ .
3	لڑکی نے سبق یاد کیا۔	حَفِظَتِ الْبِنْتُ الدَّرْسَ .

4	سبق یاد کیا گیا۔	حُفِظَ الدَّرْسُ .
5	سخی نے دو مظلموں کی مدد کی۔	نَصَرَ السَّخِيُّ الْمَظْلُوْمَيْنِ .
6	دو مسلمانوں کی مدد کی گئی۔	نُصِرَ الْمُسْلِمَانِ .
7	اساتذہ طلبہ کو نصیحت کرتے ہیں۔	يَنْصَحُ الأَسَاتِذَةُ الطُّلَابَ .
8	اور معلمائیں طالبات کو نصیحت کرتی ہیں۔	وَالْمُعَلِّمَاتُ يَنْصَحْنَ الطَّالِبَاتِ .
9	دو مردوں کا شکریہ ادا کیا گیا۔	شُكِرَ الرَّجُلَانِ .
10	پھل کھائے جاتے ہیں۔	تُؤكَلُ الثَّمَرَاتُ .
11	عورتیں مدد کی جاتی ہیں۔	تُنْصَرُ النِّسَاءُ .
12	عورتیں، عورتوں کی مدد کرتی ہیں۔	اَلنِّسَاءُ يَنْصُرْنَ النِّسَاءَ .
13	دو سبق پڑھے گئے۔	قُرِءَ الدَّرْسَانِ .
14	خالد نے دو سبق پڑھے اور انہیں لکھا۔	خَالِدٌ قَرَءَ الدَّرْسَيْنِ وَكَتَبَهُمَا .
15	مسلمان مظلوم کی مدد کرتا ہے۔	يَنْصُرُ الْمُسْلِمُ الْمَظْلُوْمَ
16	مظلوم کیا جاتا ہے۔	يُنْصَرُ الْمَظْلُوْمُ .
17	مظلومہ مدد کی جاتی ہے۔	تُنْصَرُ الْمَظْلُوْمَةُ .

درس (۱۵) امر حاضر مذکر (واحد وجمع)

إِحْمَلْ تو اٹھا	إِرْجِعْ تو واپس ہو	أُدْخُلْ تو داخل ہو	أُشْكُرْ تو شکر ادا کر
إِقْرَأْ تو پڑھ	إِجْلِسْ تو بیٹھ	أُحْضُرْ تو حاضر ہو	أُخْرُجْ تو نکل
إِفْتَحْ	إِضْرِبْ	أُعْبُدْ	أُذْكُرْ

توکھول	تومار	توعبادت کر	تویاد کر

أَيُّهَا الْوَلَدُ ! أُذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ ابْدَأْ عَمَلِكَ . كُلْ مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَ اشْكُرْ لَهٗ . هٰذِهٖ دَرَّاجَتُكَ خُذْهَا وَ تِلْكَ مِحْفَظَتُكَ إِحْمِلْهَا وَ اذْهَبْ إِلَى الْمَدْرَسَةِ . وَ هُنَاكَ أُدْخُلِ الصَّفَّ بِالسُّرْعَةِ وَ اجْلِسْ عَلَى الْكُرْسِيِّ بِالْأَدَبِ ثُمَّ افْتَحْ كِتَابَكَ وَ اقْرَأْ دَرْسَكَ وَ افْهَمْهُ جَيِّدًا وَ احْضُرْ فِيْ كُلِّ حِصَّةٍ فِي الْمِيْعَادِ وَ بَعْدَ الْعُطْلَةِ ارْجِعْ مِنْ فَوْرِكَ (فَوْرًا) إِلَى الْبَيْتِ وَ كُلِ الطَّعَامَ ثُمَّ اكْتُبْ وَاجِبَاتِ الْمَدْرَسَةِ وَ ارْقُدْ إِلَى ظُّهْرِ وَ بَعْدَ الْإِسْتِيْقَاظِ مِنَ النَّوْمِ، أُعْبُدِ اللّٰهَ وَ اسْئَلْهُ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَأْمُرْ إِخْوَانَكَ وَ إِخْوَاتِكَ بِالصَّلٰوةِ.

- - - - - - - -

يَا عِبَادَ اللّٰهِ ! مُرُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالْخَيْرِ وَ اعْبُدُوْا اللّٰهَ ، مَالَكُمْ مِنْ إِلٰهٍ غَيْرُهٗ وَ اذْكُرُوْهُ ذِكْرًا كَثِيْرًا . يَا إِخْوَتِيْ ! سَلُوْا اللّٰهَ لَكُمْ لِإِسْتِقَامَةَ فِي الدِّيْنِ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ جَهْرَكُمْ فَاحْذَرُوْه . إِغْسِلُوْا أَيْدِيْكُمْ قَبْلَ الْأَكْلِ ثُمَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَ اشْكُرُوْ لَهٗ . إِعْمَلُوْ عَمَلًا صَالِحًا وَ احْذَرُوْا فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ وَهُوَ لَا يَأْمُرُكُمْ إِلَّا بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ.

ترجمہ:

اے لڑکے! اپنے رب کا نام لے اور اپنا عمل شروع کر۔ تو اللہ کے رزق سے کھا اور اس کا شکر ادا کر۔ یہ تیری سائیکل ہے اس کو لے اور اپنے اس بستہ کو سائیکل پر لاد اور مدرسہ جا۔ اور وہاں کلاس میں جلدی سے داخل ہو اور ادب کے ساتھ کرسی پر بیٹھ پھر اپنی کتاب کھول اور اپنا سبق پڑھ اور اس کو عمدہ سمجھ اور متعیّن وقت میں ہر حصہ میں حاضر ہو۔ اور چھٹی کے بعد فوراً گھر واپس لوٹ اور کھانا کھا پھر ہوم ورک لکھ اور ظہر تک آرام کر اور نیند سے بیدار ہونے کے بعد اللہ تعالی کی عبادت کر اور اس سے دنیا اور آخرت میں بخشش کا سوال کر اور اپنے بھائیوں اور بہنوں کو نماز کا حکم دے۔

اے اللہ کے بندوں! اپنے بچوں کو بھلائی کا حکم دو اور اللہ تعالی کی عبادت کرو۔ اللہ کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے اور تم اللہ کا خوب چرچا کرو۔ اے میرے بھائیو! تم اپنے لیے اللہ سے دین میں استقامت کا سوال کرو۔ اور تم جان لو بیشک اللہ تعالی جانتا ہے تمھارے راز کو اور تمھارے اعلان۔ تم اپنے ہاتھوں کو کھانے سے پہلے دھوؤ۔ پھر کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے اور اس کا شکر ادا کرو۔ تم نیک کام کرو۔ اور شیطان سے بچو کیونکہ شیطان تمھارا کھلا دشمن ہے۔ اور وہ تم کو حکم نہیں دیتا مگر قبیح گناہوں کا اور ناپسند کاموں کا۔

حل لغات: اِحْمَلْ: تو اٹھا، فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر (س)(مادہ حمل، صحیح) ۔ دَرَّاجَۃٌ: سائیکل، جمع دَرَّاجَاتٌ۔ مِحْفَظَۃٌ: بستہ، جمع مِحْفَظَاتٌ۔ اَلْعَفْوُ: طلبِ بخشش، (ن)(مادہ عفو، ناقص واوی)۔ عَافِیَۃٌ: بخشش، جمع عَافِیَاتٌ۔

امر بناؤ

اُصْدُقْ تو سچ بول	اِنْهَضْ تو اٹھ	اِصْحَبْ تو ساتھ رہ	اِشْهَدْ تو گواہی دے
اِلْعَبْ تو کھیل	اُدْرُسْ تو پڑھ	اِخْلَعْ تو اتار	اِلْبَسْ تو پہن

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اے لڑکے! صبح نیند سے بیدار ہونے کے بعد مسجد جا۔	أَيُّهَا الْوَلَدُ! اِذْهَبْ إِلَى الْمَسْجِدِ بَعْدَ الإِسْتِيْقَاظِ مِنَ النَّوْمِ
2	اور اللہ کی عبادت کر اور نماز کے بعد قرآن پڑھ۔	وَاعْبُدِ اللهَ وَاقْرَءِ الْقُرْآنَ بَعْدَ الصَّلَاةِ.
3	ناشتہ تیار ہے، کھا اور پی اور جلدی سے مدرسہ جا۔	اَلْفُطُوْرُ جَاهِزٌ، كُلْ وَاشْرِبْ وَاذْهَبْ إِلَى الْمَدْرَسَةِ عَلَى الْفَوْرِ

		.
4	بستہ کھول اور کتاب پڑھ۔	اِفْتَح الْمِحْفَظَةَ وَاقْرَءِ الْقُرْآنَ .
5	کتاب لے اور اسے پڑھ۔	خُذِ الْكِتَابَ وَاقْرَءْهُ .
6	اے لوگو! نیکوں کے ساتھ رہو اور بدوں سے بچو۔	أَيُّهَا النَّاسُ ! اِصْحَبُوا الصَّالِحِيْنَ وَاحذَرُوا الْفَاسِقِيْنَ .
7	قرآن پڑھو اور اسے اچھی طرح سمجھو۔	وَاقْرَءُوا الْقُرْآنَ وَافْهَمُوْهُ جَيِّدًا .
8	اپنے ہاتھ دھوؤ اور کھانا کھاؤ اور اللہ کا شکر ادا کرو۔	وَاغْسِلُوا اَيْدِيَكُمْ وَكُلُوا الطَّعَامَ وَاشْكُرُوا اللهَ .
9	اے لڑکو! پڑھو زیادہ اور کھیلو کم۔	أَيُّهَا الأَوْلَادُ! اِقْرَءُوْا كَثِيْرًا وَالْعَبُوا قَلِيْلًا .
10	اور ہمیشہ سچ بولو اور جھوٹ سے بچو کیونکہ جھوٹ بری عادت ہے۔	وَاصْدَقُوا دَائِمًا وَاحْذَرُوا الْكِذْبَ لِأَنَّهُ عَادَةٌ مَذْمُوْمَةٌ .

درس (۱۶) امر حاضر مؤنث

كُلِيْ تو ایک مؤنث کھا	كُلْنَ تم سب مؤنث کھاؤ	خُذِيْ تو ایک مؤنث پکڑ	خُذْنَ تم سب مؤنث پکڑو
إِفْعَلِيْ تو ایک مؤنث کر	إِفْعَلْنَ تم سب مؤنث کرو	أُنْظُرِيْ تو ایک مؤنث دیکھ	أُنْظُرْنَ تم سب مؤنث دیکھو
أُقْعُدِيْ تو ایک مؤنث بیٹھ	أُقْعُدْنَ تم سب مؤنث بیٹھو	أُرْقُدِيْ تو ایک مؤنث سو	أُرْقُدْنَ تم سب مؤنث سوؤ

يَا بِنْتِيْ! أُنْظُرِيْ إِلَيَّ وَ اسْمَعِيْ نَصِيْحَتِيْ وَ اعْمَلِيْ بِهَا . أَلَا إِنَّ صُحْبَةَ الْبَنَاتِ الصَالِحَاتِ نَافِعَةٌ وَ صُحْبَةَ الْفَاسِقَاتِ ضَارَّةٌ فَا صْحَبِيْ الْبَنَاتِ الصَالِحَاتِ وَاحْذَرِى الْفَاسِقَاتِ. إِعْمَلِيْ عَمَلًا صَالِحًا وَ اعْلَمِيْ أَنَّ اللهَ رَبِّيْ وَ رَبُّكِ فَا عْبُدِيْهِ وَ اذْكُرِ يْهِ بُكْرَةً وَ أَصِيْلًا وَ اشْكُرِيْ لَهُ عَلٰى نَعْمَائِهٖ وَ هُوَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ . يَا بَنَاتِ الْإِسْلَامِ ! إِحْذَرْنَ الْفُحْشَ وَ خُذْنَ طَرِيْقَ الْحَيَاءِ فَإِنَّ الْحَيَاءَ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ. إِحْذَرْنَ الْحَسَدَ فَإِنَّ الْحَسَدَ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ. إِفْعَلْنَ الْخَيْرَ وَا أْمُرْنَ بِالْمَعْرُوْفِ.

ترجمہ:

اے میری بیٹی! تو مجھے دیکھ اور میری نصیحت سن اور اس پر عمل کر۔ خبر دار! بیشک نیک لڑکیوں کی صحبت نفع بخش ہے اور بری لڑکیوں کی صحبت نقصان دہ ہے پس تو نیک لڑکیوں کی صحبت اختیار کر اور بری لڑکیوں سے بچ۔ تو نیک عمل کر اور تو جان لے یقیناً اللہ تعالی میرا اور تیرا رب ہے تو اس کی عبادت کر اور صبح و شام اس کا ذکر کر اور اس کی نعمتوں پر اس کا شکر ادا کر اور وہی بھلائی فرمانے والا جاننے والا ہے۔ اے اسلام کی بیٹیو! تم برے کام سے بچو اور حیاء کا راستہ اختیار کرو۔ کیونکہ حیاء ایمان کا ایک شعبہ ہے۔ تم حسد سے بچو کیونکہ حسد اچھائیوں کو کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔ تم بھلائی کرو اور اچھائی کا حکم دو۔

حل لغات: نَعْمَاءٌ: نعمتیں، واحد نِعْمَةٌ ۔ اَلْفَحْشُ: قبیح قول، جمع فَوَاحِشُ ۔ اَلْحَسَدُ : حسد کرنا، جمع حُسُوْدٌ ۔ اَلنَّارُ: آگ جمع مکسر نِيْرَانٌ ۔ اَلْحَطَبُ: لکڑی، جمع حُطُبٌ ۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اے میری بیٹی! یہاں تو کیوں بیٹھی ہے؟	يَا بِنْتِي! لِمَاذَا أَنْتِ جَالِسَةٌ هٰهُنَا؟
2	اٹھ اور اپنی جماعت میں داخل ہو اور اپنا سبق پڑھ۔	اِنْهَضِي وَادْخُلِي فِي صَفِّكِ وَاقْرَئِيْ دَرْسَكِ .

3	چھٹی کے بعد اپنے گھر لوٹ اور مدرسہ کا ڈریس اتار اور گھر کا لباس پہن۔	وَارْجِعِي إِلٰى بَيْتِكِ بَعْدَ الْعُطْلَةِ وَاخْلَعِي ثِيَابَ الْمَدْرَسَةِ وَالْبَسِيْ لِبَاسَ الْبَيْتِ .
4	پھر اپنے ہاتھ دھو اور کھانا کھا۔	ثُمَّ اغْسِلِي أَيْدِيَكِ وَكُلِي الطَّعَامَ .
5	کھانے سے فارغ ہونے کے بعد تھوڑی دیر آرام کر۔	ثُمَّ ارْقُدِي قَلِيْلًا بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الطَّعَامِ .
6	اے میری بیٹیو! غیبت اور چغل خوری سے ہمیشہ بچو۔	يَا بَنَاتِيْ ! اِحْذَرْنَ الْغِيْبَةَ وَالنَّمِيْمَةَ دَائِمًا .
7	صبح و شام اللہ کو یاد کرو۔	أُذْكُرْنَ اللهَ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا .
8	کیونکہ اللہ کی یاد دل کی زندگی ہے۔	لِأَنَّ ذِكْرَ اللهِ حَيَاةُ الْقَلْبِ .
9	بد عورتوں سے بچو اور نیکوں کے ساتھ رہو۔	اِحْذَرْنَ الْفَاسِقَاتِ اِصْحَبْنَ الصَّالِحَاتِ
10	کیونکہ نیک عورتوں کی صحبت تمہیں نیک بنادے گی۔	لِأَنَّ صُحْبَةَ الصَّالِحَاتِ تَجْعَلُكُنَّ صَالِحَاتٍ .
11	اپنی ماؤں کی نصیحت سنو اور اس پر عمل کرو۔	اِسْمَعْنَ نَصِيْحَةَ أُمَّهَاتِكُنَّ وَاعْمَلْنَ بِهَا .
12	کیونکہ نیک مائیں ہمیشہ بھلائی کا حکم دیتی ہیں نہ کہ برائی کا۔	لِأَنَّ الأُمَّهَاتِ الصَّالِحَاتِ يَأْمُرْنَ الْخَيْرَ دَائِمًا لَا السَّيِّئَةَ .
13	لباس تقوی پہنو یعنی: حیا اختیار کرو اور بے حیائی سے بچو۔	إِلْبَسْنَ لِبَاسَ التَّقْوٰي اَعْنِي اِلْزَمْنَ الْحَيَاءَ وَاحْذَرْنَ الْفَحْشَ .
14	کیونکہ بے حیائی تمھارے لیے دنیا و آخرت میں رسوائی ہے۔	فَإِنَّ الْفَحْشَ خِذيٌ لَكُنَّ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ .

درس(۱۷)حاضر مذکر(واحد و جمع)

لَا تَكْذِبْ توجھوٹ مت بول	لَا تَجْعَلْ تومت بنا	لَا تَدْخُلْ تو داخل مت ہو	لَا تَكْسَلْ توسستی مت کر
لَا تَكْذِبُوْا تم سب جھوٹ مت بولو	لَا تَجْعَلُوْا تم سب مت بناؤ	لَا تَدْخُلُوْا تم سب داخل مت ہو	لَا تَكْسَلُوْا تم سب سستی مت کرو
لَا تضرِبْ تومت مار	لَا تَذْهَبْ تومت جا	لَا تَسْجُدْ توسجدہ مت کر	لَا تَلْعَبْ تومت کھیل
لَا تَجْلِسْ تومت بیٹھ	لَا تَقْرَبْ توقریب نہ جا	لَا تَعْبُدْ توعبادت نہ کر	لَا تَمْزَحْ تومذاق مت کر
لَا تَظْلِمْ توظلم نہ کر	لَا تَصْحَبْ تودوستی مت کر	لَا تَنْظُرْ تومت دیکھ	لَا تَضْحَكْ تومت ہنس

أَيُّهَا الْوَلَدُ الصَّالِحُ ! لَا تَقْرَبْ أَهْلَ الْبِدَعِ وَلَا تَقْعُدْ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ وَلَا تَصْحَبِ الْكَافِرِيْن فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ وَ صُحْبَتُهُمْ ضَارَّةٌ جِدًّا. لَا تَضْحَكْ كَثِيْرًا وَلَا تَمْزَحْ وَلَا تَظْلِمْ أَحَدًا وَلَا تَكْذِبْ أَبَدًا. بَلِ اصْدُقْ دَائِمًا. أَيُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ ! لَا تَغْفُلُوْا عَنْ ذِكْرِ اللهِ وَلَا تَتْرُكُوْا الصَّلٰوةَ أَبَدًا وَلَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّاسِ بِدُوْنِ إِذْنِهِمْ وَلَا تَجْلِسُوْا مَجَالِسَ الْفُجَّارِ . أَيُّهَا الْيَهُوْدُ ! لَا تَلْبِسُوْا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَلَا تَكْتُمُوْا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ وَلَا تَقْتُلُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ .

ترجمہ:
اے نیک لڑکے! تو بدعت والے کے قریب مت ہو اور نہ تو ظلم کرنے والی قوم کے ساتھ اور تو کافروں کو دوست مت رکھ کیونکہ وہ ظالم ہیں اور ان کی صحبت زیادہ نقصان دہ ہے۔ تو زیادہ مت ہنس اور نہ مذاق کر اور نہ کسی پر ظلم کر، نہ ہی کبھی جھوٹ بول، بلکہ ہمیشہ سچ بول۔
اے مسلمانوں! اللہ تعالی کے ذکر سے غافل مت ہو اور تم کبھی بھی نماز مت چھوڑو اور لوگوں کے گھروں میں ان کی اجازت کے بغیر داخل مت ہو اور تم فاجروں کی مجالس میں نہ بیٹھو۔ اے یہودیو! تم حق کو باطل سے مت ملاؤ اور نہ ہی حق کو چھپاؤ حالانکہ تم جانتے ہو اور نہ ہی تم مسلمانوں کو بغیر حق کے قتل کرو۔

حل لغات: فُجَّارٌ: بدکار لوگ، بدکاری لوگ، واحد فَاجِرٌ۔ لَا تَمْزَحْ: تو مذاق مت کر، فعل نہی واحد مذکر حاضر (ف) (مادہ مزح، صحیح)۔ لَا تَظْلِمْ: تو ظلم نہ کر، فعل نہی صیغہ واحد مذکر حاضر (ض) (مادہ ظلم، صحیح)۔ لَا تَقْعُدْ: تو نہ بیٹھ، فعل نہی صیغہ واحد مذکر حاضر (ن) (مادہ قعد، صحیح)۔ لَا تَغْفُلُوا: تم غافل نہ ہو، فعل نہی صیغہ جمع مذکر حاضر، (ن) (مادہ غفل، صحیح)۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اے مرد صالح! فسّاق وفجار سے دوستی مت کر۔	اَيُّهَا الرَّجُلُ الصَّالِحُ! لَا تَصْحَبِ الْفُسَّاقَ وَالْفُجَّارَ.
2	اپنے بڑوں کے سامنے ادب سے بیٹھ نہ ہنس اور نہ دل لگی کر۔	اِجْلِسْ أَمَامَ أَكَابِرِكَ بِالْأَدَبِ، لَا تَضْحَكْ وَلَا تَمْزَحْ.
3	اے لوگو! یتیموں کے اموال ناحق مت کھاؤ۔	أَيُّهَا النَّاسُ! لَا تَأْكُلُوا اَمْوَالَ الْيَتَامٰى بِغَيْرِ الْحَقِّ.
4	اللہ کے ساتھ دوسرے معبود نہ	لَا تَجْعَلُوا مَعَ اللهِ اِلٰهًا آخَرَ.

	بناؤ۔	
5	چانداور سورج کو سجدہ نہ کرو۔	لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ .
6	بتوں کی پوجا مت کرو۔	لَا تَعْبُدُوا الأَصْنَامَ .
7	جھوٹ مت بولو۔	لَا تَكْذِبُوا .
8	اے لڑکو! مدرسہ دیر سے مت جاؤ۔	أَيُّهَا الأَوْلَادُ! لَا تَذْهَبُوا إِلَى الْمَدْرَسَةِ بِالتَّاخِيْرِ .
9	پڑھنے میں کاہلی نہ کرو۔	لَا تَكْسَلُوا فِي الْقِرَاءَةِ.
10	پڑھنے کے وقت مت کھیلو۔	لَا تَلْعَبُوا وَقْتَ الْقِرَاءَةِ.
11	اور جب گھروں کو لوٹو(تو) ادھر اُدھر مت دیکھو۔	وَلَا تَنْظُرُوا يَمِيْنًا وَشِمَالًا مَا عِنْدَ رُجُوْعِ الْبَيْتِ .
12	خوامخواہ بازار مت جاؤ اور نہ وہاں بیٹھو۔	لَا تَذْهَبُوا إِلَى السُّوْقِ بِغَيْرِ فَائِدَةٍ وَلَا تَجْلِسُوا هُنَاكَ .

درس(۱۸) نہی حاضر مؤنث (واحد و جمع)

لَا تَكْفُرِيْ تو کفر نہ کر	لَا تَسْجُدِيْ تو سجدہ نہ کر	لَا تَرْكَعِيْ تو رکوع مت کر	لَا تَكْذِبِيْ تو جھوٹ نہ بول
لَا تَجْعَلِيْ تو مت بنا	لَا تَظْلِمِيْ تو ظلم مت کر	لَا تَقْرَبِيْ تو قریب نہ ہو	لَا تَغْفُلِيْ تو غافل مت ہو
لَا تَخْرُجِيْ تو مت نکل	لَا تَقْنُتِيْ تو فرماں بردار مت ہو	لَا تَأْكُلِيْ تو نہ کھا	لَا تَشْرَبِيْ تو مت پی
لَا تَقْعُدْنَ	لَا تَرْغَبْنَ	لَا تَسْئَلْنَ	لَا تَكْسَلْنَ

تم سب مؤنث مت بیٹھو	تم رغبت نہ کرو	تم نہ پوچھو	تم سستی نہ کرو

أَيَّتُهَا الْبِنْتُ ! لَا تَقْنُتِيْ لِأَحَدٍ وَلَا تَسْجُدِيْ وَلَا تَرْكَعِيْ بَلِ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَ اسْجُدِيْ وَ ارْكَعِيْ وَ اعْلَمِيْ أَنَّمَا هُوَ إِلٰهٌ وَاحِدٌ فَا عْبُدِيْهِ وَلَا تَجْعَلِيْ مَعَهٗ إِلٰهًا اٰخَرَ وَ اذْكُرِ يْهِ وَ اشْكُرِيْ لَهٗ وَلَا تَكْفُرِ يْهِ. هٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيْمٌ وَلَكِ فِيْهِ فَوْزٌ عَظِيْمٌ.

أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ ! إِعْلَمْنَ صَالِحًا وَلَا تَقْرَبْنَ الْفَحْشَاءَ وَالْمُنْكَرَ وَ اعْبُدْنَ اللّٰهَ وَ اشْكُرْنَ لَهٗ وَلَا تَكْفُرْنَ بِهٖ. إِعْمَلْنَ أَنَّ الْحِجَابَ وَاجِبٌ عَلَيْكُنَّ فَلَا تَخْرُجْنَ مِنَ الْبُيُوْتِ بِدُوْنِ حِجَابٍ وَلَا بِدُوْنِ إِذْنٍ وَ اعْمَلْنَ بِنَصَائِحِ الْأُمَّهَاتِ وَلَا تَغْفُلْنَ عَنْهَا.

ترجمہ:

اے لڑکی! تو کسی کی فرماں برداری مت کر اور نہ ہی سجدہ کر اور نہ رکوع کر، بلکہ اپنے رب کی فرماں برداری کر اور سجدہ کر اور رکوع کر اور تو جان لے بیشک وہ ایک خدا ہے پس تو اسی کی عبادت کر اور اس کے ساتھ دوسرا معبود نہ بنا اور اس کا شکر ادا کر اور اس کا انکار مت کر یہی سیدھا راستہ ہے اور تیرے لیے اس میں بڑی کامیابی ہے۔

اے لڑکیو! نیک کام کرو اور برے کاموں کے قریب نہ جاؤ اور تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کا شکر ادا کرو اور اس کا انکار نہ کرو۔ تم جان لو بیشک تم پر پردہ واجب ہے پس تم گھروں سے باہر نہ نکلو بغیر پردہ کے اور نہ ہی بغیر اجازت کے اور ماؤوں کی نصیحتوں پر عمل کرو اور ان سے غفلت نہ کرو ۔

حل لغات: لَا تَكْفُرِي: تو کفر نہ کر، فعل نہی حاضر معروف واحد مؤنث حاضر (ض)(مادہ کفر، صحیح)۔ لَا تَكْسَلْنَ: تم سستی نہ کرو، فعل نہی حاضر معروف صیغہ جمع مؤنث حاضر (س)(مادہ کسل، صحیح)۔ اَلْحِجَابُ: پردہ، جمع مکسر اَحْجَابٌ۔ اَلنَّصَائِحُ: نصیحتیں، واحد

نَصِیْحَۃٌ ۔لَا تَرْغَبْنَ: تم رغبت نہ کرو ، فعل نہی حاضر صیغہ جمع مؤنث حاضر (س)(مادہ رغب، صحیح)۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اے لڑکی! کتاب وسنت پر عمل کر۔	أَیَّتُھَا الْبِنْتُ ! اِعْمَلِي الْکِتَابَ وَالسُّنَّۃَ .
2	باریک لباس مت پہن۔	لَا تَلْبَسِي الثَّوْبَ الرَّقِیْقَ .
3	گھر سے بے پردہ مت نکل۔	لَا تَخْرُجِي مِنَ الْبَیْتِ بِغَیْرِ حِجَابٍ .
4	کسی پر ظلم مت کر۔	لَا تَظْلِمِي أَحَدًا .
5	اللہ کی عبادت سے غافل مت ہو۔	لَا تَغْفُلِي عِبَادَۃَ اللہِ .
6	نماز کبھی مت چھوڑ۔	لَا تَتْرُکِي الصَّلَاۃَ اَبَدًا.
7	اللہ کے ذکر سے روگردانی مت کر۔	لَا تَعْرِضِي عَنْ ذِکْرِ اللہِ .
8	کسی حال میں اللہ کی ناشکری مت کر	لَا تَکْفُرِي اللہَ فِي حَالٍ .
9	اے لڑکیو! قرآن پڑھو اور اس کی تعلیم پر عمل کرو اور اس سے منھ نہ موڑو۔	اَیُّھَا الْبَنَاتُ ! اِقْرَأنَ الْقُرْآنَ وَاعْمَلْنَ تَعْلِیْمَہٗ وَلَا تَعْرِضْنَ عَنْہُ .
10	بزرگ عورتوں سے دل لگی نہ کرو اور ان پر مت ہنسو۔	لَا تَمْزَحْنَ النِّسَاءَ الْکَبِیْرَۃَ وَلَا تَضْحَکْنَ عَلَیْھَا .
11	صبح وشام اللہ کو یاد کرو اور کبھی اس کے ذکر سے غافل مت ہو۔	اُذْکُرْنَ اللہَ بُکْرَۃً وَاَصِیْلًا وَلَا تَغْفُلْنَ عَنْ ذِکْرِہٖ اَبَدًا .

ابواب واوزان کو سمجھو اور مضارع سے امر ونہی بنا کر اپنے استاد کو دکھاؤ

باب نصر

مضارع	امر	نہی	امر کا ترجمہ	نہی کا ترجمہ
يَبْسُطُ	أُبْسُطْ	لَا تَبْسُطْ	تو بچھا	تو نہ بچھا
يَخْرُجُ	أُخْرُجْ	لَا تَخْرُجْ	تو نکل	تو نہ نکل
يَدْخُلُ	أُدْخُلْ	لَا تَدْخُلْ	تو داخل ہو	تو نہ داخل ہو
يَعْبُدُ	أُعْبُدْ	لَا تَعْبُدْ	تو عبادت کر	تو عبادت مت کر
يَتْرُكُ	أُتْرُكْ	لَا تَتْرُكْ	تو چھوڑ	تو نہ چھوڑ
يَرْقُدُ	أُرْقُدْ	لَا تَرْقُدْ	تو آرام کر	تو آرام نہ کر
يَذْكُرُ	أُذْكُرْ	لَا تَذْكُرْ	تو یاد کر	تو یاد نہ کر
يَنْظُرُ	أُنْظُرْ	لَا تَنْظُرْ	تو دیکھ	تو نہ دیکھ

باب ضرب

مضارع	امر	نہی	امر کا ترجمہ	نہی کا ترجمہ
يَلْبِسُ	إِلْبِس	لَا تَلْبِسْ	تو پہن	تو نہ پہن
يَجْلِسُ	إِجْلِسْ	لَا تَجْلِسْ	تو بیٹھ	تو نہ بیٹھ
يَغْسِلُ	إِغْسِلْ	لَا تَغْسِلْ	تو دھو	تو نہ دھو
يَحْمِلُ	إِحْمِلْ	لَا تَحْمِلْ	تو اٹھا	تو نہ اٹھا
يَخْدِمُ	إِخْدِمْ	لَا تَخْدِمْ	تو خدمت کر	تو خدمت نہ کر

باب فتح				
مضارع	امر	نہی	امر کا ترجمہ	نہی کا ترجمہ
يَخْلَعُ	إخْلَعْ	لَا تَخْلَعْ	تو اتار	تو مت اتار
يَقْرَأُ	إقْرَأْ	لَا تَقْرَأْ	تو پڑھ	تو مت پڑھ
يَمْزَحُ	إمْزَحْ	لَا تَمْزَحْ	تو مذاق کر	تو مذاق نہ کر
يَذْهَبُ	إذْهَبْ	لَا تَذْهَبْ	تو جا	تو مت جا

باب سمع				
مضارع	امر	نہی	امر کا ترجمہ	نہی کا ترجمہ
يَحْذَرُ	إحْذَرْ	لَا تَحْذَرْ	تو بچ	تو مت بچ
يَلْبَسُ	إلْبَسْ	لَا تَلْبَسْ	تو پہن	تو مت پہن
يَلْعَقُ	إلْعَقْ	لَا تَلْعَقْ	تو چاٹ	تو مت چاٹ
يَكْسَلُ	إكْسَلْ	لَا تَكْسَلْ	تو سستی کر	تو سستی مت کر

درس (۱۹)

مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْم

إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوْفٌ رَحِيْمٌ [پارہ ۲، البقرہ ۵۰] ۞ إِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۞ أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞ يٰأَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ أَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۞ يٰأَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَ تَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ أَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۞ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۞ لَا تَعْلَمُوْنَهُمُ اللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۞ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ لَهُ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِنْ

دُوْنِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۝ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ۝ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَأْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ أَلَا إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ إِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝

ترجمہ:

بیشک اللہ آدمیوں پر بہت مہربان (رحم) والا ہے۔ بیشک اللہ کی رحمت نیکوں سے قریب ہے۔ سن لو بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ ہی کچھ خوف ہے اور نہ ہی نہ کچھ غم۔ اے کتابیو! تم اللہ کی آیتوں سے کیوں کفر کرتے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو۔ اے کتابیو حق میں باطل کیوں ملاتے ہو اور حق کیوں چھپاتے ہو حالانکہ تمہیں خبر ہے۔ اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں جانتا ہے۔ کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ تعالی سب کچھ کر سکتا ہے۔ کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور اللہ کے سوا تمھارا نہ کوئی حمایتی ہے نہ مددگار۔ اور نہیں ہے نصرت مگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ غم نہ کھا بیشک اللہ تعالی ہمارے ساتھ ہے۔ اور اسی کے پاس ہیں کنجیاں غیب کی انہیں وہی جانتا ہے۔ اور اس نے ہر چیز پیدا کی اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔ کیا انہیں خبر نہیں کہ اللہ تعالی ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور صدقے خود اپنے دست قدرت میں لیتا ہے اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ بیشک اللہ لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا ہاں لوگ ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ سن لو بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر ان میں اکثر کو خبر نہیں۔ بیشک میرا اور تمھارا رب (پروردگار) اللہ تعالیٰ ہے۔ تو تم اسی کو پوجو یہ ہے سیدھا راستہ

حل لغات: لَا يَحْزَنُوْنَ: وہ رنجیدہ نہیں ہوتے ہیں، فعل مضارع منفی معروف صیغہ جمع مذکر غائب (س)(مادہ حزن، صحیح)۔ تَعْلَمُوْنَ: تم جانتے ہو، فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (س)(مادہ علم، صحیح)۔ تَلْبِسُوْنَ: تم التباس کرتے ہو، فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر

حاضر (ض)(مادہ لبس، صحیح)۔تَکْتُمُوْنَ: تم چھپاتے ہو، فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر حاضر (ن)(مادہ کتم، صحیح)۔یَظْلِمُوْنَ: وہ ظلم کرتے ہیں، فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب، (ض)(مادہ ظلم، صحیح)۔مَفَاتِیْحُ: چابیاں، واحد مِفْتَاحٌ۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	اے لوگو! کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ تعالی ایک ہے ؟	اَیُّهَا النَّاسُ ! هَلْ تَشْهَدُوْنَ أَنَّ اللهَ وَاحِدٌ؟
2	ہاں! ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالی ایک ہے۔	نَعَمْ ! نَشْهَدُ أَنَّ اللهَ وَاحِدٌ .
3	کیا تم گواہی دیتے ہو کہ سیدنا محمد مصطفے ﷺ اللہ کے رسول اور اس کے بندے ہیں ؟	هَلْ تَشْهَدُوْنَ أَنَّ سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ وَعَبْدُهٗ ؟
4	کیا تم جانتے ہو کہ اسلام دین حق ہے ؟	هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ الإِسْلَامَ دِیْنٌ حَقٌّ؟
5	ہاں جی! ہم جانتے ہیں کہ اسلام دین حق ہے۔	نَعَمْ ! نَعَلَمُ أَنَّ الإِسْلَامَ دِیْنٌ حَقٌّ .
6	کتابی (اہل کتاب) حق کو چھپاتے ہیں اور اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہیں۔	إِنَّ أَهْلَ الْکِتَابِ یَکْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ یَکْفُرُوْنَ آیَاتِ اللهِ .
7	اے لوگو! اللہ کی عبادت کرو اور لوگوں پر ظلم نہ کرو۔	اَیُّهَا النَّاسُ ! اُعْبُدُوا اللهَ وَلَا تَظْلِمُوا النَّاسَ .

درس(۲۰)افعال معتل فاواوی از ثلاثی مجرد
(یعنی: شروع میں واؤ والے تین حرفی فعل)

وَجَدَ، يَجِدُ	وَقَفَ، يَقِفُ	وَصَلَ، يَصِلُ
وَدَعَ، يَدَعُ	وَقَعَ، يَقَعُ	وَضَعَ، يَضَعُ

فَيْصَلٌ يَصِلُ كُلَّ يَوْمٍ إِلٰى مَصْنَعِ الدَّرَّاجَاتِ فِي الْمَوْعِدِ وَ يَعْمَلُ فِيْهِ . لَا يَقِفُ فِي الطَّرِيْقِ فِيْ مَكَانٍ . يَضَعُ أَوَّلًا حَقِيْبَتَهٗ عَلَى الدَّرَّاجَةِ ثُمَّ يَرْكَبُهَا وَ يَذْهَبُ إِلَى الْمَصْنَعِ . وَهُنَاكَ يَدَعُ دَرَّاجَتُهٗ فِي الْبَابِ وَحَقِيْبَتَهٗ فِي الصُّوَانِ ثُمَّ يَبْدَأُ عَمَلَهٗ وَ يَصْنَعُ الدَّرَّاجَتَيْنِ فِيْ سَاعَةٍ وَيَجِدُ أُجْرَةُ عَمَلِهٖ. ذَاتَ يَوْمٍ وَقَعَتْ لَهٗ حَادِثَةٌ فِي الطَّرِيْقِ ، صَدَمَتْهُ السَّيَّارَة فَسَقَطَتْ دَرَّاجَتُهٗ عَلَى الْأَرْضِ وَهُوَ جُرِحَ جَرِيْحًا شَدِيْدًا.

أَلَا إِنَّ فِيْ هٰذَا الطَّرِيْقِ تَقَعُ الْحَادِثَاتُ كَثِيْرَةٌ لِأَنَّهٗ مُزْدَحِمٌ جِدًّا.

ترجمہ:

فیصل ہر دن سائکلوں کے کارخانہ میں وقت متعیّن پر پہنچتا ہے اور اس میں کام کرتا ہے۔وہ راستہ میں کسی جگہ کھڑا نہیں ہوتا ہے۔ پہلے اپنے بیگ کو سائکل پر رکھتا ہے پھر اس پر سوار ہوتا ہے اور کارخانہ تک جاتا ہے۔ وہاں اپنی سائکل کو دروازہ میں کھڑی کرتا ہے اور اپنے بیگ کو الماری میں رکھتا ہے۔ پھر اپنا کام شروع کرتا ہے، اور ایک گھنٹہ میں دو سائکلیں بناتا ہے، اور اپنے کام کی اجرت پاتا ہے۔ایک دن راستہ میں اس کو حادثہ پیش آیا کار نے اس کو ٹکر ماردی پس اس کی سائکل زمین پر گر گئی اور وہ سخت زخم شدہ ہوگیا۔ خبردار اس راستہ میں بہت زیادہ حادثہ واقع ہوتے ہیں، کیونکہ وہ راستہ بہت زیادہ بھیڑ والا ہے۔

حل لغات: مَصْنَعٌ: کارخانہ ،جمع مکسر مَصَانِعُ ۔يَصِلُ: وہ پہنچتا ہے ،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ض)(مادہ وصل، مثال واوی)۔يَدَعُ: وہ چھوڑتا ہے، یا

کھڑا کرتا ہے ،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ف)(مادہ ودع،مثال واوی)۔اَلْحَادِثَاتُ:حادثے۔صَدَمَتْ:اس نے ٹکر مار دی،فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب(ض)(مادہ صدم،صحیح)۔یَضَعُ :وہ رکھتا ہے،فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (ف)(مادہ وضع،مثال واوی) ۔وَقَعَتْ: واقع ہوئی ،فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب(ف)(مادہ،مثال واوی)۔حَقِیْبَةٌ:بیگ،جمع مکسر حَقَائِبُ۔صِوَانٌ:الماری،کتابیں رکھنے کی جگہ،جمع مکسر اَصْوِنَةٌ۔

سوالات جوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ يَّصِلُ إِلَى الْمَصْنَعِ ؟	فَيْصَلْ يَصِلُ إِلَى الْمَصْنَعِ .
2	مَتٰى يَصِلُ ؟	يَصِلُ فِي الْمَوْعِدِ .
3	لِمَاذَا يَصِلُ ؟	يَصِلُ لِلْعَمَلِ فِيْهِ .
4	أَيْنَ يَضَعُ الْحَقِيْبَةَ ؟	يَضَعُ الْحَقِيْبَةَ عَلَى الدَّرَّاجَةِ .
5	وَأَيْنَ يَدَعُ الدَّرَّاجَةَ؟	يَدَعُ الدَّرَّاجَةَ فِي الْبَابِ .
6	لِمَاذَا تَقَعُ الْحَادِثَةُ عَادَةً فِيْ هٰذَا الطَّرِيْقِ ؟	لِأَنَّهُ مُزْدَحِمٌ جِدًّا.
7	أَتَقِفُ فِي الطَّرِيْقِ يَا فَيْصَلُ ؟	لَا أَقِفُ هٰذَا الطَّرِيْقَ .
8	أَتَجِدُ أُجْرَةَ عَمَلِكَ ؟	نَعَم! اَجِدُ أُجْرَةَ عَمَلِكَ .
9	كَمْ دَرَّاجَةً يَصْنَعُ فِي سَاعَةٍ؟	يَصْنَعُ دَرَّاجَتَيْنِ فِي سَاعَةٍ .

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	کیا کلثوم روزانہ وقت پر مدرسہ	أَتَصِلُ كُلْثُوْم كُلَّ يَوْمٍ إِلَى

	پہنچتی ہے؟	الْمَدْرَسَةِ فِي الْمِيْعَادِ .
2	جی ہاں!وہ روزانہ وقت پر مدرسہ پہنچتی ہے۔	نَعَمْ ! تَصِلُ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الْمِيْعَادِ .
3	اور جب وہ اپنے کلاس میں داخل ہوتی ہے ۔	وَلَمَّا تَدْخُلُ فِي صَفِّهَا .
4	اپنا بستہ میز پر رکھتی ہے اور اپنا سبق پڑھتی ہے۔	تَضَعُ حَقِيْبَتَهَا عَلَى الطَّاوِلَةِ وَتَقْرَأُ دَرْسَهَا .
5	وہ مدرسہ سے گھر کب پہنچتی ہے؟	مَتٰى تَصِلُ إِلَى الْبَيْتِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ ؟
6	وہ دوپہر میں ایک بجے پہنچتی ہے۔	تَصِلُ فِي السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ ظُهْرًا .
7	مزدور کب کارخانے جاتے ہیں؟	مَتٰى يَذْهَبُ الْعُمَّالُ إِلَى الْمَصْنَعِ ؟
8	وہ صبح سات بجے کارخانے جاتے ہیں اور جب کارخانے پہنچتے ہیں	يَذْهَبُوْنَ إِلَى الْمَصْنَعِ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ صَبَاحًا وَعِنْدَمَا يَصِلُوْنَ إِلَى الْمَصْنَعِ
9	اپنی سائیکلوں کو گیٹ میں چھوڑتے ہیں اور بیگوں کو الماری میں	يُقِيْمُوْنَ دَرَّاجَاتِهِمْ فِي الْبَابِ وَ يَضَعُوْنَ حَقَائِبَهُمْ فِي الصِّوَانِ
10	پھر اپنے کام میں لگ جاتے ہیں۔	ثُمَّ يَشْتَغِلُوْنَ بِعَمَلِهِمْ .
11	اے لوگو!کیا تم اسلام کے بارے میں کوئی نئی کتاب اس لائبریری میں پاتے ہو؟	أَيُّهَا النَّاسُ ! هَلْ تَجِدُوْنَ كِتَابًا جَدِيْدًا عَنِ الإِسْلَامِ فِي هٰذِهِ الْمَكْتَبَةِ ؟
12	جی ہاں!ہم دو نئی کتابیں پاتے ہیں۔	نَعَمْ ! نَجِدُ كِتَابَيْنِ جَدِيْدَيْنِ .

درس (۲۱) امر ونہی (شروع میں واؤ والے تین حرفی)

صِلْنَ تم سب مؤنث پہنچو	صِلِیْ تو ایک مؤنث پہنچ	صِلُوْا تم پہنچو	صِلْ تو پہنچ
لَا تَقِفْنَ تم سب مؤنث نہ کھڑی ہو،نہ رکو	لَا تَقِفِیْ تو ایک مؤنث نہ کھڑی ہو،نہ ٹھہر	لَا تَقِفُوْا تم نہ ٹھہرو،نہ کھڑے ہو	لَا تَقِفْ تو نہ رک،نہ کھڑا ہو
دَعْنَ تم مؤنث چھوڑو	دَعِیْ تو ایک مؤنث چھوڑ	دَعُوْا تم چھوڑو	دَعْ تو چھوڑ
لَا تَضَعْنَ تم سب مؤنث نہ رکھو	لَا تَضَعِیْ تو ایک مؤنث نہ رکھ	لَا تَضَعُوْا تم نہ رکھو	لَا تَضَعْ تو نہ رکھ

الأخت: اَیُّهَا الْأَخُ النَّجِیْبُ! صِلْ إِلٰی مَوْقِفِ الْحَافِلَاتِ مِنْ فَوْرِكَ لَا تَقِفْ فِی الطَّرِیْقِ. هُنَاكَ سَتَجِدُ خَالِدًا فِیْ إِنْتِظَارِكَ.

الأخ: دَعِیْ، أَقْرَأُ الْقُرْآنَ الحَکِیْمَ*

الأخ: ایتها الأخت! ضَعِیْ کُتُبَكِ فِی الْمَحْفَظَةِ وَاذْهَبِیْ مِنْ فَوْرِكِ إِلَی الْمَدْرَسَةِ.

الأخت: دَعِیْنِیْ أَحْفَظُ دُرُوْسِیْ.

مدیر المصنع: اَیُّهَا الْأَخَوَانُ! لَا تَدْعُوْا ثِیَابَکُمْ هٰهُنَا بَلْ دَعُوْا فِی الصُّوَانِ وَأَبْدَؤُوْا عَمَلَکُمْ.

صانعوه: حَسَنًا، إِفْتَحْ لَنَا قُفْلَ الصُّوَانِ یَا سَیِّدَنَا! لِنَدَعَ ثِیَابَنَا فِیْهِ.

مدیر المصنع: قِفُوْا قَلِيْلًا ، أَنَا أَفْتَحُ السَّاعَةَ يَا إِخْوَتِيْ !

ترجمہ:

بہن: اے ذکی بھائی (شریف بھائی) تو جلدی سے بس اڈے پہنچ راستے میں نہ کھڑا ہو وہاں عنقریب تو خالد کو اپنے انتظار میں پائے گا۔

بھائی: چھوڑ، کہ میں قرآن حکیم پڑھوں گا۔

بھائی: اے بہن! اپنی کتابیں بستہ میں رکھ اور جلدی سے مدرسہ جا۔

بہن: مجھے چھوڑ میں اپنے اسباق یاد کروں گی۔

O

کارخانہ کا ناظم، مینجر، مہتمم): اے بھائیو! اپنے کپڑے یہاں نہ رکھو بلکہ الماری میں رکھو۔ اور اپنے کام شروع کرو۔

اس کے بنانے والے (مزدور): اے ہمارے مالک محترم برائے کرم ہمارے لیے الماری کا تالا کھول دیجیئے تاکہ ہم اپنے کپڑے اس میں رکھیں۔

کارخانہ کا ناظم: کچھ دیر ٹھہرو، اے میرے بھائیو میں گھنٹہ بھر میں کھولوں گا۔

حل لغات: حَافِلَاتٌ: بسیں جمع مؤنث سالم، واحد حَافِلَةٌ۔ صِوَانٌ: الماری، جمع اَصْوِنَةٌ۔ دَعْنَ: تم سب مؤنث چھوڑ دو، فعل امر صیغہ جمع مؤنث حاضر (ف) (مادہ ودع، مثال واوی)۔ صِلْنَ: تم سب مؤنث پہنچو، فعل امر جمع مؤنث حاضر (ض) (مادہ وصل، مثال واوی)۔ لَا تَقِفْنَ: تم نہ کھڑی ہو، فعل نہی جمع مؤنث حاضر (ض) (مادہ وقف، مثال واوی)۔ لَا تَضَعْ: تو نہ رکھ، فعل نہی واحد مذکر حاضر (ف) (مادہ وضع، مثال واوی)۔

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی
1	طالبات: محترمہ! درس گاہ کا دروازہ	اَلْمُتَعَلِّمَاتُ ! اِفْتَحِيْ لَنَا بَابَ

	بند ہے، اسے کھولیئے؟	اَلْفَصْل لِأَنَّهُ مُغْلَقٌ يَا سَيِّدَتَنَا!
2	مدرّسہ: اے بچیو! ذرا ٹھہرو میں ابھی اسے کھولتی ہوں۔	اَلْمُدَرِّسَةُ! أَيَّتُهَا الطَّالِبَاتُ قِفْنَ قَلِيْلًا أَنَا أَفْتَحُهُ الآنَ .
3	ساتھن: بہن! تو فوراً اپنے گھر پہنچ، راستے کہیں مت رکنا کیونکہ تیری ماں تیرے انتظار میں ہے۔	اَلزَّمِيْلَةُ: يَا أُخْتِي! صِلِيْ إِلىٰ بَيْتِكِ عَلىَ الْفَوْرِ لَا تَقِفِي فِي طَرِيقٍ لِأَنَّ أُمَّكِ فِي اِنْتِظَارِكِ.
4	ساجد: اے بھائی! ذرا ٹھہر؟	سَاجِد: يَا اَخِي! قِفْ قَلِيْلًا .
